بعون صانع بے کمین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

دیوان نعت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم من تصنیف جناب عامل و کامل حافظ الٰہی بخش صاحب بسمل رئیس میرٹھ

غنچۂ نور

۱۳۱۵ھ

بفرمایش تاج سخنوری گرانمایہ گوہر یکتائی فہیم شیخ عبدالرحیم صاحب عاقل خلف اکبر مصنف کتاب

در عزیز المطابع شہر میرٹھ واقع دروازہ شوراب باہتمام شیخ حکیم الدین زیور طبع پوشید

بار دوم ۲۰۰۰ جلد

قیمت فی جلد ۹/=

لا اله الا الله محمد رسول الله

الٰہی از تو عشقِ مصطفےٰ را	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	محمد از تو میخواہم خدا را

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد الذی کان کنز
مخفیا و اٰدم بین الماء والطین وعلی اٰلہ الطیبین الطاہرین واصحابہ الذین ہم
عماید الدین وذریاتہ اجمعین ۔ **اما بعد** راے معانی آرایان رنگین بیان پر واضح
ہو کہ جو کہ لکھنا اور پڑہنا اشعار حمد اور نعت کا سراسر سعادت اور باعث نزول فضل
ورحمت ہے ۔ بنا رعلیہ اس کمترین شیخ رحیم الدین متخلص بہ رحیم ساکن میرٹھ نے حضرت
حافظ **الٰہی بخش** صاحب **بسمل** سے استدعا کی کہ آپ اپنے کلام بلاغت نظام
سے جو غزلیات کہ نعت و حمد مین ہین بطرز دیوان فراہم فرماوے تاکہ مین اپنے قلم سے
لکھکر مشرف بسعادت ہون چنانچہ موصوف الیہ نے حسب استدعا راقم
غزلیات نعت و حمد کو اپنی نتایج طبع رنگین سے جمع فرماکر موسوم بہ **غنچۂ نور** ۱۳۱۵ھ
کیا یقین ہے کہ موجب شگفتگی غنچۂ خاطر ارباب سخن و عاشقان رسول زمن ہوگا

راقم ۔ شیخ رحیم الدین میرٹھی شاگرد رشید حضرت بسمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقطۂ کن فکان ہے بسم اللہ — مبدءِ این و آن ہے بسم اللہ

شوکتِ دو جہان ہے بسم اللہ — زینتِ لا مکان ہے بسم اللہ

شمع لاہوتیان ہے بسم اللہ — مجلسِ قدسیان ہے بسم اللہ

کھل رہے ہین گلہائے رنگارنگ — چمنِ دلستان ہے بسم اللہ

امرِ کُن شانِ نزول سے ثابت — بر سرِ عز و شان ہے بسم اللہ

جس سے کھلتے ہین قفلہائے اہم — وہ کلیدِ کلان ہے بسم اللہ

جلوہ گر ہے کلامِ ربِّ غفور — سرِ لوحِ قرآن ہے بسم اللہ

اہمِ شانِ مبین صدق یقین — طاعتِ جاودان ہے بسم اللہ

ابرِ رحمت وہان برستا ہے — پڑہتا انسان جہان ہے بسم اللہ

صفحۂ دل ہوا ہے بقعۂ نور — ایسی روشن بیان ہے بسم اللہ

دُرجِ امید دل مین ہو لب ریز — ایسی گوہر فشان ہے بسم اللہ

دل مین پیدا ہوا اثر سنکر — ایسی سحر البیان ہے بسم اللہ

ہر تکالیف و رنج و راحت میں — سچ ہے دار الامان ہے بِسمِ اللہ
ہے یہ ارشادِ مُرشدِ کامل — ہادیٔ لامکان ہے بِسمِ اللہ
خوب دیکھا اِدھر اُدھر ہر سو — ارض سے تا سمان ہے بِسمِ اللہ
حق پرستی اُنہیں کا حصہ ہے — جنکے وِردِ زُبان ہے بِسمِ اللہ
دیکھتے کیا ہو اے گُنہگارو — مغفرت کا نشان ہے بِسمِ اللہ

کیوں نہ **بسمل** جہاں میں ہو مُمتاز
لب سے ہر دم رواں ہے بِسمِ اللہ

السلام اے جلوۂ ربّ العُلا — السلام اے لمعۂ ذاتِ خدا
السلام اے شانِ شانِ کبریا — السلام اے قبلۂ حاجت [illegible]
السلام اے باعثِ ہر دو سرا — السلام اے موجبِ ارض و [illegible]
السلام اے شمعۂ نورُ الہُدیٰ — السلام اے رہنما [illegible]
السلام اے سایۂ ابرِ کرم — السلام اے [illegible] ذاتِ کبر[illegible]
السلام اے سرورِ عالی نسب — السلام اے فخرِ فخر[illegible]
السلام اے مُدّعائے آتشین — السلام اے شافعِ روزِ جز[illegible]
السلام اے مصدرِ لُطف و کرم — السلام اے مظہرِ جود و سخا
السلام اے مژدۂ عیش و طرب — السلام اے فرحتِ صبح و مسا
السلام اے کانِ جود و مغفرت — السلام اے گوہرِ لطف و عطا

السلام اے آمدِ فصلِ بہار — السلام اے نکہتِ باغِ دوجا

السلام اے اخترِ تابندہ عرش — السلام اے نیرِ اوجِ دنا

السلام اے کاشفِ اسرارِ حق — السلام اے واقفِ رمزِ خدا

السلام اے سیدِ جن و بشر — السلام اے حضرتِ خیر الورا

السلام اے تاجدارِ شش جہت — السلام اے خسروِ آفاقہا

ہو سلامِ بسمل اے مولا قبول
السلام ہے یہ سلامی آپ کا

اللہ اللہ یہ تری عظمت و رتبا تیرا — بارک اللہ شہا دیکھا تماشا تیرا

ہے لقد جاء تری شان تجمل کا نشان — سورۂ انا فتحنا ہے پھریرا تیرا

ے باعث ہوا مسجود ملایک آدم — طوقِ لعنت ہوا ابلیس کو سجدا تیرا

مز لولاک لما عزت و وقعت تیری — طرزِ انداز و ادا طور کا نقشا تیرا

ق تو یہ ہے نکھلا ہے نکھلیگا ہرگز — رمزِ معنٔے الف لام ہے عقدا تیرا

صحفِ رُخ ہے ترا نسخۂ قرآن مجید — شانِ وحدت شہ ذیشان سے ٹھنا تیرا

یہ من نور سے ظاہر ہوئی وسعت تیری — قابَ قوسین ہے اک گوشۂ ادنا تیرا

سرنگوں ہین ترے در پر ملک و جن و بشر — کلمہ پڑہتا ہے ہر اک ادنے و اعلے تیرا

شانِ احمد سے نمودار ہوئی شانِ احد — نقشۂ ذاتِ خدا بنگیا نقشا تیرا

مچگیا شور زمانے مین یصلّون علیہ — عالمِ قدس مین جسدم ہوا چرچا تیرا

کیون نہو دل کو جلا تیرے تصوّر سے شہا
جلوۂ ناز ہے اندازِ مصفّا تیرا

ظلمتِ کفر نے یک لخت اُٹھایا بستر
نور جب عالمِ امکان مین چمکا تیرا

رمزِ والنجم کھلی حافظِ قرآن پہ ترے
نقطۂ شمس ہوا خالِ سویدا تیرا

پاۓ اقدس سے ترے عرشِ معلّا ممتاز
دستِ موسیٰ سے مکمّل یدِ بیضا تیرا

ہے لگی در پہ ترے دیدۂ حسرت کی نگاہ
راستہ دیکھتی ہے چشمِ تمنّا تیرا

تا کجا زیرِ قفس دامِ محبت کا اسیر
تڑپے جون طائرِ بسمل ہے مرے مولا تیرا

چوم لون کیون نہ شہا کاتبِ تقدیر کے ہاتھ
لوگ کہتے ہین مجھے والہ و شیدا تیرا

خوب دیوان لکھا نعتِ نبی مین بسمل
گڑ گیا حشر کے میدان مین جھنڈا تیرا

پردۂ کُن مین نہان باعزّ و شان توہی تو تھا
زینتِ اوجِ مکانِ لامکان توہی تو تھا

درّۃ التاجِ سرِ امن و امان توہی تو تھا
ماہ رخسارِ زمین و آسمان توہی تو تھا

طور پر موسیٰ کو جس جلوہ سے بیہوشی ہوئی
اُس تجلّی مین نہان جلوہ کنان توہی تو تھا

شمس تبریزی عبث تبریز مین بیٹھا ہوا
کہ رہا تھا قُم باذنی بے تکان توہی تو تھا

واسطے کسکے ہوا آدم و حوّا کا ظہور
باعثِ ایجادِ خلقِ ایجان جان توہی تو تھا

کر لیا تسخیر عالم کو سُنا کر صوتِ ناز
لحنِ داؤدی مین کیا تھا ایمیان توہی تو تھا

بلبلانِ جشنِ ہستی کیون نہون نالہ کنان
نکہتِ گلہاۓ گلزارِ جہان توہی تو تھا

در گہت سجدہ گہِ ہر انس و جان کیونکر نہو
کعبۂ ایمان و دین ہر انس و جان توہی تو تھا

باتون ہی باتون مین اک دل پر گرا کر برقِ ناز
کر گیا بسمل کو دم مین نیم جان تو ہی تو تھا

جسنے دیکھا اُس رُخِ زیبا کو مائل ہو گیا | کی نظر جسنے خمِ ابرو پہ بسمل ہو گیا
عشقِ محبوبِ خدا جس دل مین داخل ہو گیا | کعبۂ دارین ہر آئینہ وہ دل ہو گیا
محفلِ ذکرِ نبی مین جو کہ شامل ہو گیا | نحن اقرب کا اُسی کو لطف حاصل ہو گیا
کی خودی شداد نے کیا کیا خدا سے الحذر | دعویٰ باطل سے اپنے خود ہی باطل ہو گیا
سرکشی کی سجدۂ آدم سے اُستادِ ملک | دم کے دم مین راندۂ درگاہ جاہل ہو گیا
گوشۂ داماں سے ہے جسکے نزولِ شانِ حق | دل مرا اُس لیلیِ دوران کا محمل ہو گیا
اُس گلیمی پوش خوش انداز کا ہی جبسے عشق | وردِ اپنا روز و شب سورہ مزمل ہو گیا
آئی ہی جس دن سے کانون مین صدائے دلنواز | خیر امت سُنکے اطمینان کامل ہو گیا
کیون سرودِ شادمانی سے نہ ہول کو سرور | نغمہ سنجِ مدحتِ مولا مرا دل ہو گیا
کس گلِ رعنا کی آمد ہے الٰہی ہر روش | جشنِ مستی گلشنِ شورِ عنادل ہو گیا
ہو گیا صلِّ علیٰ شب صبحِ صادق کا ظہور | جلوہ فرما جب وہ زیبِ شمعِ محفل ہو گیا
یہان نزولِ فضلِ مولا سلسلہ جنبان ہوا | وہان جو محبوبِ دم مین عرش منزل ہو گیا
وامق و عذرا بنا کوئی بنا فرہاد و قیس | جسنے دیکھی زُلف پابندِ سلاسل ہو گیا
بیخبر اے چارہ سازِ بیکسان مثلِ حباب | جینا بیمارِ الم کا تیرے مشکل ہو گیا

صورتِ ہاروت مر مر کے جئے بسمل تو کیا

ہند مین ہنا سزاے چاہ بابل ہو گیا

چمکا جو نور تیرا اوجِ قدیم کا — گُل ہو گیا چراغ مُبتانِ لئیم کا
رُتبہ بڑا ہے سب سے رسولِ کریم کا — سر پر ہے تاج آپ کے خُلقِ عظیم کا
گُزرے وہان پہ سیدِ والا مع بُراق — جسجا گزر ہُوا نہ مسیح و کلیم کا
اللہ رے عشق عرشِ برین پر ہی رکھ لیا — سایہ خدا نے جسمِ نبیِ کریم کا
محبوبِ حق سراجِ ہُدا سرورِ زمان — رُتبہ تو یہ لباس خوش آیا گلیم کا
سُنکر صدائے اَشھَدُ اَن لَّا اِلٰہَ کو — زُہرہ ہے آب خاطرِ نارِ جحیم کا
بخشائینگے جب اُمتِ عاصی کو حق سے آپ — عُقدہ کھُلیگا حشر مین احمد کی میم کا
دِل مین چُھپی ہے زُلفِ حبیبِ خدا کی یاد — جب سے سبق پڑھا ہے الف لام میم کا
لیتی ہے دِل مین حسرتِ دیدار چُٹکیان — جاگیگا کب الٰہی نصیب اس اثیم کا
دردِ جُدائی سوزِ درُونی تپِ فراق — قِصہ طویل ہے مرے حالِ سقیم کا
لِللہ ہو میرے حال پہ شاہِ والا کرم — مُدت سے انتظار ہے لطفِ عمیم کا
اے عاصیانِ دہر نہین یاس کا مقام — لَا تَقْنَطُوْ ہے قول غفور الرحیم کا

بسمل کو واعظا نڈرا ہیم حشر سے
دامن پکڑ رہا ہے رسولِ عظیم کا

کیا جگمگا رہا ہے عالم مین نور تیرا — نقشہ دِکھا رہا ہے پیارے ظہور تیرا
روشن ہوئے دو عالم چمکا جو نور تیرا — دِل بُجھ گئے بُتون کے پاکر ظہور تیرا

جلوہ جو دیکھ پاتے اے شمعِ طور تیرا
موسیٰ کلیم پڑھتے کلمہ ضرور تیرا

دل میں یہ کچھ اثر ہے جس سمت دیکھتا ہوں
پیشِ نظر ہے جلوہ نزدیک و دور تیرا

دیکھا ہے جسنے نقشہ تصویر بے تکلّم
پروانہ بنگیا ہے اے شمعِ طور تیرا

ہر آنکھ مثلِ شبنم گوہر فشاں ہے پیارے
ہر دل کو سنگِ فرقت کرتا ہے چور تیرا

مستِ الست ہوں میں کیوں چھیڑتا ہے ساقی
منہہ سے لگا ہوا ہے جامِ سرور تیرا

اسرا کی شب فلک پر پہونچے رسولِ اکبر
شہرہ ہے لامکاں تک گھر گھر ہے شور تیرا

ذکرِ احمدی سراسر نقّارہ جہاں ہے
بجتا ہے پنج وقتی نزدیک و دور تیرا

یہ طرزِ عشق بازی یہ شانِ بے نیازی
رب کا تو مدح خواں ہے ربِّ غفور تیرا

محبوبِ کبریا ہو آقا سے دوسرا ہو
پھر کیوں نہ آئے دل میں میرے غرور تیرا

جب لطفِ عاقبت ہے اے شافعِ قیامت
سایہ ہو سر پہ میرے یومِ نشور تیرا

بسمل رموزِ عاشق ہی جانتا ہے
کب سِرّ احمدی کو پہونچے شعور تیرا

علی شاہِ حیدر امامًا کبیرًا
ز بعدِ نبی شد بصیرًا نظیرًا

کسیرا کہ مہرِ علی ہست در دل
بود ایمن از شرّہٗ مستطیرًا

چہ باک است مدّاحِ مولا علی را
ز یَومًا عَبُوسًا وَّ قَمۡطَرِیرًا

سَقَاهُمۡ ز کوثر شرابًا طَهُورًا
مُبِینًا ز شَمۡسًا وَّلَا زَمۡهَرِیرًا

بود یُطۡعِمُونَ الطَّعَامَ از توای شاہ
بمسکین و یتیمًا اسیرًا

بہ بدخواہ اولادِ حیدر خدا گفت — کہ یدعوا ثبورا و یصلی سعیرا
علیٰ اولیا را دلیلِ رہِ حق — علیٰ انبیا را ولیّا النّصیرا
علی ابنِ عمِّ محمدؐ رسول است — چو موسیٰ اخی گفت ہارون وزیرا
ز لذّاتِ اطعامِ دُنیاے فانی — علی کرد مختار برزدا سعیرا
ز تو ہست روشن مہ و مہر و کوکب — توئی در دو عالم سراجًا منیرا
زہر کس کہ بوے ولاے تو یابد — ز حالش چہ پرسند منکر نکیرا
ز تو نیست پوشیدہ احوالِ جانم — کہ ہستی تو الحق سمیعًا بصیرا

بہ بسمل کرم کن علی شاہ مردان
مکن در بدر خوار مثلِ فقیرا

قیامت کا دن گرچہ دشوار ہوگا — مگر شافعِ حشر مختار ہوگا
بِلاشک وہاں پر وہی یار ہوگا — نکوئی جہان اپنا غمخوار ہوگا
معاول سے تیرِ نگہ پار ہوگا — اگرچہ کماندار دوچار ہوگا
جسے عشق کوے جنابِ نبی ہے — وہ جنّت پہ مائل نہ زنہار ہوگا
اُٹھائیگا لطفِ شرابًا طہورا — مے عشق سے جو کہ سرشار ہوگا
کمی کی اگر تو نے رشکِ مسیحا — زیادہ یہ بیمار بیمار ہوگا
مجھے خوف خورشیدِ محشر سے کیا ہے — مرے سر پہ نبیوں کا سردار ہوگا
حبیبِ خدا اشرفِ انبیا ہے — ہوا کوئی ایسا نہ زنہار ہوگا

بلائین اگر آستانہ پہ اپنے
جبین سائی کا لطف بسیار ہوگا

مین لکھتا ہون اوصاف موئے محمد
مرا شعر بہتر از اشعار ہوگا

سلائینگے مرقد مین وا مانند جسدم
مرا طالعِ خفتہ بیدار ہوگا

طلب گرچہ یثرب مین فرمائین مولا
ہے مشکل مگر سہل دشوار ہوگا

عذابِ سقر اُس سے بھاگیگا کوسون
جو غم مین نبی کے گرفتار ہوگا

دِلا جمع کر سکۂ داغِ حسرت
اگرچہ تو مفلس ہے زردار ہوگا

حدیثِ نبی پر جو ثابت قدم ہے
وہ پُل پر دوان مثلِ رہوار ہوگا

پناہ اُس سے مانگیگی نارِ جہنم
تو جسکا نہ اے شہ مددگار ہوگا

غزل نعت مین تیری مانند بسمل
لکھیگا وہ جو بسمل زار ہوگا

عشق وافر ہے اُسکی رویت کا
نور ہے جو چراغِ وحدت کا

رازدان ہے وہی حقیقت کا
رہنما ہے وہی طریقت کا

آسرا اُس سے ہے شفاعت کا
وہ شفیع ہے تمام اُمت کا

وصف لکھتا ہون کسکے قامت کا
خوف ہو مجھکو کیا قیامت کا

آئینہ ہون مین اُسکی صورت کا
پردہ اُٹھ جائے چشمِ حیرت کا

جلد اُسکو دکھا دے یا اللہ
ہے نمونہ جو تیری قدرت کا

اُسکی فرقت مین ہون سراسیمہ
حال ابتر ہے میری حالت کا

ابرِ گریہ کا وہ ترشح ہے
مینھہ برستا ہے روز کثرت کا

وہ مدیحِ جنابِ باری ہے
عشق ہے دل کو جسکی مدحت کا

اشرف الانبیا حبیب اللہ
دُرج ہے گوھرِ نبوّت کا

خود خدانے قرآن مین فرمایا
جابجا ذکر اُسکی طاعت کا

اُسکی طاعت خدا کی طاعت ہے
ایسا رُتبہ ہے میرے حضرت کا

قطعہ

ہے محبّو اسی مین بہبودی
دم بھرو آپ کی محبّت کا

مال و زر دیکے حُبِّ حضرت لو
شوق ہے گر حصولِ دولت کا

نقد سودا ہے جان بیچ کے لو
مال ارزان ہے بیش قیمت کا

اب تو فرصت ہے پھر کہان فرصت
وقت جاتا ہے پھر تو فرصت کا

چلئے بارگاہِ یزدان مین
دہیان ہے گرچہ اپنی وقعت کا

پھر نہ بازار اور نہ بازاری
داغ رہجائے دل مین حسرت کا

بیٹھ در پر حضور کے چلکر
شوق بسملؔ ہے گر زیارت کا

رُخ سے اُٹھائے گرچہ وہ پردہ نقاب کا
چھپ جائے چاند حُسنِ رخِ ماہتاب کا

مضمون لکھا جو عارضِ گلگون جناب کا
دیوان بنگیا میرا شیشہ گلاب کا

اے مومنو صراطِ نبی پہ چلے چلو
سیدھا ہی راستہ یہی جنّت کے باب کا

حامی ہو جسکا شافعِ محشر بروزِ حشر — کیا فکر واعظا اُسے روزِ حساب کا
شیدائی ہے جو کوچۂ محبوبِ حق دلا — بیشک وہ پاسبان ہے جنت کے باب کا
کہدونگا صاف قبر مین منکر نکیر سے — مدّاح ہون جنابِ رسالت مآب کا

بسمل حضور کا ہون پکارونگا آپ کو — دفتر کھلیگا جس گھڑی میرے حساب کا

نہین کچھ آج سے شیدائیم زلفِ احمد کا — ازل ہی سے سرِ بسمل مین سودا ہے محمد کا
نذر کو پھول لاتی ہی نسیمِ گلشنِ جنت — مین جسدم وصف لکھتا ہون گلِ رخسارِ احمد کا
خیال آسا ہین گم عاقل احد احمد کے پردے مین — یہ اک رمزِ معانی ہی معمائے میمِ احمد کا
حجابِ شوق اٹھا طاقِ ایوانِ حقیقت سے — ہوا چرچہ جو افلاک و زمین پر اُسکی آمد کا
کرے حل مشکلِ آدم کو دم مین واسطہ جسکا — نہ ہو کیون فخرِ عالمگیر اُس فخرِ ابوجد کا
یقینی بات ہے واعظ دلِ عاشق سے پوچھو تو — جسے خلدِ برین کہتے ہین کوچہ ہے محمد کا
گریبان پھاڑ کر سوسون نکل جاؤنگا طوبے سے — خیال آیا اگر باغِ ارم مین اُس سہی قد کا
نہ ہوتا سدِّ راہ گر پردۂ اسرارِ محبوبی — نکھلتا راستہ زنہار ذوالقرنین پر سد کا
غرض کچھ شاعری سے اور نہ مطلب شعر گوئی سے — یہان تو اور ہی کچھ مدعا ہے اپنے مقصد کا
طفیلِ شافعِ محشر بچے آفاتِ محشر سے — وگرنہ دیکھتے عاصی تماشا زجر اور رد کا
وہی ہے عارف و کامل وہی ہے عابد و زاہد — ہوا جو والہ و شیدا جمالِ نورِ سرمد کا
نکیرین آکے پوچھینگے جو مرقد مین تو کہدونگا — مرا آقا محمد ہے مین خادم ہون محمد کا

تاسف کیون نہ آئے ہند مین رہ کے اے بسمل
عرب مسکن قدیمی ہے ہمارے جدِّ امجد کا

خون کیا ہے جسنے بسمل سیّد ابرار کا
منھ نہ دکھلائے خدا مومن کو اُس بدکار کا

خیلِ بدکاران سے محفوظ رکھے ذوالمنن
پرتو او دیکھین نہ ہم اُس قومِ بدکردار کا

ہو یزیدِ بےحیا جسوقت پیشِ ذوالجلال
دیکھیے کیا حال ہو اُس خالدٌ فی النار کا

آرزو یہ ہے خدایا جیتے جی اور بعد مرگ
مین رہون خادم جنابِ احمدِ مختار کا

جو غمِ حسنین مین دائم رہیگا چشم نم
لطف ہو اُسپر سدا دارین کے سردار کا

ہے غمِ آلِ نبی دل پر مرے بسمل محیط
بند ہونے کا نہین خون دیدۂ خونبار کا

شیفتہ جب سے ہون چشمِ سیّد ابرار کا
اور ہی نقشہ ہی کچھ اپنے دلِ بیمار کا

دہیان آجاتا ہے جب اُس شعلہ رُخسار کا
دل کا ہوجاتا ہے عالم مرغِ آتشخوار کا

دیکھ پائے گرچہ میری جانکنی کو کوہ کن
جانکر بھی بھول جائے راستہ کوہسار کا

بےخبر فخرِ مسیح اپنے مریضِ عشق کی
ورنہ دم آخر ہوا دم مین ترے بیمار کا

اپنے سوزِ دل سے گر کھینچون مین آہِ سرد کو
بند دم کردون وہین منقار موسیقار کا

سانپ سا لوٹے نکیون سینہ پہ میرے راتدن
سر مین سودا ہے مرے اُس کاکلِ بلدار کا

حیف اسرارِ خفی ظاہر اناالحق نے کیا
سر کٹایا دار پر منصور سے سردار کا

نالۂ شامِ جدائی سورشِ گرمِ فغان
اک نیا عالم ہے ہردم حشر کی رفتار کا

سایۂ نخلِ مدینہ ہے سرورِ جسم و جان — خلد سے بہتر ہے سایہ آپکی دیوار کا
ہون کراماً کاتبین مدّاح اُس بندے کی خاص — جو ثناگر ہے حبیبِ ایزدِ غفّار کا

شاعرانِ دہر مین یکتا ہے **بسمل** کا کلام
کیون نہو شہرہ زمانے مین ترے اشعار کا

رُکے کیونکر قلم مشتاقِ بیانِ شکرِ ایزد کا — ازل سے لوحِ دل پر نقش ہے کلمہ محمدؐ کا
جُھکاؤن سر نہ کیون خاکِ کفِ پائے رسالت پر — طلائی دل کو ہی اکسیر بوسہ سنگِ اسود کا
نچائین ہونٹ کیون اہلِ سخن بزمِ سماعت مین — مذاقِ شعر مین ہے ذائقہ شکّر تبرزد کا
یہی کہتا اُٹھونگا کُنجِ مدفن سے کہ شیدا ہون — محمدؐ کا محمدؐ کا محمدؐ کا محمدؐ کا
یہ کسکے مصحفِ رخ کا تصور ہے خداوندا — ہوا ہے مطلعِ قرآن مطلع اُس رخِ و خد کا
عنادل کی روِش بیچین ہو جاتی طبیعت ہے — سمان جب یاد آتا ہے گلِ رخسارِ احمدؐ کا
یہی حسرت ہے دل مین اور یہی ارمان ہے سینہ مین — پہنچکر فیصلہ یثرب مین ہو روحِ مقید کا
خبر میری بھی لینا اے حرم کے آقا مرے مولا — چراغِ صبحدم ہے نفس کی آمد برآمد کا

ہین وہ تفتہ جگر ہون دیکھنا بعد از فنا **بسمل**
اُڑیگا سنگ پارہ پارہ ہو کر میرے مرقد کا

جب سے شیدا ہون محمدؐ مصطفےٰ کے نور کا — ہر گھڑی پیشِ نظر غمزہ ہے برقِ طور کا
ہے غمِ دوری سے حال ابتر دلِ رنجور کا — سوجھتا ہے اندلون بسمل کو مضمون دور کا
یہان تلک سوزِ درونی سے جگر آیا اُبل — دل پہ ہوتا ہے گُمان اب خوشۂ انگور کا

لے خبر للہ اپنے عاشقِ دلتنگ کی
بیطرح بگڑا ہوا نقشہ ہے اس مہجور کا

دار پر شورِ انا الحق واہ رے تاثیرِ عشق
کیون نہ ہو چرچہ زبانِ عام پر منصور کا

صرفِ اوصافِ رسول اللہ جب ہوتا ہی دل
عرش سے آتا ہے موزون ہو کے مصرع نور کا

حامیِ بسمل ہو یارب شافعِ روزِ جزا
جبکہ ہنگامہ بپا ہو حشر مین محشور کا

فرقتِ شاہ مین اس درجہ مین بیمار ہوا — بچنا دشوار ہوا

وصلِ احمدؐ کا دلِ زار کو آزار ہوا — سخت لاچار ہوا

عشقِ طیبہ کا یہ کچھ دل مین اثر ہے پیہم — اُڑا جاتا ہے قدم

آگے صرصر سے مرے شوق کا رہوار ہوا — برقِ رفتار ہوا

کس طرح سے نہ مین اُس شوخ کا پکڑون دامن — نہین پاتا ہون امن

بحرِ عصیان کی تلاطم مین گرفتار ہوا — جذب درکار ہوا

موم پتھر ہوا انداز قدم سے شاہا — مرحبا صلِّ علےٰ

معجزہ آپ کے قدمون سے یہ اظہار ہوا — کشفِ اسرار ہوا

جوشِ وحشت کا تقاضا ہے کہ صحراے عرب — دیکھیے چلکے بس اب

ہند مین ٹھہرنا دم بھر مجھے دُشوار ہوا — عشقِ سرکار ہوا

چین پاتا نہین دم بھر دلِ بیمار مرا — الطبیب دوسرا

رات دن سینہ مین کاوش کا ہی اظہار ہوا — جینا بیکار ہوا

جسکے قامت کے تصور مین یہ آفت آئی ــــــ کہ قیامت آئی
حیف صد حیف وہ ابتک نہ خبردار ہوا ــــــ سینہ دوسار ہوا
لب پہ لبیک ہو اور روضۂ اقدس کا طواف ــــــ اور خطا ہووے معاف
جب مین سمجھونگا کہ حاصل حظ دربار ہوا ــــــ بخت بیدار ہوا
شش جہت مین ہے تری کوس رسالت کی ندا ــــــ تو ہے محبوب خدا
کلمہ گو تیرا اک کافر و دیندار ہوا ــــــ لطف غفار ہوا
مجھسے بڑھکر کوئی دنیا مین نہوگا ناشاد ــــــ کہ ہون وقف فریاد
ہر گھڑی مثل جرس غم سے سروکار ہوا ــــــ بے خبر یار ہوا
کوئی بسمل کا سوا تیرے مددگار نہین ــــــ کوئی غمخوار نہین
جز ترے کوئی بھی اس کا نہ خریدار ہوا ــــــ دربدر خوار ہوا

ردیف الباے موحدہ

شہید تیغ نظر ہے یہ بسمل بیتاب ــــــ سرشک چشم تصور ہے قطرۂ خوناب
فراق سید والا مین دیدۂ پرآب ــــــ گرا جو آنکھ سے قطرہ ہوا دُر نایاب
ابھی ہو طور کا عالم جہان مین جلوہ نما ــــــ ذرا بھی وہ رخ پرنور سے اُٹھائے نقاب
شمیم زلف معنبر وہ عرق جسم لطیف ــــــ خطا ہی دیجیے تشبیہ گر بمشک و گلاب
یہ بوے عطر رہ مصطفے اٹھی عنبر بیز ــــــ مہک اُٹھین یقین گلیان جدھر گزرتے جناب

عجب نہین ہے کہ جنت زمین پہ عود کرے
درِ حضور ہے طوبیٰ لہم و حسن مآب

جو تشنہ ساقیِ کوثر ہین کیا عجب اُنکو
کہ ساقی بنکے پلانے کو لائے کوثر آب

حریصو چھوڑ دو حرص و ہوا کی بندش کو
یہ ہستی ہوکے کی ٹٹّی ہے یا اُولی الالباب

ہوا بندھی نہ سلیمان کی زیرِ گنبدِ چرخ
ہزارون چلدیے خیمہ اُٹھاکے مثلِ حباب

گیا ہے اُس درِ دولت سے کب کوئی محروم
سوالِ عجز نے دستِ کرم سے پایا جواب

سیاہ ہی فردِ گناہ میری صورتِ شبِ تار
بری حساب سے رکھنا شہا بروزِ حساب

ہزارون کشتے تری رہ گزر مین جانِ جہان
تڑپ رہے ہین پڑے مثلِ ماہیِ بے آب

دعا یہی ہے خداوندِ کارسازِ جہان
کہ دیکھون روضۂ اطہر جنابِ عالی جناب

الٰہی بخش دے بسمل کو وہ حرارتِ عشق
کہ سوختہ ہو جگر جس سے جلکے مثلِ کباب

روضۂ احمدِ مرسل پہ بلانا یارب
کعبۂ منزلِ مقصود دکھانا یارب

جرعۂ شربتِ دیدار پلانا یارب
تشنگیِ دلِ ناکام بجھانا یارب

گو بُرا ہون کہ بھلا ہون تو مین بندہ تیرا
میرے بگڑے ہوئے نقشہ کو بنانا یارب

طلعتِ رحمتِ عالم کا دکھاکر جلوہ
تیزیِ مہرِ قیامت کو بجھانا یارب

گوشۂ دامنِ محبوبِ خدا ہاتھ مین ہو
ایسے انداز سے محشر مین اُٹھانا یارب

کشتیِ نوح کی صورت بطفیلِ حضرت
پار بیڑا مرا اللہ لگانا یارب

ہجر مین صورتِ یعقوب ہے حالت ابتر
مجھکو یوسف سے مرے جلد ملانا یارب

سورہ مُلک پس از مرگ ہو فرحت کا نشان
تنگیِ گور کے صدمون سے بچانا یارب

سکرت الموت کا صدمہ ہے قیامت کا نشان
اپنے محبوب کا دیدار دکھانا یارب

اُڑ کے پہونچے کہین یثرب مین مرا مشتِ غبار
ہند سے صورتِ صرصر ہون روانا یارب

مثلِ گردون مین ہون طوفِ حرم مین مصروف
لب سے لبیک کا جاری ہو ترانا یارب

دل مین بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجہ اندوہ
دستِ فرقت کی اذیت سے چھوڑانا یارب

سورہ واللیل کا ہر شب ہے دلِ زار مین نقش
مجھکو اُس کاکلِ مشکین مین پھنسانا یارب

سر مین سودا ہو مرے لب پہ ہو نعرہ لبیک
اپنے دربار مین اس دھن سے بلانا یارب

کھل نجائے مرا پردہ کہین رسوائی ہو
بسملِ زار کو رحمت سے چھپانا یارب

ردیف التاے مثناۃ فوقانی

ہے مدینہ کی ہوا ہمکو ہواے جنت
واعظو تمکو مبارک ہو فضاے جنت

گلشن یثرب و بطحی پہ نظر ہے جنکی
خار ہین اُنکی نگاہون مین گلہاے جنت

خاکِ پا گرچہ حبیبِ دوسرا ہاتھ آئے
شوق سے چشم تمنا مین لگاے جنت

چاک کر جیبِ گریبان کو رہِ یثرب مین
گر طلب ہے تجھے اے جوش قباے جنت

نشۂ عشقِ محمد مین یہ کچھ ہون سرشار
جامِ کوثر کی طلب ہے نہ غذاے جنت

آئے جس بزم مین اُس نورِ مقدس کا بیان
کیون نہ وہ بزم ہو نوری بیضاے جنت

حکم نازل شبِ معراج ہوا بہرِ حبیب
کہد و رضوان دمِ گلگشت سجاے جنّت

کیا عجب اُمّتِ احمد کو براہِ تعجیل
پیش قدمی ہی معائینے کو آے جنّت

کوئی اغواے شیاطین مین نہ آے توبہ
ایک دانہ پہ ہو آدم سے خلاے جنّت

بعد مُردن نہ ہر اسان ہو دلِ عاشقِ زار
ظلمتِ گور مین ہو نور ضیاے جنّت

حشر مین شافعِ محشر سے یقین ہے بسمل
صلہ نعت مین پاے ثمرہاے جنّت

ردیف الثاے مثلثہ

وہ ہے عام اپنی شفاعت کا باعث
جو ہے خاص خاص اُسکی رحمت کا باعث

کتابِ رسالت ختم ہے نبی پر
یہ ہے عین مُہرِ نبوّت کا باعث

دلا ہجرِ احمد مین مغموم رہنا
یہ ہے شادمانی و بہجت کا باعث

وہ قامت کہ سایہ نہ تھا جسکا ممکن
قیامت مین ہو وہ شفاعت کا باعث

فلک کب دکھائیگا ہمکو مدینہ
یہ غم ہوگا کس دن مسرّت کا باعث

دکھائیگا کیفیّتِ جامِ کوثر
محبّ نبی کو محبّت کا باعث

شفیع الورے بہر بسمل خدایا
بروزِ جزا ہو شفاعت کا باعث

الغیاث اے شمعِ عرفان الغیاث
الغیاث اے نورِ ایمان الغیاث

الغیاث اے ماہِ عرشِ منزلت ‏ الغیاث اے مہرِ دوران الغیاث

الغیاث اے شمعِ بزمِ کُن فکان ‏ الغیاث اے نورِ سبحان الغیاث

الغیاث اے رحمۃٌ للعالمین ‏ الغیاث اے حُسنِ احسان الغیاث

الغیاث اے رونقِ باغِ جہان ‏ بلبلِ گلزارِ یزدان الغیاث

الغیاث اے رہنمائے راہِ عشق ‏ الغیاث اے وصلِ جانان الغیاث

الغیاث اے سایۂ ابرِ کرم ‏ الغیاث اے ظلِّ سبحان الغیاث

الغیاث اے چارۂ بیچارگان ‏ الغیاث اے چارہ فرمان الغیاث

صدمۂ فرقت سے دل بیچین ہے ‏ جان ہے قالب مین پریشان الغیاث

چشمِ وحشت زا ہے جون چشمِ غزال ‏ اپنے سایہ سے گریزان الغیاث

داغِ دل سے بسملِ خستہ جگر ‏ بنگیا سروِ چراغان الغیاث

دیکھیے کب تک پھراتا ہے ہمین ‏ ہند مین گردونِ گردان الغیاث

اب مدینہ مین بُلا لیجے حضُور ‏ ہو دلِ شیدا کا درمان الغیاث

لمعۂ انوارِ ذاتِ ذوالجلال ‏ اشعۂ مہرِ مُرادان الغیاث

دم نکل جائے درِ حضرت پہ گر ‏ مرکے ہو جینے کا سامان الغیاث

ہر زمان اب شیشۂ دل چور ہے ‏ سنگِ فرقت کا ہو درمان الغیاث

خدمتِ مولائی ہو یا رب نصیب

بندۂ بسمل ہے نالان الغیاث

ردیف الجیم معجمہ

سُلطانِ اُمم سیّدِ والا شبِ معراج
دریائے کرم گوہرِ یکتا شبِ معراج

ایک دم مین گیا عرش سے بالا شبِ معراج
اُمّت کی شفاعت کا وسیلا شبِ معراج

انوارِ الٰہی کا تجلّا شبِ معراج
کونین کی آنکھون کا ستارا شبِ معراج

تھا مدِّ نظر حق کو بُلانا شبِ معراج
جنّت سے بُراق آپ کو بھیجا شبِ معراج

اِس رُتبہ کو پہونچا نہ پیمبر کوئی ہرگز
حاصل ہوا حضرت کو جو رُتبہ شبِ معراج

اللہ نے تصدیق ہے محبوب سے پردہ
قرآن سے ثابت ہے نرکھا شبِ معراج

احمد سا کوئی سرورِ ذی جاہ نہ ہوگا
خالق نے بصد شوق بلایا شبِ معراج

روشن ہین نشان آج تلک عرشِ بریں کے
جسجا پہ قدم آپ نے رکھا شبِ معراج

ظاہر مین نظاہر تھا وہ اسرارِ دو عالم
پردہ مین تھا پر کھل گیا پردہ شبِ معراج

سدرہ سے نہ آگے بڑھے جبریلِ امین تک
پس رہ گئے موسیٰ و مسیحا شبِ معراج

قوسین پہ جا کر ہوا اکدم مین فروکش
ادنیٰ یہ مقام آپ کا ٹھہرا شبِ معراج

سُن سُنکے صدا آمد و آمد کی ملایک
باہم یہ کھڑے کرتے تھے چرچا شبِ معراج

وہ آئی سواری شہِ لولاک لما کی
اکثر نے بہت دور سے تاکا شبِ معراج

اک دہوم ہوئی صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ کی
اک شور ہوا صلِّ علیٰ کا شبِ معراج

یہان حسرتِ دیدارِ تجلّی مین تامّل
وہان حال تھا کچھ اور ہی خدا کا شبِ معراج

وصلت میں ہما پے تھا خداوند احد سے
آقائے جہان عرش پہ جاکر اُتر آیا
امت کی شفاعت کا تقاضا شبِ معراج
ہلتا درِ زنجیر کو پایا شبِ معراج

یکجا ہوئے جب طالب و مطلوب تو بسچل
حل ہو گئے معنے فاوحی شبِ معراج

ہے تصوّر میں روئے جانان آج
دل ہے کیا غیرتِ گلستان آج

خانۂ دل میں ہے وہ مہمان آج
رشکِ جنت ہے کلبۂ احزان آج

لبِ گلبرگ کے تصوّر میں
خار ہے سیرِ باغِ رضوان آج

ہو مرتّب جو میرا دیوان آج
مُہر ہو خاتمِ سُلیمان آج

وہ اُٹھائیں جو زلفِ رُخ تو کہیں
صبح کا چاک ہے گریبان آج

خواب ہو میں ہوں اور تجلّیِ پاک
لطف جب ہے حبیبِ یزدان آج

صبحِ محشر میں ہم جتا دینگے
سرد دم کیوں ہو مہرِ تابان آج

فرقتِ شاہ میں بسانِ غزال
اپنے سایہ سے ہوں گُریزان آج

دشتِ یثرب ہے گلشنِ بے خار
شیر بکری کا ہے نگہبان آج

تیرا بیمارِ عشق مرتا ہے
بے خبر اے مسیحِ دوران آج

وہ فزا روضۂ شہِ دین ہے
بی لہب ہو تو لائے ایمان آج

تشنہ کامانِ احمدی کے حضور
پانی پانی ہے آبِ حیوان آج

دستِ وحشت کا مقتضا یہ ہے
تنگ مجھپر ہوا گریبان آج

آئینہ دیکھتا ہے منہہ اپنا
ہے سکندر بھی مجھسے حیران آج

کچھ تو دیکھا ہے عشق احمد مین
جان دیتے ہین اُسکے خواہان آج

عاشقان رسول بسمل زار
مثل بانگ جرس ہین نالان آج

میرے رونے مین کچھ تو ہے تاثیر
رو دیا تو جو ابر نیسان آج

للہ الحمد نعت خوانون ہین
مثل داود ہون خوش الحان آج

لب شیرین کا وصف لکھتا ہون
کیا مضامین ہین شکرستان آج

مصحف رُخ کی یاد مین بسمل
اپنے پیش نظر ہے قرآن آج

ردیف الحاے مہملہ

پڑی ہے کشمکش چشم انتظار مین روح
حباب وار کوئی دم ہے جسم زار مین روح

یہ حد سے گزرا ہے جوش فراق شاہ عرب
نہ دل ہے قابو مین اپنے نہ اختیار مین روح

پس فنا بھی رہیگا یہ شوق دامنگیر
پھرےگی حشر تلک اپنی کوے یار مین روح

عجب نہین کہ کھلے خفتگان حشر کی آنکھ
طپان رہے جو یونہین گوشۂ مزار مین روح

میسر ہوگی نہ جبتک ہواے تربت پاک
قرار پائیگی ہرگز نہ جسم زار مین روح

یہ کسکی زلف مسلسل نے گھر کیا دل مین
جو کشمکش مین طبع ہے تو انتشار مین روح

وہ خوش نقاب وہ مہر شعاع جلوۂ طور
ہو چاند تار انکیون اُسکی تار تار مین روح

رہینگی واپسِ مرُدن بھی شوقِ دید مین چشم | ہوائے خُلد ہو گو اپنی انتظار مین روح
نہ ہاتھ آئیگی جبتک کہ خاکپائے حضور | پھریگی ٹھوکرین کھاتی یونہین غبار مین روح
ہے جسکے ہاتھ مین اعصائے کلمۂ طیّب | ہو پُلِصراط سی کب اُسکی انتشار مین روح

یہی دُعا ہے یہی مدعا ہے بسملؔ زار
کہ اختتام کرے یادِ کردگار مین روح

قدِ حضور کے سایہ کو سیم و زر کی طرح | نظر مین اہلِ نظر نے رکھا نظر کی طرح
فراقِ جنبشِ انگشتِ سروری دیکھو | دو لخت سینہ ہوا گردہ قمر کی طرح
دلِ حبیب کو رعشہ ہوا شبِ معراج | جلالِ باری سے مہرِ دمِ سحر کی طرح
عبث پھرون تری فرقت مین بھرو غمِ یاس | قضا کا ہاتھ مین کاسے لئے خضر کی طرح
خیالِ کُربتِ دوزخ فشان معاذ اللہ | لرز رہا ہے جگر شعلۂ و شرر کی طرح
کبھی نہ ہونگے سبکدوش منکرِ مولد | پھرینگے زیرِ گران بار گاؤخر کی طرح
ہو لاکھ عابد و زاہد بدون شافعِ حشر | نہ پوچھے کوئی ہنرور کو بے ہنر کی طرح
سرِ عدو نہ جھکے کیونکہ بر سرِ محفل | ہوا ہے زیر بھی غالب کہین زبر کی طرح

اُٹھائیگا وہی جنت کا لطف اے بسملؔ
جو راہِ حق مین جھکے شاخِ پُر ثمر کی طرح

ردیف الخاء المعجمہ

ذکرِ احمد مین بسر ہوتی ہے تقریر کی شاخ
ہم ازل ہی سے لگالائے ہین تحریر کی شاخ

ثمر آور ہے سدا غافلو تقدیر کی شاخ
سرنگون رہتی ہے تقدیر سے تدبیر کی شاخ

سرفرد کیونکہ نہو منکرِ بے پیر کی شاخ
قلم ہوتی ہے یہان نخلِ عناگیر کی شاخ

فرقتِ شاہ مین رو رو کے سحر ہوتی ہے
یار و اچھی تو رہی نالۂ شب گیر کی شاخ

جو مقدر کا نوشتہ ہے نہین مٹ سکتا
بیٹھ جاتی نہین تقدیر سے تدبیر کی شاخ

ڈر خدا کا نکیا سبطِ پیمبر کے لئے
حیف اعدا نے لگائی جو یہ شمشیر کی شاخ

کب نسیمِ درِ مولا چمنِ حسن دکھائے
کب کھلے پھولیگی یارب مری تقدیر کی شاخ

وحشیِ یثرب و بطحیٰ ہون تقاضا کیا ہے
پائے مجنون سے بڑھاؤ نہ یہ زنجیر کی شاخ

امتِ شافعِ محشر تو ہون لیکن بسمل
خوف یہ ہے کہین لگ جائے نہ تعزیر کی شاخ

ردیف الدال مہملہ

مطلوبِ ربِّ عالم سلطانِ ما محمدؐ
معمورِ عرشِ اعظم سلطانِ ما محمدؐ

اے اسمِ اسمِ اعظم سلطانِ ما محمدؐ
وے مدعائے عالم سلطانِ ما محمدؐ

اے عظمتِ الٰہی وے شوکتِ خدائی
اے نورِ نورِ اکرم سلطانِ ما محمدؐ

اے سرورِ دو عالم وے خسروِ معظم
اے فخرِ فخرِ آدم سلطانِ ما محمدؐ

اے نورِ نورِ مطلق وے دید و دیدۂ حق
اے شانِ شانِ اعظم سلطانِ ما محمدؐ

اے دست گیر امت و شافع قیامت | اے پاسدار ماتم سلطان ما محمد
اے بلبل خوش الحان و عندلیب یزدان | اے خوش بیان اقدم سلطان ما محمد
ہر قدسیان عرشین ہر عرشیان بہ تزئین | نغمہ سرا ہین باہم سلطان ما محمد
زیر لوا بہ محشر حاضر ہو یہ ثنا گر | ورد زبان ہو پیہم سلطان ما محمد
شوق نظارہ ہر پل کرتا ہے دلکو بیکل | اے جان جان عالم سلطان ما محمد
درد درون سے اکل نالان بشکل بلبل | گریان ہون مثل شبنم سلطان ما محمد

بسمل نحیف بیدل زخمی ہے مثل بسمل
اے رشک ابن مریم سلطان ما محمد

الٰہی بہ لطف لقائے محمد | الٰہی بہ فیض ولائے محمد
مجھے اپنا جلوہ دکھائے محمد | مجھے اپنا شیدا بنائے محمد
مجھے اپنے در پر بلائے محمد | مرا غنچۂ دل کھلائے محمد
مجھے جام الفت پلائے محمد | مرے دل کی آتش بجھائے محمد
نہین آج سے کچھ فدائے محمد | ازل ہی سے ہون مبتلائے محمد
مرا طالع بیدار ہو خفتہ بختی | اگر خواب مین میرے آئے محمد
مہ و خور خجل ہو کے منہ کو چھپائین | اگر رخ سے پردہ اٹھائے محمد
بناؤن مین کحل البصر اے بصیرو | میسر ہو گر خاکپائے محمد
محمد کا دشمن ہے دشمن خدا کا | خدا کی ولا ہے ولائے محمد

بچھاؤں نکیوں نہ زیرِ پا اپنی آنکھیں
مرے دل میں تشریف لائے محمدؐ

ازل سے وظیفہ سفر رہے ہے اپنا
ثنائے محمدؐ ثنائے محمدؐ

محمدؐ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا
ہوا ہے یہ سب کچھ برائے محمدؐ

غلامانِ احمدؐ بروزِ قیامت
کھڑے ہونگے زیرِ لوائے محمدؐ

منادی ہو خود حشر میں شورِ محشر
وہ آئے وہ آئے وہ آئے محمدؐ

جہاں میں ہو شق القمر آشکارا
گر انگشت اپنی ہلائے محمدؐ

کیا نور سے اپنے پیدا خدا نے
خدا کی ضیا ہے ضیائے محمدؐ

پئے غسل لائے امین آبِ کوثر
یہ رتبہ ہے کسکا سوائے محمدؐ

بہ ہم جب تلک جان تن میں الٰہی
رہے سر میں ہر دم ہوائے محمدؐ

بلالیں بس اب آپ ہندوستاں سے
مری آرزو بھی بر آئے محمدؐ

اسے کفش برداری کیجے عنایت
یہ بسمل بھی ہے خاکِ پائے محمدؐ

نورِ جمالِ مصطفیٰ صلِ علیٰ محمدؐ
شانِ خدائے کبریا صلِ علیٰ محمدؐ

تاج وہاجِ اولیا صلِ علیٰ محمدؐ
فخرِ کلاہِ انبیا صلِ علیٰ محمدؐ

ماہِ عجم مہرِ عرب عالی نسب اُمی لقب
محبوبِ حق خاصِ خدا صلِ علیٰ محمدؐ

شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ صدر العلیٰ نور الہدیٰ
کہف الوریٰ ظل ہے ترا صلِ علیٰ محمدؐ

آدم سے تا عیسےٰ نبی مشتاق ہیں تیرے سبھی
اے دلبرِ نازک ادا صلِ علیٰ محمدؐ

اے راکبِ دوشِ فلک وے رونقِ حور و ملک — زینت دہِ عرشِ علیٰ صلِّ علیٰ محمدٍ

در پر ترے ای جان مین جھکتی ہین مثلِ یاسمن — سلطان سے تا بینوا صلِّ علیٰ محمدٍ

تو مصدرِ انعام ہے تو مظہرِ اکرام ہے — اے منبعِ جود و سخا صلِّ علیٰ محمدٍ

کیون شوقِ نظارہ نہ ہو کیون سینہ صد پارہ نہو — جب آپ فرمائے خدا صلِّ علیٰ محمدٍ

محبوبِ حق جلّ وعلا یاسین ہے جسکی ثنا — آیا ہے دل اُس پر مرا صلِّ علیٰ محمدٍ

اے رحمۃ للعالمین وے حامیِ اندوہگین — جلوہ مجھے اپنا دکھا صلِّ علیٰ محمدٍ

حور و ملک جنّ و بشر ارض و سما شمس و قمر — سب ہین ترے اوپر فدا صلِّ علیٰ محمدٍ

قربان ای جانِ جہان طفلِ دو ماہہ بے زبان — تصدیق کو لائے بجا صلِّ علیٰ محمدٍ

اعجاز سے خالی نہین مدکو تیرا شاہد ہین — جسنے سُنا فوراً کہا صلِّ علیٰ محمدٍ

تاکید ہے ایکو منو جب نام حضرت کا سنو — فوراً پڑھو صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ محمدٍ

بسمل کی ہے یہ التجا ای خالقِ ارض و سما
ہو وردِ لب صبح و مسا صلِّ علیٰ محمدٍ

بیان کس سے ہو شایانِ محمد — خدا کی شان ہے شانِ محمد

خدا خود ہے ثنا خوانِ محمد — خدا خود ہے نگہبانِ محمد

رہیگا تا ابد روشن جہان مین — چراغِ طاقِ ایوانِ محمد

ہے ادنیٰ معجزہ شق القمر کا — وہ والا شان ہے شانِ محمد

جو ہین باغِ شریعت مین سرافراز — وہی ہین سروِ بستانِ محمد

ابو بکر و عثمان و حیدر
یہ ہین شمع شبستانِ محمدؐ

بہائے چشم گریان نے دُرِ اشک
جب آئے یاد دندانِ محمدؐ

نہ ہو کیون خونِ دل آنکھون سے جاری
لگا ہے تیر مژگانِ محمدؐ

اُنھین خورشیدِ محشر سے خطر کیا
جو ہونگے زیر دامانِ محمدؐ

مجھے دو چین مرقد مین نکیر و
مسلمان ہون ثنا خوانِ محمدؐ

مِرا منھہ اور ثنائے شافعِ حشر
یہ لطفِ حق ہی احسانِ محمدؐ

بحقِ احمدِ مختار مختار
دکھائے جلد ایوانِ محمدؐ

الٰہی بخش بسمل کے معاصی
یہ عاصی ہے ثنا خوانِ محمدؐ

رسولِ خدا ہے ہمارا محمدؐ
ولیّ الولا ہے ہمارا محمدؐ

ہوا عرش ممتاز جسکے قدم سے
وہ صدر العُلیٰ ہی ہمارا محمدؐ

خدا اُسکا عاشق وہ عاشق خدا کا
وہ نازک ادا ہی ہمارا محمدؐ

ہمین کیون نہو ناز بخشش پہ اُسکی
حبیبِ خدا ہے ہمارا محمدؐ

زمین و زمان اُسکے ارشاد ران ہین
وہ فرمان روا ہے ہمارا محمدؐ

لقد جاءکم خاص ارشادِ حق ہی
عظیم السخا ہے ہمارا محمدؐ

ہے اعجاز شق القمر آشکارا
وہ معجز نما ہے ہمارا محمدؐ

ہوا شان مین جسکی قرآن نازل
وہ شانِ خدا ہے ہمارا محمدؐ

چھپے جسکے سایہ مین خورشید محشر
وہ صاحب لواہی ہمارا محمدؐ

ترا سنگِ در اور بندہ کا سر ہو
یہی مُدعا ہے ہمارا محمدؐ

ہمین فتنۂ حشر سے خوف بسمل
شفیع الوریٰ ہے ہمارا محمدؐ

ردیف الذال معجمہ

اسمِ احمد ہے دلا کفر کی رد کا تعویذ
دل نشین کیون نہ ہو محبوبِ احد کا تعویذ

نقشِ دل عشقِ محمد ہے سند کا تعویذ
ہم ازل ہی سے لکھا لائے ابد کا تعویذ

رائیگان بندشِ بی لہب گئی آخرکار
کارگر کچھ نہ ہُوا بغض و حسد کا تعویذ

خاتمِ مُہرِ سلیمان کو بھی تسخیر کرے
اسمِ احمد ہے دلا ایسی سند کا تعویذ

جیتے جی نقش رہے کلمۂ طیب دل پر
بعد مُردن ہو سرِ کُنجِ لحد کا تعویذ

جہل بیکار نے بوجہل کو بیکار رکھا
پایا تاکس طرح سے بخشش کی سند کا تعویذ

ہے کلیدِ درِ ہر کارِ اہم اے بسمل
حرزِ جان کیجئے اسمائے احد کا تعویذ

ردیف الرائے مہملہ

مثلِ گردون ہون مطوف پہلے بیت اللہ پر
پھر جبین سائی کرون بیت رسول اللہؐ پر

ہون تصدق جسقدر اُس شاہ عالیجاہ پر / منکشف ہے حالِ دل میرا مرے اللہ پر

ہے معطر اُسکی بوے عشق سے اپنا دماغ / سرنگون ہین مشک و عنبر جسکی گردِ راہ پر

گر فلک پہونچاے یثرب مین تو بر آئین مراد / نقش بنجاؤن درِ بیتِ رسول اللہ پر

دم کے دم مین اُڑکے پہونچون منزلِ مقصود پر / کاش بازو مین لگادے گر مرے اللہ پر

ہاتھ اُٹھا سینہ سے ہے دردِ نبی دل مین طبیب / بوجھ ہے ترکِ ادب رکھنا کلام اللہ پر

خوش نصیبی اسکو کہتے ہین ہوے مبعوث آپ / کھل گیا رستہ ہدایت کا ہر اک گمراہ پر

لختِ دل شاخِ مژہ پر مثلِ گل آنے لگے / آئیگا پھل کب الٰہی میری شاخِ آہ پر

اُس جبینِ پاک سے یون جلوہ گر ہے نورِ صاف / شمعہ النور ہے روشن گویا بیت اللہ پر

گر فزاے عرقِ روے پاک کھلائین حضور / چاند تارا ہو نمایان حسنِ مہر و ماہ پر

آہ و نالہ سے ہے میرے آسمانون پر خروش / جان سے جاتے ہین ملایک میری نالہ و آہ پر

یون جلی حرفون مین ہے نامِ نبی دل پر رقم / ہون مجلا حرف جون لوحِ کلام اللہ پر

عشقِ احمد کا تصدق ہے دمِ نعتِ نبی / پھول جھڑتے ہین لبِ بسمل سے بسم اللہ پر

رکھ نظر اللہ پہ **بسمل** نہ ہو خاطر ملول / کارِ مشکل سہل ہون سب تیرے خاطر خواہ پر

عندلیبِ چمنِ مدحتِ مولا ہو کر / کیون نہ چہکون صفِ وصاف مین گویا ہو کر

میرے یوسف مین ترا عاشقِ شیدا ہو کر / کیون نہ بیٹھون ترے رستہ مین زلیخا ہو کر

چل نسیمِ سحری جانبِ بطحیٰ چل بھی / اُڑ چلون مین بھی ترے ساتھ مین تنہا ہو کر

اے صبا جون خس و خاشاک ٹھکانا کیا ہے
پڑ رہین گے کہین اُس راہ مین تنکا ہو کر

زاہد و جستجوے کوثر و تسنیم عبث
مست صہباے ولاے شہِ والا ہو کر

جز ترے ختمِ رسل چشم زدن مین یونکون
آگیا فرش پہ پھر عرشِ معلّا ہو کر

کب تلک زیرِ فلک تیغ تبسم کا شہید
تڑپے یون صورتِ بسمل ترا شیدا ہو کر

اُمّتی اُمّتی محشر مین پکارینگے جب آپ
پاے اقدس کو چمٹ جاؤنگا سایہ ہو کر

یہ وہ اسرار نہین جسکی تلافی ممکن
سر سے جاتا ہی کوئی زلف کا سودا ہو کر

کم نصیبی کوئی اِس سے بھی زیادہ ہو گی
دُور خدمت سے رہے خادمِ مولا ہو کر

آپکی شان کی شہرت ہی کہے دیتی ہے
وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کا خلاصہ ہو کر

خود کہینگے مجھے مدّاحِ پیمبر ہے نکیر
جب پڑھون نعتِ نبی قبر مین بیٹھا ہو کر

ہند مین شاہِ عرب یون رہے بسمل بیدل
خادمِ بارگہِ حضرتِ والا ہو کر

ردیف الزاے معجمہ

زندگی خاک بسر کی تہِ افلاک ہنوز
دورِ گردون نے رکھا جون خس و خاشاک ہنوز

پھرتے ہین بے سر و سامان تہِ افلاک ہنوز
ہم بگولے کی طرح سر پہ لئے خاک ہنوز

پردہ چشمِ تمنّا نہ اُٹھا حیف صد حیف
روضۂ پاک نہ دیکھا شہِ لولاک ہنوز

ہم بھی سوداے محبوبِ خدا کہلاتے
دستِ وحشت نے گریبان نکیا چاک ہنوز

خضر کو راہ نہ ملی پی لیا گو آبِ حیات
ہجر احمد میں جئے بھی تو ہے خاک ہنوز

طُرفۃ العین میں سدرہ سے بھی آگے پہنچا
ایسا دیکھا ہے کہیں قوسین چالاک ہنوز

فرقتِ یثربِ و بطحیٰ ہے گوارا کس کو
کیوں جنوں کیوں نہ گریبان کیا چاک ہنوز

کہدے اُس فخرِ مسیحا سے یہ للہ کوئی
تیرا عاشق تیرا بسمل ہے جگر چاک ہنوز

گر کے مقتل میں دمِ قتل کہا شہ نے کہ آ
میں تو حاضر ہوں تو حاضر نہیں سفاک ہنوز

زیبِ تن کسنے کی ہے طین ہیمبر کے سوا
آئی ہی کس کے لئے خلد سے پوشاک ہنوز

وائے ناکامی کہ دیدار سے ناکام کہا
کشتۂ غم ہی رہا یہ دلِ غمناک ہنوز

ہو کے نخچیر شہنشاہِ عرب بسمل زار
خوب ہے بخت رہا ہے تہ فتراک ہنوز

ردیف السین مہملہ

رائیگان عمر ہوئی ساقیِ کوثر افسوس
جامِ وحدت نہ ہوا ہائے میسر افسوس

آپکا ہو کے رہوں ہند میں یا ہند خیال
میرے آقا میرے مولا میرے سرور افسوس

مرگ پر اپنے نہ آئے مجھے رونا کیونکر
ماتمِ حسرتِ دیدار ہے سر پر افسوس

قاصدِ اشک بھی پہونچے نہ درِ مقصد تک
میری قسمت کا لکھا میرا مقدر افسوس

قافلے پہنچ چکے روضۂ اقدس کے حضور
میں ہوں حلقۂ زوّار سے باہر افسوس

دونوں ہاتھوں سے جو ملتا ہوں کلیجہ اپنا
دستِ افسوس کو آتا ہے جگر پر افسوس

ہو چکے سیر مئے وصل سے قسمت والے
تو تڑپتا ہی رہا بسمل احقر افسوس

اے خالقِ حسنِ بشر فریادرس فریادرس
ای مالکِ ہر خشک و تر فریادرس فریادرس

اے خالقِ بادِ سحر و میوہ و برگ و شجر
ای صانعِ شاخ و ثمر فریادرس فریادرس

تو خالق و خلاق ہے تو رازق و رزاق ہے
در سے ترے جاؤن کدھر فریادرس فریادرس

تو تو عظیم الشان ہے تو تو بڑا رحمان ہے
ہر سمت ہے تیرا اثر فریادرس فریادرس

ہر شے مین آتا ہے نظر کیا ذرہ کیا شمس و قمر
سب مین تو ہی ہے جلوہ گر فریادرس فریادرس

ای بادشاہِ نکتہ دان ای واقفِ رازِ نہان
للہ کر مجھپر نظر فریادرس فریادرس

اب حد سے گزرا ہے محن سوزان ہے دل بریان ہے تن
گریان ہون مثلِ ابرِ تر فریادرس فریادرس

وحشت نئی ہے ہر زمان گم ہون بسانِ بے نشان
حیران ہون جاؤن کدھر فریادرس فریادرس

مونس نہین ہمدم نہین واقف نہین محرم نہین
کس سے کہون حالِ جگر فریادرس فریادرس

ہے صفحۂ دل پر رقم انعام تیرا یک قلم
مشکور ہون شام و سحر فریادرس فریادرس

سب کا تو ہی ہے مدعا سلطان سے تا بینوا
سب ہین ترے دستِ نگر فریادرس فریادرس

عرصہ سے ہون اے دادرس نعرہ کنان مثلِ جرس
اب جلد لے میری خبر فریادرس فریادرس

گو ہون فقیر و بینوا پر ہون تو مین بندہ ترا
مجھکو بھی امت سے بدر فریادرس فریادرس

ہر لحظہ ہر صبح و مسا ہر دم یہی ہے التجا
ہو تیرے رستہ پر گذر فریادرس فریادرس

ہون بحرِ عصیان مین پڑا اکبر ہو تو تیرا آسرا
کشتی ہے اب زیر و زبر فریادرس فریادرس

دل کی جو کچھ ہی آرزو روشن ہے تجھ پر ہو بہو
اے سرورِ عالی قدر فریادرس فریادرس

بسمل نحیف خستہ جاں اے بادشاہ دوجہاں
در سے ترے جائے کدھر فریادرس فریادرس

ردیف الشین معجمہ

واعظ سُنا نہ دوزخ عبرت فزا کا جوش
دل میں ہے عشق الفتِ خیر الوریٰ کا جوش

محشر میں آپ صرفِ شفاعت ہوں جس گھڑی
اُس وقت دیکھ لینا حبیبِ خدا کا جوش

اک ضرب سے گرا دیا کوہِ گران کو خاص
مشہور عام ہے شہِ خیبر کشا کا جوش

اُمت کو دیکھتے تھے کبھی نانا جان کو
تقسیم ہی رہا شہِ کربوبلا کا جوش

اک حشر اور بر سرِ محشر ہو آشکار
بنتِ نبی کو آئیگا جب خونبہا کا جوش

مجھ ناتواں کو سیلِ الم سے بچائیو
مشہور ہے حضور کے لطف و عطا کا جوش

کیا جانے کیا ہوا دلِ مضطر کا اضطراب
کیوں نارسا رہا ہی آہِ رسا کا جوش

پہونچی نہ میری خاک مدینہ میں حیف حیف
گرد و غبار ہی رہا بادِ صبا کا جوش

جوشِ جزا میں جز ترے فریادرس ہو کون
گو جوش زن ہو مدعی و مدعا کا جوش

ٹھہرائے پائے حشر بھی ایسے دم عبور
جبتک نہ رہبری کرے اُس رہنما کا جوش

فرشِ زمین سے بسمل خستہ کو بے تکان
عرشِ علا پہ لے اُڑا اصلِ علی کا جوش

ردیف الصاد مہملہ

دلایون تو ہین سارے انبیا خاص
مگر خاصون مین ہین خیر الوریٰ خاص

جسے ہے عشق محبوبِ خدا خاص
وہی بندون مین ہے بندہ دلا خاص

مری آنکھین ہون روشن مثلِ خورشید
نظر آئے جو وہ نورِ خدا خاص

جو بیمارِ محمد مصطفےٰ ہین
مدینہ خاص ہے اُن کی دوا خاص

الٰہی کب بر آئے گی تمنّا
کب حاصل ہوگا اپنا مدّعا خاص

تپِ سوزِ دروں نے پھونک ڈالا
کلیجہ جلکے خاکستر ہُوا خاص

خیالِ جُنبشِ مژگان ہے ہردم
مُشبّک ہے شہا سینہ مرا خاص

کھُلے اُسپر نہ کیون علمِ لدُنّی
دبستان جسکا ہو عرشِ عُلا خاص

خدا سے بخشوا لینا خدارا
زبان پر آپ کی ہے فیصلہ خاص

گنہگارانِ اُمت کا وسیلہ
ہے ختم المرسلین خیر الوریٰ خاص

ہوا وہ داخلِ جنت سند ہے
کہ جسنے آپ کا کلمہ پڑھا خاص

کہون گا عام جلسہ مین خدا سے
محمد ہے ہمارا پیشوا خاص

بُجھائے آتشِ دل کو خدایا
عنایت ہون وہ رحمت کی گھٹا خاص

وہ یومِ وصلِ جانانان ہے واعظ
جسے کہتے ہو تم روزِ جزا خاص

بُلالو روضۂ اقدس پہ مولا

یہی بسمل کی ہے اب التجا خاص

ردیف الضاد معجمہ

فیضِ ازل ہے حضرت خیر الوریٰ کا فیض
روشن ہے مثلِ ماہ حبیبِ خدا کا فیض

دنیا کا طشت دین کی دولت سے پُر کیا
زرریز ہے حضور کے لطف و عطا کا فیض

آتا عدم سے کوئی نہ ہرگز وجود میں
ہوتا نہ درمیان اگر اُس دلربا کا فیض

جاری ہے چشمہ کلمۂ طیّب کا ہر طرف
پھیلا ہے شش جہت میں نبی الوریٰ کا فیض

انسان کیا فرشتے بھی ہوتے ہیں مستفیض
فخرِ عوام ہے درِ شاہِ ولا کا فیض

قایل اُلوہیت کا نہ ہوتا کوئی بشر
حایل نہ ہوتا گرچہ رسولِ خدا کا فیض

جب خفتگانِ حشر اُٹھیں فرشِ خواب سے
اُسوقت دیکھ لینا شفیع الوریٰ کا فیض

انسان بھی زمرۂ ملکوتی ہیں آج دن شمار
اللہ رے بزمِ مولدِ خیر الوریٰ کا فیض

بسمل ترا کلام بھی کیا خوش کلام ہے
تحقیق ہے حضور کے وصف و ثنا کا فیض

ردیف الطائے مہملہ

یادِ رُخِ نبی سے ہے ہر آن غم غلط
شغل اپنا ہے تلاوتِ قرآن غم غلط

کب آئیگی وہ ساعتِ خوش کام نیکفال
کس روز ہوگا اے شہِ ذیشان غم غلط

گلگون ہے داغ ہجر نبی سے دل و جگر — کافی ہے اپنے پاس یہ سامان غم غلط

آجائیں گر وہ خلوت دل میں بوارِدی — بنجائے پھر تو کلبۂ احزان غم غلط

ہمدم نہ غمگسار نہ مونس نہ دل نواز — پھر کہیے کس طرح سے ہو اے جان غم غلط

ہیں اُس نسیم گلشن خوبی پہ ہوں نثار — فرمایا جسکو آپ نے ریحان غم غلط

جنت کہوں بہشت یا باغ ارم کہوں — از بس ہے روضہ روضۂ رضوان غم غلط

تسخیر کرتا ہے مجھے سحر حلال سے — ہوتا نہیں ہے اب کسی عنوان غم غلط

قطرہ جو ٹپکے فرقت احمد میں آنکھ سے — بیشک بنے وہ لؤلؤ و مرجان غم غلط

لکھتا ہوں وصف حولۂ سلطان دین پناہ — ہو کیوں نہ یک قلم مرا دیوان غم غلط

کرتے ہیں بزم حمد و ثنا میں بہ شوق و ذوق — بسمل ترے سخن سے سخندان غم غلط

ردیف الظائے معجمہ

طرب افزا ہے توصیف رخ بدر الدجی واعظ — ترنم خیز ہے ذکر محمد مصطفے واعظ

سراپا نور اور پھر نور کے سانچے میں ڈھالا ہے — وہ اک آئینہ حیرت ہے جسم دلربا واعظ

خیال کربت دوزخ تفکر عیش جنت سے — نہیں ہوں محو تماشائے جمال مصطفے واعظ

تصدق اُس لب معجز نما پر جسنے دم بھر میں — کہ اک انگشت سے مہتاب دو ٹکڑے کیا واعظ

احاطہ آپکے اخلاق وافر کا نہیں ممکن — حدود اربعے کو اطراف میں حائط کیا واعظ

عدم سے کوئی بھی آکر نہ پھرتا بزمِ ہستی مین
نہ ہوتا گرچہ حایل عشقِ محبوبِ خدا واعظ

عیان ہے شاہد و مشہود باہم دونون یکتا ہین
خدا کا ہے کوئی ثانی نہ ہمسر آپ کا واعظ

سراپا درد ہون اور تس پہ دردِ نہانی ہے
کھٹکتا ہے جگر مین خارِ عشقِ مصطفےٰ واعظ

نبی کے دیکھنے والون مین ہون کچھ ایسا ویسا ہون
غلامانِ پیمبر ہون مجھے سمجھا ہے کیا واعظ

ہمین اُسکا وسیلہ ہے حبیبِ حق صفت جسکی
شفیعِ عاصیان خیر الورا صاحب لوا واعظ

ہوا ہے شربِ دو لطیفی انجے دل مین سرایت کی
خوش آئیگی اُسے ہرگز نہ جنت کی ہوا واعظ

کہین تلخیِ محشر بھی ہمین قندِ مکرر ہو
دوبارا پھر تو الطافِ محمد کو سُنا واعظ

اُسی زلفِ معنبر کا دلِ بیکل مین سودا ہے
کہ جسکی وصف مین واللیل ہے جلوہ نما واعظ

ردیف العین مہملہ

شفیع الورا ہے ہمارا شفیع
ولی الولا ہے ہمارا شفیع

حبیبِ خدا ہے ہمارا شفیع
شہِ دوسرا ہے ہمارا شفیع

ثنا ہے علا تک ہے روشن بیان
وہ بدر الدجیٰ ہے ہمارا شفیع

مدارج مراتب ہین بعد از خدا
علی العلا ہے ہمارا شفیع

وہ ہے شمعِ اوجِ وحدت کا نور
ضیائے خدا ہے ہمارا شفیع

لقد جاءکم جسکا شانِ نزول
وہ صاحب لوا ہے ہمارا شفیع

ہمیں ظلمتِ پل سے لغزش کیا ہو
سراجِ ہدا ہے ہمارا شفیع

جو معراج کی شب گیا عرش پر
وہ صدر العلی ہے ہمارا شفیع

لیا جسکو آغوشِ رحمت نے تھام
وہ رمزِ دنیٰ ہے ہمارا شفیع

نہ ہو کنزِ مخفی پہ کیون ہمکو ناز
یہ مضمون کھلا ہے ہمارا شفیع

ہوا جسکا ثانی نہ ہوگا کوئی
وہ ذاتِ خدا ہے ہمارا شفیع

ہے ابتک درِ کعبۂ فیض وا
کریم السخا ہے ہمارا شفیع

عذابِ قیامت سے بسمل ہراس
ہمیں فکر کیا ہے ہمارا شفیع

ردیف الغین معجمہ

یہانتک فراقِ سیدِ عالم مین کھائے داغ
سینہ مین کوئی جا نہین خالی سوائے داغ

تسکین غمِ حضور مین کسکو دیجئے
جان مبتلائے غم ہی جگر مبتلائے داغ

اے چشم سیلِ اشک سے دلکو بچائیو
اے گریہ دیکھنا کہین نہ بجھ جائے داغ

داغِ متاعِ عشقِ نبی سے ہے دل غنی
الفقر کچھ طلب نہین دلکو سوائے داغ

چمکینگے جون ثوابت و سیارہ حشر مین
روشن ہے ہم پہ خوب جو ہے مدعائے داغ

کیونکر نہ چشمِ شوق سے افشائے راز ہو
لالہ کی شکل کوئی کہانتک چھپائے داغ

پہونچا رسولِ پاک کی خدمت مین مثلِ برق
بہرِ خدا ہو توہی دلا رہنمائے داغ

بسمل

بسانِ سروِ چراغان ہے یا نہی
پہلو مین جائے غم ہے نہ سینہ مین جائے داغ

ردیف الفائے معجمہ

حبیبِ پاک شہِ نامدار کی تعریف
خدا سے پوچھیے اُس ذی وقار کی تعریف

نظر سے اہلِ نظر دیکھین معنیِ لولاک
سنائی یار نے کسدرجہ یار کی تعریف

زمین سے عرش پہ اور عرش سے بعالمِ پاک
ہوائے شوق ہی اُس شہسوار کی تعریف

کلیدِ قفلِ اہم ہے یہ رمزِ خاص الخاص
ہی فخرِ عالم شہِ افتخار کی تعریف

بہ شوق صرف صفت کیون نہ ہون عباد اللہ
نبی کا وصف ہے پروردگار کی تعریف

وہ نورِ شمعِ ہدایت ہے بزمِ موجودات
کلامِ پاک مین حق نے نگار کی تعریف

ہے زلف سورۂ واللیل والضحیٰ عارض
کرشمہ ساز ہے لیل و نہار کی تعریف

وہ روضہ روضۂ اقدس ہے عاشقانِ رسول
بہارِ خلد کی جسپر نثار کی تعریف

ہزارون اشقیا اعدائے دین کیے تہ تیغ
علی سے پوچھے کوئی ذوالفقار کی تعریف

نبی کی زلفِ معنبر کے روبرو ہے خطا
جو لوگ کرتے ہین مشکِ تتار کی تعریف

حضورِ دل سے ہو مصروفِ حمد اے بسمل
بشر پہ فرض ہے پروردگار کی تعریف

ردیف القاف معجمہ

بیچین کر رہا ہے طبیعت غمِ فراق
تڑپا رہا ہے دلکو یہ حضرت غمِ فراق

گہہ یاس گہہ ہراس گہے نالہ گہہ فغان
کیا کیا اُٹھا رہا ہے قیامت غمِ فراق

ایجذب ہو تو ہی دلِ بسمل کا چارہ جو
کبتک رہے یہ زیر مصیبت غمِ فراق

ازبس خدنگِ عشق بنی ہے مذیق تر
پیوست ہی جگر مین یہ لذت غمِ فراق

یارب کب ہوگا بسمل جانباز کامیاب
کس روز پائیگا یہ ہزیمت غمِ فراق

ردیف الکاف مہملہ

وہ نقابِ رُخ پرنور اُٹھائین کبتک
دیکھیے جلوہ دیدار دکھائین کبتک

منتظر ہون درِ اقدس پہ بلائین کبتک
قم باذنی کی صدا ہمکو سُنائین کبتک

لب پہ ٹھہرا تو لیا جانِ حزین کو لیکن
وہ عیادت کو مگر دیکھیے آئین کبتک

شُہرہ آفاق ہوا چاہ کا میری چرچہ
مثلِ منصور انا الحق کو چھپائین کبتک

عشقِ احمد مین خداوندِ احد صورتِ قیس
دھجیان جیب و گریبان کی اُڑائین کبتک

پھونک ڈالا تپِ ہجران نے تہہ چرخِ کہن
ابرِ رحمت میری آتش کو بجھائین کبتک

طور پر حضرتِ موسیٰ کو غش آیا جس سے
اُس تجلی کی چمک ہمکو دکھائین کبتک

کام بن بن کے بگڑتے ہین مقدر کا لکھا ‏ ‏ ‏ ایسے بگڑے ہوئے نقشہ کو بنائین کبتک

ہر زمان سورۂ یٰسین ہے سبق ای **بسمل**
دیکھین تفسیر مزمّل کو دکھائین کبتک

ردیف اللام مہملہ

نامِ خدا ہے آپ کا فرمان یا رسول ‏ ‏ ‏ صدقے تمہارے نام کے قربان یا رسول

کیونکر نہ سجدہ گہ ہو وہ ایوان یا رسول ‏ ‏ ‏ روح الامین جسکا ہو دربان یا رسول

آگے حضور کے مہ کنعان یا رسول ‏ ‏ ‏ گویا ہے ایک ذرۂ بیجان یا رسول

کس منہ سے وصف لکہے بندہ خدا گواہ ‏ ‏ ‏ نازل ہے شانِ پاک مین قرآن یا رسول

ہو جائے گر حضوری عنایت حضور سے ‏ ‏ ‏ دشواریان ہون سب مری آسان یا رسول

ادنیٰ ہی تیری خاک نشینی کے روبرو ‏ ‏ ‏ گو ہاتھ آئے تختِ سلیمان یا رسول

وہ جلوۂ جمال وہ نورِ ضیائے حق ‏ ‏ ‏ بیتاب کیون نہ ہو مہ تابان یا رسول

فکرِ معصیت سے ہوا اسکو انفراغ ‏ ‏ ‏ جو ہو چکا حضور کا خواہان یا رسول

جب مہرِ حشر بر سرِ محشر ہو آشکار ‏ ‏ ‏ سر پر ہو میرے آپکا دامان یا رسول

دکھلا دو اک نظر اگر اپنا جمالِ پاک ‏ ‏ ‏ ہو جائے پھر تو حشر کا سامان یا رسول

لکھتا ہون وصف مظہرِ خلاقِ دہر کا ‏ ‏ ‏ رنگین کیون نہ ہو مرا دیوان یا رسول

ٹکرا کے سر کو جان دون چوکھٹ پہ آپکی ‏ ‏ ‏ دل مین یہی ہے حسرت و ارمان یا رسول

بسمل کو مثل ماہیِ بے آب ہجر میں
پڑتی نہیں ہے کل کسی عنوان یا رسول

جو ہوا صرف ثنا خوانِ پیمبر اے دل
ہو گیا قربِ خدا اُسکو میسر اے دل

عشقِ احمد کی بدولت ہوں تونگر اے دل
وقت کا اپنے ہوں جمشید و سکندر اے دل

رمزِ لولاک لما کوئی سمجھ سکتا ہے
میم احمد کا معما ہے سراسر اے دل

جان ہے اُس چاند سے مکھڑے پہ فدا مثلِ چکور
نور سے جسکے ہوا مہر منور اے دل

ظلمتِ کفر سے معمور تھا ہر شہر و دیار
نور سے آپکے روشن ہوا گھر گھر اے دل

تا کُجا وادیِ وحشت میں پھرین مثلِ غبار
ہند سے اُڑ بھی چلو صورتِ صرصر اے دل

بیٹھکر پھر نہ اُٹھے صورتِ سیماب فقیر
بات بنجائے جو اُس در پہ ہو بستر اے دل

کب وہ ہو فتنۂ محشر سے پریشان خاطر
ہاتھ مین جسکے ہو دامانِ پیمبر اے دل

رائج الوقت ہے سلطانِ عرب کا سکہ
مُہر ہے ماہ کے سینہ مین برابر اے دل

جس طرف وہ نظرِ لطف کرم فرما ہو
کوئی دارا ہو کوئی جم کوئی اکبر اے دل

یوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیک
ہو چکا ختم نبوت کا نبی پر اے دل

شافعِ حشر کی اُمت ہوں سمجھتا کیا ہے
ناز ہے ہمکو شفاعت پہ برابر اے دل

روز بسمل کے پہنچتے ہیں وہاں پیغام و سلام
شغل اورادِ تحیت ہے برابر اے دل

ردیف السین مہملہ

وہ ہے راحتِ جانِ مسیح زمان میں ہون جسپہ نثار خدا کی قسم
اُسی برقِ تجلّی کا دل میں ہے غم اُسی جلوہ برقِ ادا کی قسم

رُخِ پاک ہے جلوہ ذاتِ خدا رُخِ مصحفِ ذاتِ خدا کی قسم
لبِ شیرین نے مُردون کو زندہ کیا لبِ چشمہ آبِ بقا کی قسم

ترے حُسن کا شُہرہ ہے شاہِ زمن ترے سکّہ مہر و وفا کی قسم
تری سُرمگین آنکھین وہ سادہ چلن گُلِ نرگسِ شرم و حیا کی قسم

ہے جمالِ حضور کی دِلکو طلب ہو حضوری حضور تو کیا ہی عجب
ہون غلام قدیم خدیوِ عرب مجھے آپ کے شوقِ لقا کی قسم

ترے آنیسے سب یہ ظہور ہوا جو تلاطم کفر تھا دُور ہوا
روان ہستی سے فسق و فجور ہوا رُخِ جلوہ ذاتِ خدا کی قسم

ہوا اِسکو یہ منصبِ قُرب عطا شبِ اسرا جو آپ پہ فضل ہُوا
وہ بُراق وہ عشوہ وہ ناز و ادا ترے عشوہ ناز و ادا کی قسم

درِ پاک پہ کاش جبین کو رکھون لبِ شوق سے حالِ دل عرض کرون
مجھے شوقِ تجلّی ہے حد سے فزون گُلِ عارضِ جلوہ نما کی قسم

مرے دل میں ہے سوزشِ دردِ نہان مرے لب پہ ہے نالہ و آہ و فغان

ہوا تارِ نفس مجھے نشترِ جان ترے عشق کے تیرِ ادا کی قسم

خبر اسکی لین جلد حضور کہین اسے دردِ جدائی کی تاب نہین
لبِ دم ہے یہ بسمل خستہ حزین ترے شیوۂ جود و سخا کی قسم

بزمِ میلادِ نبی جس جا پہ سن پاتے ہین ہم — شوق سی ہوتے ہین حاضر سر کے بل جاتے ہین ہم
نازہی اُس در کی دریوزہ گری پر ہمنشین — دھیان مین ملکِ سلیمان کو نہین لاتے ہین ہم
نام سُنتے ہی جنابِ سیدِ لولاک کا — دونون ہاتون سے پکڑ کر دل کو رہجاتے ہین ہم
اے نسیمِ لطف حضرت لیچل اب سوئے عرب — غنچہ سان اب ہند مین رہ کی مرجھاتے ہین ہم
دے خبر اپنے مریضِ عشق کی بہرِ خدا — اے مسیحائے زمان اب جان سے جاتے ہین ہم
شعلہ سان لرزان ہے دل سن سُنکے احوالِ سقر — آتشِ دوزخ سے مثلِ بید تھراتے ہین ہم
شوقِ پابوسی زمین سے گر کے اُٹھ سکتی نہین — صورتِ نقشِ قدم بن بنکے مٹ جاتے ہین ہم
اُس نسیمِ صبحِ محشر کا جب آتا ہی خیال — پھول کر جامہ سے باہر اپنے ہو جاتے ہین ہم
جائین کس جانب درِ دولت سے اُٹھکر یا نبی — اب ہی تہی دستی سی اپنی سخت شرماتے ہین ہم
کونسی کرتوت پر ہو دعویِ پائے نجات — ای پشیمانی گُنہ اپنے سے گھبراتے ہین ہم

لگ رہی ہی لو خدا سے جلد دکھلائے عرب
اب تو بسمل ہند کے رہنے سے گھبراتے ہین ہم

ای سرورِ کون و مکان مشتاقِ دیدارِ توام — وے خسروِ ہر انس و جان مشتاقِ دیدارِ توام
ای نورِ خلاقِ جہان مشتاقِ دیدارِ توام — ای فخرِ فخرِ مرسلان مشتاقِ دیدارِ توام

ای دستگیر بیکسان مشتاق دیدارِ توام — وی رہنمائے گمرہان مشتاق دیدارِ توام

ای عندلیبِ خوش بیان مشتاق دیدارِ توام — وی بلبلِ باغِ جنان مشتاق دیدارِ توام

ای باعثِ خلقِ خدا وی موجب ارض و سما — ای وجہ ایجادِ جہان مشتاق دیدارِ توام

تو شاہِ والا شان ہے اترا تجھے قرآن ہے — اللہ کی جو ہے زبان مشتاق دیدارِ توام

مشتاق دیدارِ توام اے سیدِ والا حشم — پیغمبر آخر زمان مشتاق دیدارِ توام

مداح کی طاقت نہی لکھے تری مدحت ذری — ممدوح خلاقِ جہان مشتاق دیدارِ توام

مہرِ عرب ماہِ عجم ای صاحبِ جود و کرم — ای دلربای دلبران مشتاق دیدارِ توام

شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ صدر العلیٰ نور الہدا — مسند نشینِ لامکان مشتاق دیدارِ توام

ای نورِ حق جلّ و علا وی مظہرِ ذاتِ خدا — ای شمعِ بزمِ کن فکان مشتاق دیدارِ توام

ای رحمۃٌ للعالمین آرامِ جانِ عاشقین — مصباحِ بزمِ سالکان مشتاق دیدارِ توام

عرصہ سے با آہ و فغان گویا ہی بسمل نیم جان
ایچارۂ بیچارگان مشتاق دیدارِ توام

ردیف النون معجمہ

سرورا ابتو دکھا دو رخِ پر نور ہمین — چین لینے نہین دیتا دلِ رنجور ہمین

پاس بلوا لو خدا را یہ ہے منظور ہمین — دور نظرون سے نرکھ جانِ جہان دور ہمین

روکتا آہ سے ہے نالۂ پر شور ہمین — اب تو بس ہجر مین کہانا پڑا سیندور ہمین

وصل گر ہوتے کے آنے پہ ہی موقوف تو آئے
ہے شبِ ماہ سی بڑھکر شبِ دیجور ہمین

ربِّ ارنی تو کہا حضرتِ موسیٰ نے مگر
یہ نہ سمجھے کہ تجلّی کا ہے مقدور ہمین

چارہ گر دیکھ ہین داغِ جگرِ عشقِ نبیؐ
صورہو جا نکہین پچھایہ نا صور ہمین

طُرّہ تاجِ شفاعت سرِ اعزازِ اُمّتؐ
تیری رحمت سے ملے منزلِ فغفور ہمین

کس کی مژگان کا تصوّر ہے الٰہی ہر دم
ہو گیا خانۂ دل خانۂ زنبور ہمین

رنج و راحت مین گھٹے اور نہ بڑھے کاش قدم
رکھہ خدا اپنے ہر اک امر پہ مامور ہمین

رمزِ عُشّاق کو عاشق ہی سمجھ لیتے ہین
کوئی تبریز کہے ہے کوئی منصور ہمین

للہ الحمد ثنا خوانِ نبی بسمل زار
لوگ اس نام سے کرتے تو ہین مشہور ہمین

نبی کی فرقت مین لبؔ جان ہے الٰہی کیسے عتاب مین ہون
نہ صبر دل کو نہ تاب جان کو طرح طرح کے عذاب مین ہون

پلک جھپکتی نہ ایک پل ہے نہ دردِ ہجران سے دل کو کل ہے
دکھاتی آنکھین مجھے اجل ہے خیال مین ہون نہ خواب مین ہون

مین سر جھکائے جو چُپ ہون بیٹھا کوئی حالت کو میری سمجھا
اے ہمنشین ہے یہ خوف کی جا کہ وقفِ بحرِ سراب مین ہون

اُڑا کے لے چل نبی کے در پر نہ جھونکے اتنے دے بادِ صرصر
خراب مٹی نہ میری تو کر مین عشقِ عالی جناب مین ہون

مین ہولِ محشر سے ڈر رہا ہون مین پہلے مرنے سے مر رہا ہون
خیالِ عصیان پہ کر رہا ہون مین فکرِ روزِ حساب مین ہون

نہ صبحِ عشرت نہ شامِ غربت نہ چین دن کو نہ شب کو راحت
ہی یادِ قامت مین اک قیامت عجیب رنگِ عذاب مین ہون

الٰہی بسمل کی ہے یہ نیت کہ جب وہ راکبِ براقِ قدرت
ہو گرمِ جولان پئے شفاعت مین اُسکے پائے رکاب مین ہون

بود و نبود ہیچ ہے اُس کی نگاہ مین	جو مرتبہ ہی ہجرِ شہِ دین پناہ مین
نالہ مین ہے اثر نہ فغان مین نہ آہ مین	یارب یہ گم ہوا ہون مین اشتیاقِ راہ مین
یوسف مین ہی وہ حسن نہ خورشید و ماہ مین	حسن اللہ ہے حسن رسول اللہ مین
کب ہوگی وہ تجلی مولا مجھے نصیب	جلوائے طور جسکی ہے طرزِ نگاہ مین
گو شانہ وار سینہ شگافی ہے رات دن	لیکن پھنسا ہی دل اُسی زلفِ سیاہ مین
جو شربتِ وصالِ محمد مین لطف ہے	لذت نہین وہ یوسفِ مصری کی چاہ مین
دیکھا جسے نگاہِ کرم سے ہوا غنی	ثروت تھی یہ حضور کی فیضِ نگاہ مین
ذرّے ہین اُسکے پرتوِ اقدس کے سامنے	نقشے جو دیکھتے ہین یہ ہم مہر و ماہ مین
بخشا نہینگے خدا سے حبیبِ خدا قصور	امید ہے یہ عرصۂ امیدگاہ مین
اوصافِ مصطفےٰ کی بدولت ہے یہ فروغ	مثلِ نظر عزیز ہون سب کی نگاہ مین

قطعہ

بولے حسین یون صفِ اعدا سے گو کہ ہیو	باقی ہون اک مین آلِ رسالت پناہ مین

تسپہ یہ ظلم اور یہ ستم اور یہ سختیاں
پیاسا کرو شہید مجھے رزم گاہ میں

کس منہ سے پیش ساقیِ کوثر کہو گے تم
شامل ہیں ہم بھی اشہدان لا الہ میں

جب داد ہو یہ داورِ محشر کے سامنے
رعشہ ہو پائے تختِ جنابِ الہ میں

بسمل خموش ماتمِ شبیر میں ہنوز
کعبہ سیاہ پوش ہے سب کی نگاہ میں

بلایا عرش پر دم میں بلانا اسکو کہتے ہیں
جتایا عشقِ محبوبی جتانا اسکو کہتے ہیں

مٹے جوں نقشِ پا ہم بن سکے ہم یادِ محمد میں
مٹانا اسکو کہتے ہیں بنانا اسکو کہتے ہیں

اٹھا کر برقعہ نوری دکھا کر جلوہ طوری
لبھایا دونوں عالم کو لبھانا اسکو کہتے ہیں

رہے محروم شمر اخفش سعادت حر کو حاصل ہو
گھٹانا اسکو کہتے ہیں بڑھانا اسکو کہتے ہیں

عیاں تھا صاف یہ نکتہ نقابِ روئے رنگین ہے
ہنسانا اسکو کہتے ہیں رلانا اسکو کہتے ہیں

بفیضِ حامیِ محشر کھلا جنت کا در بسمل
بچایا نارِ دوزخ سے بچانا اسکو کہتے ہیں

جوش پر ہے شوقِ سیرِ بوستان اندنون
داغ ہیں لالہ کی صورت دل میں پنہاں اندنون

اچھل ایجذبِ محبت اب تو اس دربار تک
آستاں بوسی کا ہے سینہ میں ارماں اندنون

روضہ اطہر کہوں یا گنبدِ عرشِ مجید
جنت الماویٰ کہوں یا باغِ رضوان اندنون

گرمیِ عشقِ نبی نے پھونک ڈالا مثلِ گل
داغِ پنہاں سے ہے دل سرو چراغاں اندنون

ہے متاعِ عشقِ احمد کی بدولت دل غنی
دھیان میں جچتی نہیں مہرِ سلیمان اندنون

سرنگون ہین نور احمد مصطفےٰ کے سامنے
ماہ تابان ان دنون مہر درخشان ان دنون

اب دکھا دیجیے خدارا جلوہ نور جمال
بسمل محزون ہے کوئی دم کا مہمان ان دنون

ترے در پہ یا شاہ آئے ہوئے ہین
ندامت سے گردن جھکائے ہوئے ہین

ترے پاس فریاد لائے ہوئے ہین
گرانبار سر پر اُٹھائے ہوئے ہین

سند آپ قرآن لائے ہوئے ہین
ہدایت کو بندون کی آئے ہوئے ہین

نہ آتا کوئی یہان پہ کتم عدم سے
حضور ہی کے باعث سب آئے ہوئے ہین

زبان پر ہے ہر وقت ذکر محمد ﷺ
محمد ہر اک دل کو بھائے ہوئے ہین

جو ہین تیغ ابروئے حضرت کے بسمل
شہادت کا رتبہ وہ پائے ہوئے ہین

کہیگا احد بخشتا اُن سب کو ہم نے
جو احمد پہ ایمان لائے ہوئے ہین

ہے فرق محمد پہ بخشش کا سہرا
شفاعت کا بیڑا اُٹھائے ہوئے ہین

نظر آئی کس منہ سے پیش نظر ہون
سیاہی کا دھبہ لگائے ہوئے ہین

مٹے ہین ترے نقش پا پر یہان تک
کہ ہستی کا نقشہ مٹائے ہوئے ہین

محمد ہی اپنا وسیلہ ہے بسمل
محمد ہی سے لو لگائے ہوئے ہین

ہم باغ جہان مین جو یون مرجھائے ہوئے ہین
لالہ کی روش سینہ مین گل کھائے ہوئے ہین

اُمت مین محمد کی جو کہلائے ہوئے ہین
جنت مین وہ لاریب جگہ پائے ہوئے ہین

ہم زہرِ غمِ ہجرِ نبی کھائے ہوئے ہین
مر جانے دو ہم جینے سے اُکتائے ہوئے ہین

جنت کی ہوا آئیگی کب دھیان مین اُنکے
جو کوئے محمدؐ کی ہوا کھائے ہوئے ہین

جس دن سے ہے اُس زلفِ چلیپا کا تصوّر
سینہ مین عجب سانپ سے لہرائے ہوئے ہین

اکسیر کی کچھ اصل نہین اُن کی نگاہ مین
جو خاکِ رہِ کوئے نبی پائے ہوئے ہین

مٹ جائینگے جون نقشِ قدم نقشِ قدم پر
ہم دل کو اسی بات پہ ٹھہرائے ہوئے ہین

ہم شیفتۂ قالوا بلیٰ مستِ الست ہین
سمجھا نہ ہمین واعظ سمجھائے ہوئے ہین

شرم آتی ہے کس منہ سے ہون اُس در کے مقابل
ہم پردۂ اعمال سے شرمائے ہوئے ہین

بسمل ہے یہی التجا اُس شاہِ ولا سے
بلوا لو بس اب ہند سے گھبرائے ہوئے ہین

یا نبی اکرم بُلاتے کیون نہین
قید ہجران سے چھڑاتے کیون نہین

جلوۂ حق مین دکھاتے کیون نہین
مجھکو وارفتہ بناتے کیون نہین

پردۂ دوری اُٹھاتے کیون نہین
چین سے مجھکو بٹھاتے کیون نہین

روئے اقدس کی دکھا کر آب و تاب
دل کی آتش کو بجھاتے کیون نہین

مر رہا ہون حافظانِ ہمنشین
سورۂ یٰسین سُناتے کیون نہین

زجر کرتا ہے فرشتہ موت کا
روئے اقدس کو دکھاتے کیون نہین

خندہ پیشانی دکھا کر یا رسول
مجھکو رویا مین ہنساتے کیون نہین

حال ابتر ہے مرا فریاد ہے
میری بگڑی کو بناتے کیون نہین

طفل ساں پہلو میں مچلتا ہے دل
سوئے یثرب لیکے جاتے کیوں نہیں

دور بیں سے دیکھتا نزدیک ہے
دور میں مجھکو دکھاتے کیوں نہیں

ہے شفا ممکن مریضانِ نبی
تم ہوا قرآں کی کھاتے کیوں نہیں

دیکھا جن آنکھوں سے ہے اللہ کو
مجھکو وہ آنکھیں دکھاتے کیوں نہیں

تم تو بسمل حافظِ قرآں ہو
والضحیٰ کو آزماتے کیوں نہیں

ضبطِ گریہ کی ہمکو تاب نہیں
اپنے قابو میں اضطراب نہیں

بے مزا ہے گزک کباب نہیں
لطف کیفیت شراب نہیں

نقد دل لے لیا حساب نہیں
ایسے خاموش ہیں جواب نہیں

سامنے سے نظر نہیں آتا
کوئی پردہ نہیں حجاب نہیں

شکوۂ گردشِ فلک ناحق
اُسکو کس وقت انقلاب نہیں

ایسا بے مثل لاجواب ہے وہ
جس کا ثانی نہیں جواب نہیں

صدمۂ ہجر سے خدا کی پناہ
اس سے بڑھکر کوئی عذاب نہیں

دامنِ صبر کھینچکر پھاڑیں
ایسے بے صبر ہم جناب نہیں

گردشِ چشم یار سے افزوں
گردشِ چشم آفتاب نہیں

چشمِ بد دور اٹھ گیا پردہ
اب تو حائل کوئی حجاب نہیں

کیسی بے آبروئی ہے بسمل
حیف خنجر میں اُن کے آب نہیں

مین مرتا ہون شہِ ابرار تجھ بن ۔ مرا جینا ہے اب دشوار تجھ بن
مرا کوئی نہین غمخوار تجھ بن ۔ سناؤن کسکو حالِ زار تجھ بن
غریقِ بحرِ عصیان ہون خبر لے ۔ مرا ہوگا نہ بیڑا پار تجھ بن
بہ تنگ آیا جنون سرکش ہے یہان تک ۔ پھراتا ہے بگولہ وار تجھ بن
تڑپتا ہون بسانِ مرغِ بسمل ۔ حبیبِ ایزدِ غفار تجھ بن
دمِ امداد ہے رشکِ مسیحا ۔ سسکتا ہے ترا بیمار تجھ بن
غمِ دوری سے مرتا ہے خبر لے ۔ یہ تیرا طالبِ دیدار تجھ بن
عیال و آل و اطفال و قبائل ۔ یہ ہین سب صورتِ اغیار تجھ بن
ہے طغیانی پہ بحرِ جوشِ رقت ۔ بندھا ہے آنسوؤن کا تار تجھ بن
ترا ہی آسرا ہے روزِ محشر ۔ وہان ہوگا نہ کوئی یار تجھ بن
کرون کیا بن نہین آتا کوئی کار ۔ مرا ہر کار ہے بیکار تجھ بن
خورش تفسیدہ دل ہے آتشِ غم ۔ بشکلِ مرغِ آتش خوار تجھ بن
غم و بیتابی و حرمان و حسرت ۔ یہ ہین سب درپئے آزار تجھ بن

پھرے ہے در بدر شاہا کرم کر
ترا بسمل قلندر وار تجھ بن

ہون غرقِ بحرِ غم مین آلِ شتاب تجھ بن ۔ بیٹھا ہی جائے ہے دل مثلِ حباب تجھ بن
بے لطف جان جان ہے لطفِ شباب تجھ بن ۔ بیکار زندگی ہے جینا خراب تجھ بن

سوزِ فراق ہے وہ سرگرمِ شعلہ باری
جل بھنکے ہوگیا ہے سینہ کباب تجھ بن

ہے گاہ رنج اور غم گہہ یاس اور الم ہے
دل پر گزر رہا ہے کیا کیا عذاب تجھ بن

فرقت نے تیری دل کو کس تخمصہ مین ڈالا
پھرتا ہے در بدر یہ خانہ خراب تجھ بن

یہان اضطرابِ دل ہے وہان پاسبان مخل ہے
کیونکر دعائین اپنی ہون مستجاب تجھ بن

مخدومِ ہر دو عالم ممکن نہین جہان مین
ہو کامیاب **بسمل** اے بوتراب تجھ بن

ڈرا مجھے واعظا حشر سے تو مجھے حشر کا خوف و خطر ہی نہین
مِرا حامی ہے وہان پہ شفیعِ اُمم تجھے بے خبر اسکی خبر ہی نہین
ہون مریضِ بہ عشقِ حبیبِ خدا مجھے خواہشِ درمان نہین ہے ذرا
اے طبیب عبث ہے یہ تیری دوا مجھے ہوگا دوا کا اثر ہی نہین
ہے وہ چشم سے جسکے نہ خون جگر رہے ہجرِ نبی سے نہ شوریدہ سر
کہے لاکھ وہ مجھسے ہون خستہ جگر مین کہونگا یہ خستہ جگر ہی نہین
دلا مان تو کہنے کو میرے یقین کہا بارہا اور کہونگا یونہین
جسے حبِ جنابِ رسول نہین گو بشر ہو مگر وہ بشر ہی نہین
سُنا ہے رگِ شریان سے قرب مگر سیہ بختی کا میری یہ دیکھو اثر
ہوا جسکے فراق مین تیرہ نظر مجھے ہائے وہ آتا نظر ہی نہین
روان ہجرِ نبی مین ہے آنکھ سے خون جو گزرتی ہے دل پہ وہ کس سے کہون

ہوا جائے ہے اپنا تو حالِ زبون وے ہائے کچھ اُنکو خبر ہی نہین

دِلا سب یہ فضول ہے طولِ امل کہین جلد خدارا یہان سے نکل

ابھی باندھ کمر تو مدینہ کو چل کوئی خوب ہے اِس سے سفر ہی نہین

لڑو غافلو دنیوی گھر پہ نہ یہان اسے چھوڑ کے چلنا ہے تمکو وہان

جسے کرتے ہین مُلکِ عدم کا بیان وہی گھر ہے قدیم یہ گھر ہی نہین

مرا آقا ہے وہ شہِ عالی ہِمَم جسے اہلِ عرب اور اہلِ عجم

کہین باعثِ خلقِ خدا کی قسم وہ تو نورِ خدا ہے بشر ہی نہین

ہے یہ بسملِ زار رہینِ الم ہو خدارا اب اِس پہ نگاہِ کرم

بجز آپکے در کے اے شاہِ اُمم کہین اور ہے اسکا مفر ہی نہین

مومنو ہو چلو شامل محفلِ میلاد مین — رحمتِ یزدان ہے نازل محفلِ میلاد مین

آتے ہین کرّوبیان عرشِ برین سے جوق جوق — باادب ہوتے ہین داخل محفلِ میلاد مین

عاشقانِ روئے احمد کو نوید دید ہے — آپ بھی ہوتے ہین شامل محفلِ میلاد مین

جلوۂ نورِ جمالِ پاک خیر المرسلین — بے تکان ہوتا ہے حاصل محفلِ میلاد مین

عارف و کامل کا اِس محفل مین لگتا ہے سراغ — ڈھونڈھتے اکثر ہین عاقل محفلِ میلاد مین

گوہرِ اُمید سے بھرتے ہین وہ دامانِ دل — حق سے جو ہوتے ہین سائل محفلِ میلاد مین

پاک ہوتا ہے گنہ سے ہر صغیر و ہر کبیر — جُرم ہو جاتے ہین زائل محفلِ میلاد مین

نام سُنتے ہی محمد کا پڑھو دل سے درود — اِس سے ہرگز ہو نہ غافل محفلِ میلاد مین

حاضرانِ مجلسِ مولد مین از بس انتظار
آپ بھی کچھ پڑھیے بسملِ محفلِ میلاد مین

آیا جب نورِ محمدؐ مصطفےٰ قندیل مین
جلوۂ حق ہو گیا جلوہ نما قندیل مین

کیون نہ ہو اُس وقت نورانی ضیا قندیل مین
نور کا قندیل تھا اور نور تھا قندیل مین

ہو گیا کچھ اور ہی عالم ضیائے نور کا
زینتِ قندیل جب داخل ہوا قندیل مین

سر جھکانے کی ہے جا دم مارنے کی جا نہین
نورِ محبوبِ خدا تھا یا خدا قندیل مین

داخلِ قندیل کر کے نورِ پاکِ مصطفےٰ
دیکھتا تھا شان اپنی کبریا قندیل مین

دھوم تھی صلِّ علیٰ کی عالمِ لاہوت مین
نورِ احمدؐ کو احد نے جب رکھا قندیل مین

جھک گئی ہو کر ملک سب دست بستہ صف بصف
دیکھی جب نورِ محمدؐ کی ضیا قندیل مین

کھل گئے معنیِ اِہدِنَا الصِّرَاطَ المُستَقِیم
رہنمائے راہِ حق جب آگیا قندیل مین

چادرِ مہتابِ انور بچھ گئی لاہوت مین
پہونچا جب سیارۂ قدرت نما قندیل مین

حق نے مسجودِ ملایک کر دیا آدم کو کیون
تھا یہی باعث کہ تھی جسکی ضیا قندیل مین

کاشفِ اسرارِ معانی گویا تھا بار بار
لمعۂ اسرارِ حق روشن ہوا قندیل مین

کیون نہ اُس آئینۂ حق پر کرین جان کو فدا
جو رہا برسون تلک پیشِ خدا قندیل مین

کلمۂ طیب پھر اسے بسمل بخطِ نورِ صاف
خامۂ قدرت نے لکھا جا بجا قندیل مین

ردیف الواو مہملہ

تمہین نجمِ دو عالم ہو ضیائے چرخِ اخضر ہو — تمہین مہرِ درخشان ہو تمہین ماہِ منور ہو
تمہین اندازِ یزدان ہو تمہین اسرارِ داور ہو — تمہین مطلوبِ خالق ہو تمہین محبوبِ اکبر ہو
تمہو حق کی حجت ہو مقامِ شک نہین آمین — سراسر نورِ یزدان ہو مجسم نورِ داور ہو
رسالت ختم کی اللہ نے ختمِ رسل تم پر — نشانِ مُہرِ نبوت ہے تمہین سچے پیمبر ہو
تمہارے وصف عالی ہین کلام اللہ ناطق ہے — ہر اک عالی سے عالی ہو ہر اک بہتر سے بہتر ہو
تکین منہ نیک و بد کیونکر نہ ہنگامِ قیامت مین — شفیعِ روزِ محشر ہو قسیمِ حوضِ کوثر ہو
سراپا طبلۂ عطارِ قدرت جسمِ موزون ہے — نکیون پھر سرنگون خوشبو سے بوئے عود و عنبر ہو
لگانا ساحلِ امید پر گردابِ حسرت سے — تمہین اے آشنا دریائے وحدت کے شناور ہو

دعا ہے یہی اے بسمل خداوندِ دو عالم سے
ترقی پر سدا عشقِ نبی آلِ پیمبر ہو

جلوۂ سیدِ ابرار چلو دیکھین تو — اشعۂ مطلعِ انوار چلو دیکھین تو
قبۂ احمدِ مختار چلو دیکھین تو — اپنی سرکار کا دربار چلو دیکھین تو
مجمعِ عاشقِ سرشار چلو دیکھین تو — طالبِ شربتِ دیدار چلو دیکھین تو
یثربِ پاک مین جبتک نہ ہو مسکن واعظ — خاک ہے جبہ و دستار چلو دیکھین تو
نخلہائے چمنستانِ ارم سنتے ہین — یثربِ پاک کے اشجار چلو دیکھین تو
دہوم عرشین مین بھی آتا ہے وہ محبوبِ جمیل — جسپہ اللہ کا ہے پیار چلو دیکھین تو
دیکھکر شافعِ محشر کو کہینگے عاصی — آگیا اپنا مددگار چلو دیکھین تو

ایک عرصہ سے ہے فردائے قیامت پہ قیام
آج ہے دعوتِ دیدار چلو دیکھین تو

اے گدایانِ نبی محوِ تماشائے جمال
وہ اوٹھا پردۂ رخسار چلو دیکھین تو

لطف تو جب ہے دمِ نزع یہ فرمائین حضور
بسملِ زار ہے بیمار چلو دیکھین تو

ضیائے قلب ہے نامِ نبی ہر فردِ انسان کو
نصارا کو یہودی کو مجوسی کو مسلمان کو

شرف نبیون مین جو کچھ آپکو بخشا ہے خالق نے
نہ موسیٰ کو نہ عیسیٰ کو نہ داؤد و سلیمان کو

بفیضِ یثرب و بطحیٰ اشرف ہے ربع مسکون مین
ختن کو چین کو ماچین کو روم و خراسان کو

نہ پہونچا کوئی خوبانِ جہان تیری نزاکت کو
ادا کو ناز کو عشوہ کو اندازِ خرامان کو

خطا ہے دون اگر تشبیہ دندانِ مبارک سے
گوہر کو لعل کو یاقوت کو ہیرے کو مرجان کو

الٰہی ہجرِ احمد مین نہ ضعف و ناتوانی ہو
قلق کو فکر کو غم کو الم کو رنج و افغان کو

فراقِ سرورِ دین نے اڑایا سبکو نظرون سے
ہوا کو ابر کو گل کو چمن کو سیرِ بستان کو

دلاسا ہمنشین کس کس دن ہجرِ پیمبر مین
فغان کو آہ کو زاری کو بیتابی کو حرمان کو

کیا روشن ضیائے شمعۂ اقدام حضرت نے
فلک کو ماہ کو ماہی کو خور کو چرخِ گردان کو

یہ بے قابو ہون یا حضرت نہین پاتا ہون قابو مین
جگر کو سوز کو سینہ کو دل کو جسم کو جان کو

الٰہی بخش دے بسمل بسانِ مرغِ بسمل ہے
خطا کو جرم کو تقصیر کو عصیان کو نسیان کو

مرا حامی شفیعِ روزِ محشر روزِ محشر ہو
مرے سر پر خداوندِ جہان دستِ پیمبر ہو

ہر انسان او سعد پر دولت کی برکت سے تونگر ہو
بلائیں گر در اقدس پہ بندہ کو تو بہتر ہو
بلا شک رشکِ جنت مرقدِ مومن سراسر ہو
اٹھانا زیر سایہ سایۂ ابرِ کرم مجھکو
بگوئے کیطرح سرکش ہون پر چکّر مین ہون بازآ
اٹھاؤن سر نہ سجدے سے جبین سائی مین لبِ جان و
اوڑاون دہجیان صحرائے بطحیٰ مین گریبان کی
خمارِ بادۂ عشقِ نبیؐ واعظ دکھا دونگا
نہ ہو کیونکر وہ بیڑا پار دریائے قیامت سے
الٰہی گرچہ کم رتبہ ہون پر مدّاحِ حضرت ہون

گدا ہو بادشاہ ہو بادشاہ ہو ہفت کشور ہو
پھر اونگا در ہو اور بندہ ہو اور بندہ کا بستر ہو
رسول اللہ جبدم جلوہ فرما جلوہ گستر ہو
سوا نیزہ پہ جب آکر کھڑا خورشید محشر ہو
ہوائے شوقِ یثرب مین مرا دل مثلِ صرصر ہو
وہ سنگِ آستان قسمت سے گر مجھکو میسّر ہو
جنون عشقِ محمد مصطفےٰ گر میرا رہبر ہو
عطا جب ساقیِ کوثر سے مجھکو جامِ کوثر ہو
کہ جس کشتی کا کشتیبان اکرامِ پیمبر ہو
مرا مدفن مدینہ مین شہیدی کے برابر ہو

یہی ہے التجا بسمل خداوندِ دو عالم سے
فزون تر روز و شب عشقِ نبیؐ آلِ پیمبر ہو

جمالِ سیّدِ ابرار دیکھو
اٹھا ہے پردۂ اسرار دیکھو
ضیائے روئے پُر انوار دیکھو
مری حالت شہِ ابرار دیکھو
مریضِ عشقِ احمدؐ ہون طبیبو

کھلا ہے خلد کا بازار دیکھو
وفورِ رحمتِ غفّار دیکھو
خدا کے دوست کا دیدار دیکھو
مرے آقا مری سرکار دیکھو
نجائے گا مرا آزار دیکھو

دکھائے گا ہمیں کب تک مقدر
کب ہوتی ہیں یہ آنکھیں چار دیکھو

ہر اک رشکِ گلستانِ ارم ہے
مدینہ پاک کے اشجار دیکھو

تصدق آپ ہی کا ہے جو کچھ ہے
نظر سے یا اُولی الانصار دیکھو

سنائی الفتِ احمد نے سبکو
ندائے نِعمَ عقبی الدار دیکھو

پڑھو صلوات گردابِ گنہ سے
ابھی ہوتا ہے بیڑا پار دیکھو

چلو بسمل سوئے یثرب شتابی
بہارِ گلشنِ بنجار دیکھو

شہا میری گرفتاری تو دیکھو
نظر سے میری دشواری تو دیکھو

مرے اشکوں کی امطاری تو دیکھو
تلاطم گریہ وزاری تو دیکھو

اُٹھا دو نرگسیں آنکھوں سے پردہ
مریض اپنے کی بیماری تو دیکھو

پھرایا گردشِ دوران نے اک پاؤں
ہمارا کار پرکاری تو دیکھو

بنایا غیر کو بھی پتلۂ غم
مرے غم کی فسون کاری تو دیکھو

شبِ فرقت غمِ دوری تفکر
یہ مجبوری یہ ناچاری تو دیکھو

تڑپتا ہون بسانِ مرغِ بسمل
مرے زخمِ جگر کاری تو دیکھو

چراغِ صبحِ محشر ہے مرا داغ
شبِ ہجران کی دشواری تو دیکھو

بنے کنجِ لحد آغوشِ مادر
یہ حضرت کی وفاداری تو دیکھو

تصور سے لیا کارِ معانی
مرے دل کی پرستاری تو دیکھو

خدا سے چاہا محبوبِ خدا کو — دلِ شیدا کی عیاری تو دیکھو
گہے رنج و محن گہہ یاس و حسرت — مرے غم کی طرحداری تو دیکھو
خدا سے بخشوائینگے مقرر — یہ امت کی مددگاری تو دیکھو
عدالت حشر سے بخشائینگے ہم مین — یہ مختاری یہ دلداری تو دیکھو

طبیبِ دردِ دل اے چارہ فرما
دلِ بسمل کی ناچاری تو دیکھو

یا نبی حسنِ والضحے تم ہو — یا نبی شانِ کبریا تم ہو
یا نبی رحمتِ خدا تم ہو — یا نبی فضلِ کبریا تم ہو
اولیا انبیا و غوث و قطب — سب کے ہادی و رہنما تم ہو
لاکھون یوسف سے ہون غلام اگر — وہ زلیخائے خوش لقا تم ہو
کیون عوام آپ پر نہ ہون مفتون — خاص محبوبِ حق شہا تم ہو
رمزِ خُلقِ عظیم ہے گویا — سب کے آقا و مقتدا تم ہو
سرنگون کیون نہ ہو بتِ آزر — مظہرِ ذاتِ کبریا تم ہو
دردِ دل کی دوا جگر کا علاج — کیون نہ ہو آیۂ شفا تم ہو
ہو رسائی حضورِ اقدس تک — نالہ و آہ گر رسا تم ہو
کیون نہ پکڑون مین آپکا دامن — میری کشتی کے ناخدا تم ہو
خوف بسمل کو کیا قیامت سے — جبکہ اے شاہِ کربلا تم ہو

جب لطفِ عاقبت ہو کہ یوم النشور ہو
پیالہ ہو ہم ہون اور شرابًا طہور ہو

رتبہ کہان تمازتِ خورشید سے گذر
سایہ مین عرشِ ایزد ربّ الغفور ہو

اسدرجہ میرا نامۂ اعمال ہے سیاہ
امکان کیا سفیدی بین السطور ہو

مرقد وہ جائے تنگ ہے سنگِ عذاب سے
عاصی کا وہان پہ شیشۂ دل چور چور ہو

بسمل ہے گو ضعیف مگر فضل سے ترے
یارب بسانِ صاعقہ پل سے عبور ہو

مدینہ سر کے بل پہونچون سعادت ہو تو ایسی ہو
بلائین آستانہ پر ہدایت ہو تو ایسی ہو

اوڑا جاتا ہون جون صرصر ہوا شوقِ یثرب مین
بشارت ہو تو ایسی ہو زیارت ہو تو ایسی ہو

مین خدمت ہی مین مر جاؤن کہین خدّام وا ماندے
کہ خادم ہو تو ایسا ہو جو خدمت ہو تو ایسی ہو

معطر ہے مشامِ جان بیانِ وصفِ گیسو مین
سرِ مو ہے نہ فرق اس مین کہ نکہت ہو تو ایسی ہو

عیان ہے سایۂ اطہر نہ تھا جسمِ مطہر مین
لطافت ہو تو ایسی ہو نزاکت ہو تو ایسی ہو

کیا شیدا اُسنا کر کلمۂ قالو بلیٰ رب کو
فصاحت ہو تو ایسی ہو بلاغت ہو تو ایسی ہو

بلائیگا احد سب انبیا سے پہلے احمد کو
جو عزت ہو تو ایسی ہو نبوت ہو تو ایسی ہو

شہیدِ کربلا نے سر کٹایا اپنا سجدہ مین
عبادت ہو تو ایسی ہو شہادت ہو تو ایسی ہو

شفیعِ روزِ محشر ہمکو بسمل بخشوائیگا
حمایت ہو تو ایسی ہو شفاعت ہو تو ایسی ہو

ردیف الہائے ہوز

شوقِ دیدار مین مرتا ہون جِلادے اللہ
جلوہ سیّدِ ابرار دکھادے اللہ

دردِ فرقت سے تڑپتا ہون بُری حالت ہے
مُژدہ وصلتِ دیدار سُنادے اللہ

قصرِ جنّت سے سوا ہے درِ احمد مجھکو
نقش دیوار اُسی در کا بنادے اللہ

دیدۂ ظاہر و باطن سے مدینہ دیکھون
پردہ محرومی و دوری کا اُٹھادے اللہ

جُز ترے فضل رہائی کی نہین شکل کوئی
قیدِ غم سے مجھے لِللہ چھڑادے اللہ

زینتِ آئینۂ دل ہے محمّد کی شبیہ
نقشۂ غیر مرے دل سے مٹادے اللہ

سورہ واللّیل ہوئی شان مین جسکی نازل
مجھکو اُس زُلف کے پھندے مین پھنسادے اللہ

طوطیِ نعت ہمیشہ ہون مدینہ دکھلا
دام سے ہند کے اب مجھکو چھڑادے اللہ

جیتے جی دیکھلون آنکھون سے تمنّا یہ ہے
پردہ دوری کا اِن آنکھون سے اُٹھادے اللہ

لُطف سے منزلِ مقصود پہ پہونچا مجھکو
داغِ حسرت مرے سینہ سی مٹادے اللہ

بسمل خستہ کی ہے شرم وحیا آپکے ہاتھ
اِس کے بگڑے ہوئے سب کام بنادے اللہ

وہ بزم کیون نہو پُر نور یا رسول اللہ
جہان ہو آپ کا مذکور یا رسول اللہ

دکھادو اب رُخِ پُر نور یا رسول اللہ
کہ جان لب پہ ہے یہ مہجور یا رسول اللہ

عطا ہو مرہم کافور یا رسول اللہ
دل و جگر مین ہی ناصور یا رسول اللہ

یہ لوث دل سے ہو سب دُور یا رسول اللہ
یہ دل ہو نور سے معمور یا رسول اللہ

وطن مین آپکے پہونچون مین بیوطن ہو کر
بجان و دل ہے یہ منظور یا رسول اللہ

بلالو اپنے قرین اب کہ سنگِ فرقت سے
مرا ہے شیشۂ دل چور یا رسول اللہ

وہ آستانِ مبارک ہے آپکا جسپہ
جھکا ہین سرِ ملک و حور یا رسول اللہ

یقین ہے دیکھتے موسیٰ گر آپکا جلوہ
کبھی نہ جاتے سرِ طور یا رسول اللہ

نہ کم ہو دل سے مری شعلۂ حرارتِ عشق
رہے یونہین تنِ محرور یا رسول اللہ

فراق مین یہ بپا کر رہا ہے صبحِ نشور
ہمارا نالۂ پُرشور یا رسول اللہ

فلاحِ امتِ عاصی ہی گرچہ مدِّ نظر
وہی ہے حق کو بھی منظور یا رسول اللہ

نگاہِ لطف ہو بندہ پہ بھی خدا کیلئے
ہے درد و رنج مین رنجور یا رسول اللہ

درودِ وردِ زبان ہو وہان بھی بسمل کے
ہو جب کہ حشر مین محشور یا رسول اللہ

اے مطلعِ نور الہدا از من چرا رنجیدۂ
وے آفتابِ دوسرا از من چرا رنجیدۂ

اے مظہرِ ذاتِ خدا از من چرا رنجیدۂ
وے شانِ شانِ کبریا از من چرا رنجیدۂ

اے شمعِ نور الہدا از من چرا رنجیدۂ
وے رہنما اے پیشوا از من چرا رنجیدۂ

اے رحمۃ للعالمین وے حامیٔ اندوہ گین
اے شافعِ روزِ جزا از من چرا رنجیدۂ

محبوبِ رب والا نسب اُمّی لقب شاہِ عرب
شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ از من چرا رنجیدۂ

آوارہ و گشتہ ام با جان و دل عاجز شوم
بر من فگن نگہِ عطا از من چرا رنجیدۂ

بسمل بگواین دمیدم یا حضرتِ شاہِ امم
جانِ جہان جانانِ ما از من چرا رنجیدۂ

ردیف الیائے تحتانی

کسکی آمد ہے یہ تشہیر یہ چرچا کیا ہے
فرش پر عرش کا نقشہ ہے یہ نقشا کیا ہے

ہر طرف شور لقد جاء ہے جلسہ کیا ہے
شمع طور ہے روشن یہ تجلا کیا ہے

بیقراری دل مضطر یہ تقاضا کیا ہے
منزل عشق مین تعجیل یہ سودا کیا ہے

گرمی عشق نبی ہر رگ و پے مین ہے نہان
مین وہ یوسف ہون مرے آگے زلیخا کیا ہے

تیرے اوصاف حمیدہ کے مقابل شاہا
حسن یوسف دم عیسی ید بیضا کیا ہے

شوق دیدار تھا یارو شب اسرا کا ظہور
خود سمجھ لیجیے محبوب کا رتبا کیا ہے

پہلی ہی جلوہ سے بیہوش ہوئے حضرت دل
آپنے صورت موسی ابھی دیکھا کیا ہے

کسکے جلوہ نے الہی یہ کیا ہے خاموش
منھ سے کچھ کہہ نہین سکتا ہون کہ سکتا کیا ہے

آپ کے نام کا تکیہ ہے پناہ امت
ذات والا کے سوا اور سہارا کیا ہے

سرمۂ چشم تمنا ہو غبار در پاک
دلمین حسرت ہے یہی اور تمنا کیا ہے

زاہدا کوچۂ احمد ہے سراپردۂ ناز
حور و غلمان کے سوا خلد مین رکھا کیا ہے

ذرۂ منکر مولد نے وسیلہ اپنا
کچھ سمجھ مین نہین آتا ہے کہ سمجھا کیا ہے

نعت لکھتا ہو مین پڑھتے ہین ملایک صلواۃ
مین وہ انسان ہون مرے آگے فرشتہ کیا ہے

وہ بھی دن آیگا دیکھو گے جمال رخ یار
ہمنشین صبر کرو صبر تقاضا کیا ہے

وصف محبوب خدا شغل ہے اپنا بسمل
اس وظیفہ کے سوا اور وظیفا کیا ہے

گلشنِ ہستی مین رنگِ لاجواب آنیکو ہے ‏ — ختم ہے جسپر رسالت وہ جناب آنیکو ہے

عالمِ امکان مین رشکِ ماہتاب آنیکو ہے ‏ — آفتابِ اوجِ وحدت بے نقاب آنیکو ہے

مصدرِ الطاف و رحمت مظہرِ ذاتِ احد ‏ — سیدِ کون و مکان صاحب کتاب آنیکو ہے

چُن لیا روزِ ازل محبوب کا دیکر خطاب ‏ — آج وہ محبوبِ حق نیکو خطاب آنیکو ہے

جسکا ثانی اور مقابل ہے نہ ہوویگا کبھی ‏ — وہ عدیم المثل روے لاجواب آنیکو ہے

کیون نہ ہو فرشِ زمین پر رونقِ عرشِ برین ‏ — تاجدارِ شش جہت رونق مآب آنیکو ہے

منتظر ہے چشمِ موسیٰ از پئے نورِ جمال ‏ — وہ تجلّیٰ ریزِ جلوہ لاجواب آنیکو ہے

کیون ہجومِ تشنگان سرگرمِ نظارہ نہ ہون ‏ — ساقیٔ کوثر بہر شیخ و شاب آنیکو ہے

منکرانِ دینِ احمدؐ جلد ہون مثلِ نصوح ‏ — قصر مین نوشیروان کے انقلاب آنیکو ہے

اب علومِ ظاہری و باطنی کا ہے کشود ‏ — کاشفِ اسرارِ حق علم الکتاب آنیکو ہے

گوہرِ بحرِ معانی جوہرِ موجِ لطیف ‏ — وہ گرامی قدر دُرِّ انتخاب آنیکو ہے

شاد ہو **بسمل** لقد جاء کا ہوتا ہے ظہور ‏ — صاحب جود و کرم رحمت مآب آنیکو ہے

نمایان تری شان ہر سو بسو ہے ‏ — بغوراً جو دیکھا تو بس تو ہی تو ہے

نہ کچھ مہر و مہ پر ہے موقوف حاشا ‏ — ہر اک شے مین جلوہ ترا مو بمو ہے

ترا ہی تو ہے نورِ نورِ محمدؐ ‏ — ضیا جسکی ہر سو بسو کو بکو ہے

احد اور احمدؐ مین ہے فرق لیکن ‏ — جُدا تجھسے وہ نے جُدا اُس سے تو ہے

جہالت سے لائے نہ جو تجھپہ ایمان
وہ جاہل ابوجہل بے گفتگو ہے

سزا پائی فرعون آسا ہر اک نے
خودی سے ہوا جو کوئی دو بدو ہے

یہ صناعی ہے تیری باغِ جہان مین
ہر اک شاخ و گل مین جدا رنگ بو ہے

سوا تیرے آئے نظر کون مجھکو
سمایا ہوا میری نظرون مین تو ہے

تو ہی ذوالجلال و کریم و رحیم
مرا بخشنا کیا ترے روبرو ہے

ترا تشنۂ دیدار ہون یا الٰہی
مجھے جامِ کوثر کی کب آرزو ہے

بجز کارِ بد عمر افسوس گذری
نہ کوئی ہوا مجھ سے کارِ نکو ہے

ترے قول پر دل سے نازان ہے بسمل
کہ قرآن مین آیا لا تقنطوا ہے

عجب دیکھا ترا نقشہ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے
مرا آقا مرا مولا کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

ہر اک شئے مین ترا جلوہ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے
نظر سے جسطرف دیکھا کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

کہین مخفی کہین ظاہر کہین غایب کہین حاضر
یہ طرزِ دلربا آہا کہین کچھ ہے کہین کچھ ہے

ہر اک طرزِ تلوّن سے عیان جلوہ نمائی ہے
کہین اولا کہین ثرالہ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

کہین سرخی کہین سبزی کہین سختی کہین نرمی
کہین لولو کہین لالہ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

کہین ذرّہ کہین اختر کہین ہیرا کہین پتھّر
کہین ادنیٰ کہین اعلیٰ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

کہین عابد کہین زاہد کہین منکر کہین ملحد
کہین مندر کہین کعبہ کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

گہے حسنِ مہِ کنعان گہے مفتونِ زلیخا سان
گہے بن گہے مولا کہین کچھ تے کہین کچھ ہے

یہ عبرت گہ ہے گلزارِ جہان چشمِ تماشا کو — کہین گُل ہے کہین کانٹا کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے
طلسمِ رنگِ ہستی ہر زمان رنگت بدلتا ہے — کہین ہُو ہُو کہین ہا ہا کہین کچھ ہی کہین کچھ ہے

کہین پردہ نشین بسمل کہین بے پردہ در محمل
عجب پردہ نشین دیکھا کہین کچھ ہے کہین کچھ ہے

میری آنکھون نے نیا انداز دکھلایا مجھے — گم ہوا نظرون سے مین جب نظر آیا مجھے
جب سے حُسنِ شعلۂ رُخسار دکھلایا مجھے — تو نے اے ابرِ کرم تجلی سا تڑپایا مجھے
کلمۂ طیب سُنا کر بُت بنایا واہ واہ — خانۂ دل کعبۂ ایمان نظر آیا مجھے
بند کین چشمان ظاہر کھُل گئین باطن کی آنکھ — صدقہ پیرِ معرفت رستہ ترا پایا مجھے
بخت برگشتہ نے یون مجھکو پھرایا دُور دُور — نحنُ اقرب تو نے سو سو بار فرمایا مجھے
ہو گیا ٹھنڈا کلیجہ بجھ گئی سینہ کی آگ — جرعۂ جامِ سقٰھم جب سے ہاتھ آیا مجھے
بیخودی تھی صورتِ موسیٰ لڑی جب تجھ سے آنکھ — لَن ترانی کا وہین مضمون یاد آیا مجھے
صورتِ شمس و قمر دورا ہے مجھپر رات دن — گردشِ چشمِ فلک کیا دور دکھلایا مجھے
سُوکھ کر کانٹے کی صورت بنگیا جسمِ نزار — اُس کمر مو نے سرِ گیسو جو دکھلایا مجھے
واہ رے عشقِ بے بہا کس کن بہانے سے عزیز — صورتِ یوسف سرِ بازار بکوایا مجھے

اَللّٰھُمَّ زد فزد بسمل ترے اشعار نے
ماہیِ بے آب سا ہر پہلو تڑپایا مجھے

وہ ہر دم پاس ہے تیرے تو بسمل جسکا جویا ہے — نظر آتا نہین تجھکو تری آنکھون پہ پردا ہے

تجھے ہے چاہ جس یوسف کی اور تو جسکا شیدا ہے
وہ خود نگران ترا شام و سحر مثلِ زلیخا ہے

تماشا دیکھتا ہے وہ تماشاگاہِ ہستی مین
تماشائی ہے تیرا جسکا تو محوِ تماشا ہے

کیا شدّاد نے دعویٰ خدائی کا تو کیا پایا
خودی سے عاقبت بارِ جہنّم سر پہ رکّھا ہے

بیانِ عشق سے دم بند ہے فانوسِ قالب مین
زبانِ شمع سان خاموش جلنا ہمکو گویا ہے

عجب کچھ بیکلی ہے سانپ سا سینہ پہ پھرتا ہے
سمائی دل مین جبدن سے کہ وہ زلفِ چلیپا ہے

اُٹھائے سر کوئی زیرِ فلک کیا خاک ہستی مین
پکڑکر کان طفلِ آسیا یہ اُٹھتے ہی بٹھاتا ہے

اُٹھا سکتا ہے بارِ نوکِ مژگان کوئی سینہ پر
ہزارون زخم کھائے ہین یہ میرا ہی کلیجا ہے

اُٹھائے بُردبار ہوکر سر ہلکاپن سراسر ہے
گران ہوتا ہے جب پلّہ ترازو کا تو جُھکتا ہے

کیا ہے حشر مین ملنے کا وعدہ سروِ قامت نے
قیامت جسکو کہتے ہین وہی یومِ تمنّا ہے

پکڑلے گوشۂ دامان بڑھاکر ہاتھ اے **بسمل**
قبائے جامہ بخشش تنِ احمدؐ پہ زیبا ہے

درِ مصطفےٰ طورِ موسیٰ نہین ہے
یہان ربِّ ارنی پہ جھگڑا نہین ہے

جو شیدائے دیدارِ مولا نہین ہے
وہ بندہ ہے گو لیک بندا نہین ہے

کسے زلفِ احمدؐ کا سودا نہین ہے
وہ سر ہی نہین جس مین سودا نہین ہے

صراطِ نبیؐ پر جو ثابت قدم ہے
اُسے راہ مین کوئی کھٹکا نہین ہے

ضیائے رسالت ہے روشن یہانتک
کہ کافر کا دل بھی تو کالا نہین ہے

کلیدِ دو عالم ہے اسمِ محمدؐ
پڑھا جسنے پھر اُسکو پروا نہین ہے

پکارون کسے دو عالم مین شاہا
تمہارے سوا کوئی میرا نہین ہے

مین ہون تشنہ کامِ دیدارِ احمد
مجھے جامِ کوثر کی پروا نہین ہے

عرب کیا عجم ماہ سے تا بماہی
کہان کس جگہ تیرا ڈنکا نہین ہے

جسے سیر ہستی ہین مشہور کرتے
یہ عبرت کدہ ہے تماشا نہین ہے

کھلا تجھ پہ رمزِ دنیٰ کا معمّا
چھپا تجھ سے اسرارِ اوحیٰ نہین ہے

ہوا حکم پردہ سے آبے تأمل
احد اور احمد مین پردا نہین ہے

مدارج مراتب مین اعلیٰ سے اعلیٰ
کوئی خلق مین تجھ سے اعلیٰ نہین ہے

بلا لو بس اب اپنے **بسمل** کو مولا
خدا جانے پھر کیا ہے اور کیا نہین ہے

مُرسلین سب بید آسا تھرتھراتے جائینگے
پیشِ حق محبوبِ یزدان مسکراتے جائینگے

توسنِ رحمت نبیؐ فرفر اڑاتے جائینگے
بوئے عطرِ مغفرت سب کو سنگھاتے جائینگے

جب گنہگارانِ امت ہون طلب دربار مین
کہہ کے کچھ آہستہ حق سے بخشواتے جائینگے

ہم سیہ کارون کی خاطر آپ پیشِ ذوالجلال
سر جھکاتے جائینگے آنسو بہاتے جائینگے

گرچہ ٹھہرا راستہ ہے اے محبّو پلِ صراط
پر ہمارے رہنما رہ پر لگاتے جائینگے

تشنہ کامانِ محمدؐ کب ہون محشر مین ہراس
جامِ کوثر ساقیٔ کوثر سے پاتے جائینگے

منزلِ میزان پہ جب پہونچین شفیع المذنبین
پلّہ نیکی پئے امت جھکاتے جائینگے

عاشقانِ روئے احمدؐ جان نثارانِ نبیؐ
مثلِ گل باغِ ارم مین کھل کھلاتے جائینگے

تابشِ خورشیدِ محشر سے شفیعِ روزِ حشر
سایۂ رحمت میں ہر اک کو بٹھاتے جائینگے

کیوں نہ ہوں سو جان سے ای بسمل نبی پر ہم نثار
ہمکو آفاتِ قیامت سے بچاتے جائینگے

محمد مطلعِ انوارِ حق ہے
محمد جلوۂ دیدارِ حق ہے

محمد مصدرِ اظہارِ حق ہے
محمد مظہرِ انوارِ حق ہے

محمد واقفِ گفتارِ حق ہے
محمد محرمِ اسرارِ حق ہے

محمد قمریِ اشجارِ حق ہے
محمد بلبلِ گلزارِ حق ہے

محمد شمعۂ اسرارِ حق ہے
محمد رونقِ دربارِ حق ہے

محمد پیشوائے مرسلین ہے
محمد قافلہ سالارِ حق ہے

محمد کانِ جود و مغفرت ہے
محمد گوہرِ کردارِ حق ہے

ہر اک مثلِ زلیخا ہے عزیزو
محمد یوسفِ بازارِ حق ہے

خریدار و خرید و تحفۂ حق
محمد کاروانِ کارِ حق ہے

عدالت حشر سے بسمل خطر کیا
محمد مصطفےٰ مختارِ حق ہے

آپ ہیں رحمتِ یزداں رسولِ عربی
آپ ہیں صاحبِ غفراں رسولِ عربی

تیری ہر آن کے قرباں رسولِ عربی
اے مرے سرورِ ذیشاں رسولِ عربی

طاعتِ حق ہی اطاعت تری اللہ باللہ
سن چکا ہوں میں یہ اعلان رسولِ عربی

تجھکو محبوب کہا اللہ نے ای ختمِ رسل
ہی ترے وصف مین قرآن رسولِ عربی

ہجر مین صورتِ یوسف ہون گرفتارِ الم
گھر ہے اک گوشۂ زندان رسولِ عربی

شانِ احمد سے کھلا شانِ احد کا نقشہ
آپکی شان کے قربان رسولِ عربی

شوقِ دیدار ہوا در سورہ یٰسین کا سبق
آے جب لب پہ مری جان رسولِ عربی

تیرا ثانی ہے نہین اور نہ ہوگا کوئی
ہی یہی دین یہی ایمان رسولِ عربی

اب دکھا دیجیے بسمل کو جمالِ رخِ پاک
یہ بھی ہے حافظِ قرآن رسولِ عربی

تجھپہ سو جان سے قربان رسولِ عربی
ای مری روح مری جان رسولِ عربی

ہند مین یون رہون مداحِ پیمبر ہوکر
صورتِ آئینہ حیران رسولِ عربی

عندلیبِ چمنِ نعتِ محمد ہون مین
خلق مین صورتِ حسان رسولِ عربی

گہ مطوّف ہون گہے روزنِ در سی جھانکون
شمعِ روضۂ رضوان رسولِ عربی

دلِ مرا کعبۂ مقصود نہ ٹھیرے کیونکر
ہی خیال آپکا مہمان رسولِ عربی

داورِ حشر مین ہو جبکہ منادی جبرئیل
ہاتھ مین ہو مرے دامان رسولِ عربی

میرا منھ اور تیری مدحت میرا دل اور ترا شوق
ہی یہ اللہ کا احسان رسولِ عربی

دلمین ہو حبِ نبی لب پہ ہو اشہد کی صدا
ہی یہی سینہ مین ارمان رسولِ عربی

جز خطا کارِ سعادت نہ بن آیا بسمل
دلمین ہون سخت پشیمان رسولِ عربی

ابتو دکھلائے مولا مجھے صورت اپنی
صورتِ آئینہ حیران ہی طبیعت اپنی

تنگ کرتے ہین خیالاتِ مخالف مجھکو
درپئے جان ہی ہر وقت یہ غیرت اپنی

اے نسیمِ سحری ابتو مدینہ لیچل
آئی ہے گلشنِ یثرب پہ طبیعت اپنی

کوئی مونس ہے نہ ہمدم نہ کوئی محرم راز
جز ترے جانِ جہان خاک ہے خلوت اپنی

یہ گریبان شگفی اور یہ جنون خیز ہوا
لے اڑیگی سوئے بطحی ہمین وحشت اپنی

لی مع اللہ سے ظاہر ہے ترا چشمۂ فیض
کیون نہ امت کو نظر آئے شفاعت اپنی

باغِ جنت کی ہوا پر نہ ہو مایل ہرگز
یثربِ پاک مین بنجائے جو تربت اپنی

سوزشِ عشقِ محمد ہے جگر مین پنہان
رنگ لائیگی یہ محشر مین حرارت اپنی

کیون نہ ہر گام پہ ہون فرش مری چشمِ امید
صدقہ جاؤن ہی ازل ہی سے یہ حسرت اپنی

ہند سے شاہِ عرب بہرِ خدا لیجے طلب
سخت بر داشتہ رہتی ہے طبیعت اپنی

مدح خوانِ شہِ کونین ہون اے بسمل زار
عالمِ قدس مین کیونکر نہ ہو شہرت اپنی

تسکین ہو کسطرح سے دلِ ناصبور کی
مدت سے آرزو ہے جمالِ حضور کی

وہ جلوہ جمال وہ نورِ ضیائے حق
موسیٰ جو دیکھ لے تو کہے شمع طور کی

اسرارِ حق تھا خلق مین آنا حضور کا
پایا خدا کو ہمنے بدولت حضور کی

شوقِ ضیائے روضۂ اقدس ہی واعظا
خواہش رہی نہین مجھے حور و قصور کی

کیونکر نہ ہمکو ناز ہو جنت کے قصر پہ
فرمائے جب خدا ہمین امت حضور کی

ناطق ہے صاف کلمۂ لولاک مومنو — ہے روشنی جہان مین محمدؐ کے نور کی
کعبہ مین تہلکہ پڑا بُت سر کے بل گرے — شُہرت ہوئی حضور کے جسدم ظہور کی
خورشیدِ رستخیز مِلائے کب اُس سے آنکھ — جسپر نظر ہو شافعِ یوم النشور کی
اُسوقت دستگیر ہے مولا ہو دستگیر — یارب صدا بلند ہو جب نفخ صور کی

لائے ازل سے نعتِ محمدؐ کا مشغلہ
بسمل یہ تمنے بات تو سوچی ہے دور کی

جسے دُھن ہے حبیبِ کبریا کی — سمجھ لو اُس پہ ہے رحمت خدا کی
صفت کِس سے ہو محبوبِ خدا کی — خدا نے خود محمدؐ کی ثنا کی
کرم کی لُطف کی جود و سخا کی — یہ عادت تھی شہِ ہر دو سرا کی
عدم سے کوئی بھی ہوتا نہ ظاہر — یہ خاطر تھی جنابِ مصطفےٰ کی
الست ربُ نے فرمایا ازل مین — نِدا کی آپ نے قالُوا بلےٰ کی
اونھین بخشا کہیگا داورِ حشر — جو اُمت ہے محمدؐ مصطفےٰ کی
غُبارِ خاکِ طیبہ ہو مری خاک — مِلے اُس خاک مین یہ جسم خاکی
دیے جھوکے نہ پہنچا یا وہان تک — ہوا بندی تھی سب بادِ صبا کی
نبی کے سایۂ ناخُن کے آگے — حقیقت کچھ نہین ظلِ ہُما کی

بُلا لو ہند سے بسمل کو مولا
سماعت کیجئے اِس بینوا کی

جمالِ مصطفےٰ دیکھو گلستانِ الٰہی ہے
بہارِ خلد ہے اور دید قرآنِ الٰہی ہے

کیا سامان شفاعت کا یہ سامانِ الٰہی ہے
کیا پیدا محمدؐ کو یہ احسانِ الٰہی ہے

بیانِ مصطفےٰ اے عام قرآن سے نہ کم سمجھو
تلاوت ذکرِ احمد خاص قرآنِ الٰہی ہے

بلایا دم کے دم مین چرخِ ہفتم پر محمدؐ کو
عجب قدرت ہی اوسکی اور عجب شانِ الٰہی ہے

یہی غل تھا شبِ معراج مین افلاک پر ہر سو
کہ وہ آتا شہِ لولاک مہمانِ الٰہی ہے

اُٹھاؤ نگانہ سر سجدے سے مین زنہار ای قاتل
مری قربان ہی جان اُس پر جو فرمانِ الٰہی ہے

الٰہی بخش دے بسمل کو صدقہ اپنے احمدؐ کا
یہ مدّاحِ نبیؐ ہے اور ثنا خوانِ الٰہی ہے

شہِ لولاک کی محفل شبستانِ الٰہی ہے
رسولِ پاک کا فرمان فرمانِ الٰہی ہے

بہارِ حُسنِ احمدؐ حسن بستانِ الٰہی ہے
خدا کی شان ہی کیفیتّ شانِ الٰہی ہے

جمالِ روئے احمدؐ میری نظروں مین سمایا ہے
مجھے لاریب حافظ حفظ قرآنِ الٰہی ہے

ضیائے جلوۂ پر نور سے روشن دو عالم مین
چراغِ نورِ احمدؐ شمعِ ایوانِ الٰہی ہے

خطِ روئے مبارک سے عیان تفسیر مصحف ہے
وہ ہین معنیٔ قرآن اور یہ قرآنِ الٰہی ہے

قطعہ

ہوا حکمِ خدا جبریل سے کہہ دو ملایک مین
مزیّن ہون فلک سارے یہ فرمانِ الٰہی ہے

کرین آراستہ لوح و قلم عرشِ معلّیٰ تک
شبِ معراج ہے اور جشن مہمانِ الٰہی ہے

خدا نے ہمکو بخشا ہے جو کچھ اپنی کریمی سے
تصدّق ہے محمدؐ کا اور احسانِ الٰہی ہے

الٰہی بخش الٰہی بخش بسمل تجھکو کہتے ہین
یہی سامان ہی بخشش کا یہ سامانِ الٰہی ہے

چشم پرنم ہین حبیبِ کبریا کیواسطے
دل تڑپتا ہے جمالِ مصطفےٰ کیواسطے

جان بلب ہون اُس شہِ عالی عُلا کیواسطے
دو جہان ہین جس امامِ انبیا کیواسطے

نارِ دوزخ گو کہ ہے اس پرخطا کیواسطے
یا نبی پرتم بچا لیجو خدا کیواسطے

تیرا وہ دربارِ عالی ہے شہِ کونون مکان
جاتے ہین شاہ و گدا سب التجا کیواسطے

آپکے مبعوث ہوتے ہی ہر اِک کُفّار سے
بُت لگے کہنے ہمین توڑو خدا کیواسطے

کب ہوا جنّت کی خوشی آتی ہی اسکو زاہدو
مر مٹا ہے جو مدینہ کی ہوا کیواسطے

مر ہی جانے دے مجھے عشقِ نبی مین اے طبیب
ہے یہی کافی دوا اس لا دوا کیواسطے

ظلمتِ مرقد سے گھبراتا ہو کوئی میرے پاس
مشعلِ نامِ محمد ہے ضیا کیواسطے

گو نہین ہے پاؤن مین طاقت پہ ہے یہ آرزو
سر کے بل حاضر ہون عرضِ مدّعا کیواسطے

آپ جس شان و تجلّی سے گئے تھے یا نبی
یون گیا ہے کون دیدارِ خدا کیواسطے

داغِ عشقِ مصطفےٰ کیا خوب دولت ہے دلا
جمع رکھ سامان یہ روزِ جزا کیواسطے

دنِ قیامت کے بچانا آفتابِ حشر سے
سایۂ رحمت مجھے خیر الورا کیواسطے

خواہشِ **بسمل** ہے یارب حضرتِ حُر کیطرح
جان دون مین بھی شہیدِ کربلا کیواسطے

پردہ اُٹھائیے رُخِ زیبا دکھائیے
جان لب پہ آرہی ہے خدارا جلائیے

ہم کشتگانِ خنجرِ ہجران ہین ہند مین
شربت پلا کے زخم پہ مرہم لگائیے

کُھل جائین سب پہ معنیٔ والشمس والضحےٰ
روئے حسین سے زلفِ معنبر ہٹائیے

تشنہ دہان ہون ہجر مین تکلیف مرگ ہے
اب شربتِ وصال خدارا پلائیے

داور کہے گا آپکو محشر مین آئیے
امت گناہ گار جو ہے بخشوائیے

بحرِ کرم کی نظر مجھپہ ہر زمان
رکھیے نہ میری یاد کو دل سے بھلائیے

جب سے سنا ہے آپکی شیرین زبان کا وصف
جی چاہتا ہے ابتو یہی زہر کھائیے

مشکل کشا کشا مری مشکل کے آپ ہین
طالب ہون سیر شربتِ لطفی دکھائیے

صدمے جدائی کے تو یہ بسمل اٹھا چکا
للہ اب وصال کا مژدہ سنائیے

کیون نہ مفتون خط و نور ہون تلاوت والے
رخ کو مصحف تری کہتی ہین کتابت والے

رشک سے دیکھ کے رہ جائینگے جنت والے
پائین جنت مین جگہ جب تری امت والے

تیری تصویر بلا ریب ہے آئینۂ حق
کیون نہ شیدا تری صورت کے ہون صورت والے

جب گناہ گارون کو بخشائینگے اللہ سے آپ
حشر مین شور مچائینگے قیامت والے

جنتین ان کے لئے حق نے بنائین بخدا
مومنو جو ہین محمد کی محبت والے

آپکا ذکر بھی کیا ذکر ہے ماشاء اللہ
سیر ہوتے نہین سننے سے سماعت والے

تیرے کوچہ سے نہ جاونگا مین اٹھکر ہرگز
لاکھ جنت مین بلائین مجھے جنت والے

اپنے مرنے کو سمجھتے ہین وہ جینا بیشک
جو ترے عشق مین مرتے ہین مروت والے

رنج و غم حسرت و حرمان الم و یاس و محن
درپئے جان ہین یہ سب ہجر مین شدت والے

تاجِ لولاک لما ہے ترے سر پر زیبا
کیون نہ عزت کرین شاہا تری عزت والے

غیر اصحابِ ثلثہ کبھی نہ آ بگی بات
ہین بہر حال یہی خلوت و جلوت والے

یاد بسمل کی بھی ہو بہرِ حسنؑ اور حسینؑ
جمع ہون جب ترے روضہ پہ زیارت والے

شاق ہے شاہِ اُمم دل پہ جدائی تیری
ہجر مین جان لبون پر ہے دہائی تیری

دلمین کانٹا سا کھٹکتا ہی نفس کا کھٹکا
نشترِ جان ہے ہر دم یہ جدائی تیری

تو وہ یوسف ہے تماشائی ہے یوسف تیرا
یا نبیؐ کیون نہ ہو مشتاق خدائی تیری

وہ سگ دوش ہوا منصبِ شاہی پایا
جسنے نعلین سرِ دست اُٹھائی تیری

چشمِ بیمار کا بیمار ہون اللہ اللہ
نرگسین آنکھ نے کیون آنکھ دکھائی تیری

زیر پا مین تمنا ہے بچھاؤن آنکھین
اپنے رومال سے پونچھون کفِ پائی تیری

کیون نہ بیمار ترے چارہ طلب ہون تجھ سے
رشکِ اعجازِ مسیحا ہے دوائی تیری

سکۂ مہرِ نبوّت ہے جہان مین رائج
شاہِ عالم ہے دو عالم مین دہائی تیری

چرخِ چارم پہ نہ کیون تیرے گدا کا ہو دماغ
فخرِ شاہی ہے شہنشاہ گدائی تیری

مال و زر ہاتھ لگا دونون جہان کا اوسکے
جسکو حاصل ہوئی اے شاہ گدائی تیری

حشر مین نعتِ نبیؐ جبکہ سنائے بسمل
محشرین شور مچائین کہ بن آئی تیری

ترے ہجر مین شہِ دوسرا مجھے صبر ہے نہ قرار ہے
لگی جسم و جان مین ہے آگ سی کہ سُلگ رہا تنِ زار ہے

مری لو خبر کہین جلد تر مرا درد غم سے پھٹا جگر
مری جان چلی شہِ بحر و بر لبِ دم یہ عاشقِ زار ہے

کرون کس سے رازِ دلی بیان کہون کس سے اپنی یہ داستان ۔ سو تیرے اے شہِ انس و جان میرے کون حامی کار ہے

تو رسولِ ربِّ کریم ہے تو حبیبِ ربِّ رحیم ہے ۔ تری شان شانِ عظیم ہے کیا حق نے تجھکو پیار ہے

ترا جلوہ جلوۂ حق نما ترا عشوہ عشوۂ جانفزا ۔ ہے نرالی تیری ہر اک ادا مری جان تجھپہ نثار ہے

ہون غریقِ بحرِ معاصیت تجھے ہر طرح سے ہے مقدرت ۔ مرا بیڑا اسیرِ شش جہت تری اک نگاہ مین پار ہے

مٹین دل کی حسرتین سب ہوئی نئی بر آئین سب آرزو ۔ کہے پیشِ داورِ حشر تو یہ ہمارا بسملِ زار ہے

تمہین اے شافعِ محشر محمد مصطفےٰ ٹھہرے ۔ خوشا قسمت زہے طالع ہمارے پیشوا ٹھہرے

رسولون مین شہ والا امامِ انبیا ٹھہرے ۔ حسینون مین حسین ایسے کہ محبوبِ خدا ٹھہرے

ہو الاوّل ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن ۔ حضوری ابتدا ٹھہرے حضوری انتہا ٹھہرے

تعجب کیا ہے ماجی سے ہو بخشش پہلے ناری کی ۔ تمہارا دستِ رحمت دستگیری پر گرا ٹھہرے

ضیائے اسمِ اقدس دونون عالم مین ہے نور افگن ۔ تمہین شمس الضحیٰ ٹھہرے تمہین بدر الدجیٰ ٹھہرے

سبحان اللہ کیا رتبہ ہے سلطانِ دو عالم کا ۔ اُدھر نورِ خدا ٹھہرے اِدھر صلِّ علیٰ ٹھہرے

تڑپتے ہی رہے اگر تری فرقت سے ہستی مین ۔ جو ہم آئے تو کیا آئے جو ہم ٹھہرے تو کیا ٹھہرے

تری صورت تمہین صورت گر نے صورت اپنی دکھلائی ۔ ترا نقشہ نہ کیون آئینۂ قدرت نما ٹھہرے

خداوندا مدح خوانِ رخ و زلفِ پیمبر ہون ۔ الٰہی شغل اپنا یہ ہی ہر صبح و مسا ٹھہرے

تمہارے لات شاہی پر جسے حاصل گدائی ہو ۔ شہنشاہِ جہان ہے جو ترے در کا گدا ٹھہرے

بچانا پہلے ہی پرسش سے یا مولا قیامت مین ۔ خدا جانے کہ پھر بسمل بھلا ٹھہرے برا ٹھہرے

نہ طفلِ آسا خبر الورا کھیلتے تھے
خدا سے حبیبِ خدا کھیلتے تھے

عبادت سے شوق آپکو تھا ہمیشہ
ریاضت سے باصدِ ولا کھیلتے تھے

مسیحا ہوے سے تھے محوِ تماشا
وہ کہیں آپ صلِّ علیٰ کھیلتے تھے

اشارہ سے پھرتے تھے سیّارہ ہرسو
ستاروں سے بدر الدجیٰ کھیلتے تھے

سُخن ریز تھے گہ جہۂ آسمان سے
عجب کھیل قدرت نما کھیلتے تھے

نہ تھا کھیل اعجاز سے کوئی خالی
ہر اک کھیل معجز نما کھیلتے تھے

خدا بن نہ تھا چین دم بھر کو بسمل
خدا سے حبیبِ خدا کھیلتے تھے

زبان پر جب مری نام رسول اللہ آتا ہے
کلیجا مُنھ کو بس میرا مرے اللہ آتا ہے

تڑپ جاتا ہے دل اور دل سے لا اللہ آتا ہے
ہر اک نعرہ سے آوازہ رسول اللہ آتا ہے

تمنائے جنبشِ مژگان مین ہلجاتا سراسر ہون
عجب اک زلزلہ دل پر مرے واللہ آتا ہے

جسے ہے عشق دیدارِ رُخِ زیبائے حضرت کا
اُسی کو مومنو پڑھنا کلام اللہ آتا ہے

عجب کیا وصف روئے پاک اور ریشِ مبارک ہے
کلام اللہ مین ذکرِ رسول اللہ آتا ہے

ملک جُن جُن کے مضمون عالمِ بالا سے لاتی ہین
لبِ بسمل پہ جبدم لفظ بسم اللہ آتا ہے

عجب اک غلغلہ اسرا کی شب تھا عرشِ اعظم پہ
رسول اللہ آتا ہے رسول اللہ آتا ہے

خدا خود بول اُٹھا غلبۂ جوشِ محبت مین
کہ آج اللہ کے گھر مین حبیب اللہ آتا ہے

الٰہی کب کھلیگی خلق وہ دن کون سا ہوگا
کہ وہ بسمل سوے بیتِ رسول اللہ آتا ہے

رخ سے پردہ کو اٹھا دے جو اٹھانا ہے تجھے
جلوہ طور دکھا دے جو دکھانا ہے تجھے

مژدہ وصل سنا دے جو سنانا ہے تجھے
اپنے بسمل کو جلا دے جو جلانا ہے تجھے

گو نہین ظرف مرا قابل اکسیر مگر
اسکو کندن ہی بنا دے جو بنانا ہے تجھے

طایر روح قفس تن سے ہے پرواز طلب
دام ہجران سے چھڑا دے جو چھڑانا ہے تجھے

طور کو دیتے ہین جس جلوہ سے شعرا تشبیہ
اس تجلی کو دکھا دے جو دکھانا ہے تجھے

نکہت باغ ارم سے تو معطر ہے دماغ
بوئے یثرب کو سنگھا دے جو سنگھانا ہے تجھے

آتش ہجر سے ہر دم ہے جگر شعلہ فشان
آب وصلت سے بجھا دے جو بجھانا ہے تجھے

چشم بد دور ترا نور ہے من نور اللہ
شان وحدت کو دکھا دے جو دکھانا ہے تجھے

کام بنتا ہے مرا پشت و پناہ امت
اپنا دیوانہ بنا دے جو بنانا ہے تجھے

اک نظر مین تری بیڑا ہے مرا وار سے پار
سیل عصیان سے بچا دے جو بچانا ہے تجھے

بادہ لطف سے ساقی ہو لبلب اک جام
دست رحمت سے پلا دے جو پلانا ہے تجھے

عاصیون پہ ہو عنایت کی نظر شاہ امم
نار دوزخ سے بچا دے جو بچانا ہے تجھے

تاب جنبش نہین بسمل کو ترے فخر مسیح
لب اعجاز ہلا دے جو ہلانا ہے تجھے

نظر کن قطب ربانی محی الدین جیلانی
طبیب درد حیرانی محی الدین جیلانی

تمہین ہو غوث صمدانی محی الدین جیلانی
تمہین ہو ظل سبحانی محی الدین جیلانی

ندیم بارگاہ حضرت سرکار دین تم ہو
تمہین زیبا ہے سلطانی محی الدین جیلانی

قدم سے تیرے گلگون دامنِ باغِ ولایت ہے — بہارِ رنگ عرفانی محی الدین جیلانی

کرامت ظاہر و باطن بسانِ طور روشن ہے — ضیائے شمع عرفانی محی الدین جیلانی

زمانہ مین ہے شاہا مثل مہر و ماہ نور افگن — ترا فیضِ درخشانی محی الدین جیلانی

معارف مین حقیقت مین شریعت مین طریقت مین — تمہین ہو پیر پیرانی محی الدین جیلانی

ذرا الطاف و رحمت کی نظر ہووے غلامون پر — بحقِ فیض یزدانی محی الدین جیلانی

اسیرِ دامِ عصیان ہون محیطِ ابر گریان ہون — غضب کی ہے پریشانی محی الدین جیلانی

تمنائی ہے بسملؔ مشکلِ لاحل کو حل کیجے
مرادِ دل ہو آسانی محی الدین جیلانی

وہ مرنیکو مرتے ہین او جینے والے — جو عاشق ہین خونِ جگر پینے والے

یہ کچھ گرمئ عشق صابر ہے دلمین — کہ افسردہ خاطر ہین پشمینے والے

مشبک ہے نوکِ مژہ سے کلیجا — پریشان ہین پیمانہ تخمینے والے

ابھی بر سرِ جوشِ وحشت جنون ہے — گریبان وحشت کے او سینے والے

گدایانِ صابر کی نظرون مین بسملؔ
ہین ادنےٰ غنی مال و گنجینے والے

محمد رحمۃ اللعالمین ہے — محمد خاتمِ حق کا نگین ہے

محمد پیشوائے مرسلین ہے — شفیعِ روزِ محشر بالیقین ہے

وہ یکتائے زمان شاہِ زمین ہے — کہ ثانی جسکا دنیا مین نہین ہے

وہ شاہِ نازِ نازنین ہے | کہ یوسف حسن سے جسکے حسین ہے
صفت اُسکی دلا ممکن نہین ہے | ثنا گر جسکا رب العالمین ہے
خیالِ خالِ روئے مصطفےٰ مین | عجب نکتہ ہے ہر اک نکتہ چین ہے
مٹے جون نقشِ پا اُس نقشِ پا پر | یہ مدّت سے تمنائے جبین ہے
غمِ دوری کے صدمون سے ہون مضطر | تزلزل مین پڑی جانِ حزین ہے
سرشکِ خون ہے آنکھون سے جاری | خدنگِ عشقِ احمد دلنشین ہے
تأمّل آتشِ عشقِ نبی کیون | جگر ہے اور آہِ آتشین ہے
جسے کہتے ہین ارضِ رشکِ جنّت | مدینہ پاک کی وہ سرزمین ہے

قطعہ

سُنا حجاج اکثر کی زبانی | وہ روضہ روضۂ عرشِ برین ہے
ہے گردا گرد حائل اُس کے جالی | وہ جالی کیا ہے چشمِ ناظرین ہے
نظارہ اُس سے ہی کرتے ہین ناظر | وہ جالی عین چشمۂ دوربین ہے
ہے اُس جالی کے اندر اور پردہ | وہ پردہ پردۂ نورِ مبین ہے
اُسی مین شمعۂ تابوت روشن | چراغِ رہنمائے راہِ دین ہے
کہون صد رشکِ جنّت تو بجا ہے | کہ پایہ اُسکا ہم پایہ نہین ہے
ہجومِ عاشقان اُس آستان پر | پٹکتا سر گروہِ مومنین ہے
دکھا ہمکو خداوندِ دوعالم | وہ روضہ پاک کی جو سرزمین ہے
غلام آپ ہی کا کہلاتا ہے مولا | یہ بسمل گو حقیر و کمترین ہے

رُباعیات

الٰہی معمّا یہ کیا آج ہے
جو گردون پہ گرد اُڑ رہا آج ہے
اُڑاتی ہوئی خاک پھرتی ہے صرصر
چمن مین یہ کیا گُل کھِلا آج ہے

دیگر

الٰہی چمن مین یہ کیا آج ہے
کہ سروِ نبی پر جفا آج ہے
پریشان نسیمِ سحر کے ہین گیسو
سرِ شاخ سنبل کھِلا آج ہے

نوحہ

قیامت کا ہونا بجا آج ہے
بلا مین شہِ کربلا آج ہے
تزلزل مین ارض و سما آج ہے
کہ غمگین حبیبِ خدا آج ہے
نہ کیون چشمِ افلاک سے خون برسے
کہ مغلوب غالب ہوا آج ہے
جسے سر جھکاتی تھی کل ساری خلقت
وہ سر خاک و خون مین پڑا آج ہے
پلائیگا جنّت مین جو آبِ کوثر
لو وہ قتل پیاسا ہوا آج ہے
زمانہ مین مشہور تھی صیف جنکی
تہِ تیغ اونکو گیا آج ہے
وہ سینہ جو سینہ پہ رکھتے تھے حضرت
لو شمر اُس پہ بیٹھا ہوا آج ہے
نصیب ہو مجھے خدمتِ اہلبیت
خدا سے مری یہ دعا آج ہے
یہ رونیکی جا ہے کہ بسمل وغا مین
اکیلا شہِ کربلا آج ہے

ترجیع بند در ذکرِ شہادتِ حضرت امام حسین علیہ السلام

بر غزل امیر خسرو

اے دلربائے دو جہان افسوس ای سبطِ نبیؐ — وے دلستانِ دلستان افسوس ای ابنِ علیؑ
یون سر کٹین تن سی جدا اُن مین ترا قومِ شقی — اے چہرہ زیبائے تو رشکِ بتانِ آذری

ہر چند وصفت میکنم در حسن زان بالاتری

واللہ عالم سرور ابھی نہ ہم یہ زر گری — تجھ سا امامِ مجتبےٰ سر گوشۂ چشمِ نبیؐ
دریا پہ یون پیاسا رہے پانی نہ پای اک گھری — تو از پری چابک تری وز برگِ گل نازک تری

وز ہر چہ گویم بہتری حقا عجایب دلبری

روئے نہ کیون خلقِ خدا تجھسا کوئی دکھلائی تو — جسنے کیا تجھپر ستم وہ سامنے آجائے تو
اوصاف تیرے حسن کے قرآن سے سن جائے تو — عالم ہمہ یغمائے تو خلقِ جہان شیدائے تو

آن نرگسِ رعنائے تو آوردہ رسمِ دلبری

جب رن مین گھوڑے سے گرے سرور بصد رنج و الم — بولے لعین سے ای لعین اب کر مرے سر کو قلم
سر کو جھکا کر شمر نے کی عرض اے شاہِ اُمَم — آفاقہا گردیدہ ام مہرِ بتان ورزیدہ ام

بسیار خوبان دیدہ ام لیکن تو چیزِ دیگری

تو ہے وہ یکتائے زمان اے سیدِ والا گہر — ثانی ترا ممکن نہین دنیا مین ہو کوئی بشر
لیکر چراغِ مہر کو مہ بھی کرے گردش اگر — ہرگز نیاید در نظر صورت زرویت خوب تر

شمسی ندانم یا قمر یا زہرہ یا مشتری

تھے سرنگون پیشِ خدا ہے امام المتقین
کی پیش دستی شمر نے سر پر لگائی تیغ کین
دیکھا جو روی پاک کو یون بنتِ سرور چیخ اٹھین
صورت گرے نقاشِ چین او صورتِ یارم ببین

یا صورتے کش این چنین یا ترک کن صورت گری

رو کر شہید کربلا نے عرض یون نانا سے کی
امت نے کنبہ آل کا سب قتل کر ڈالا نبی
بولے نبی واقف ہی تو میری حقیقت ہے توی
من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی

تا کس نہ گوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری

در پر ترے بحر کرم آتے ہین بہرِ التجا
مخلوق مین ہین جسقدر سلطان سے تا بینوا
بسمل کو کرکے شادمان کر اسکی بھی حاجت روا
خسرو غریب است گدا افتادہ در شہر شما

باشد کہ از بہرِ خدا سوئے غریبان بنگری

مسدس در نعت حضرت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

بیتاب کیا عشق رسولِ عربی نے
بیچین کیا دِل کو طبیب قلبی نے
مفتون کیا اپنے پہ اُس اُمی لقبی نے
شیدا کیا مجھکو شہ ہر بیر و صبی نے

دِل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

اعجاز کیا لب کو ہلا اک عربی نے
زندہ کیا تقریر سنا اک عربی نے

دکھلا نئے انداز و ادا اک عربی نے | فوراً ہی مجھے کھینچ لیا اک عربی نے

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

مژگان کا تصوّر ہے و یا ناوکِ دلدوز | چُبھتا ہے جگر مین روشِ خارِ شب و روز
پُھنکتا ہے تپِ ہجر کی آتش مین یہ جان سوز | دیکھا تری تاثیر کو اے عشقِ نیا موز

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

رُخ پر سے گہے بُرقعۂ نوری کو اُٹھا کر | انوارِ الٰہی کی تجلّی کو دکھا کر
گہہ نرگسِ بیمار کا بیمار بنا کر | وارفتہ کیا آنکھون کو آنکھون سے مِلا کر

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

اک سروِ خرامان نے کیا دل مرا پامال | انداز غضب کا تھا قیامت کی بھری چال
اُسوقت سے ہے پیشِ نظر سورۂ زلزال | کیا پوچھتے ہو ہم نفسو مجھسے مرا حال

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

آزار نہ سمجھو مجھے آزار نہین ہے | اور یہ بھی ہے مجھسا کوئی بیمار نہین ہے
ناچار ہون مین یار وہ ناچار نہین ہے | دُشوار ہے مجھکو اُسے دُشوار نہین ہے

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

جز مرگ نہ ٹوٹے گا مرا رشتۂ حسرات
مرقد کا سنا حال نہ واعظ مجھے دن رات
جز مرگ نہ سر بستہ ہو تسبیح مرادات
پوچھینگے نکیرین تو کہدونگا یہی بات

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

کچھ مین ہی فقط اُسکے نہین عشق مین غلطان
وہ کون ہے جو اُسکے الم مین نہین نالان
جلتا ہے تپ ہجر مین اُسکے مہ تابان
دل تھامے ہوئے بیٹھے ہین داؤد و سلیمان

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

پہنچے شب اسرا جو فلک پر شہ والا
اک دھوم ہوئی حسن خداداد جو چمکا
اور پردہ رخ غیرت خورشید ہوا وا
بیساختہ چیخ اُٹھے یہی حضرت عیسیٰ

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

جسوقت کہ اُس جلوۂ رخسار کو دیکھا
اور حضرت ادریس بھی تھے محو تماشا
تفسیر قرآن پڑھنے لگے حضرت موسیٰ
پردہ سے ندا آئی یہ محبوب ہے میرا

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے

مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

جب حشر مین ہنگامہ قیامت کا بپا ہو
خورشید درخشان سوا نیزہ پہ کھڑا ہو

اور بسملِ جان خستہ طلب پیش خدا ہو
اُسوقت یہ عرض ہوگی کہ انصاف ذرا ہو

دلکو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکّی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

ترجیع بند بر غزل حضرت مولانا قدسی رحمتہ اللہ علیہ

نورِ حق فخرِ دو جا سرورِ عالی نسبی
مژدہ لطف و عطا ہے ترا دیدار نبیؐ

جسنے دیکھا تجھے بخشا گیا ہر پیر و صبی
مرحبا سیدِ مکّی مدنی العربی

دل و جان بادِ فدایت چہ عجب خوش لقبی

وہ ترا نور ہے اے نورِ خدائے عالم
جسکے پرتو سے منور ہین حدوث اور قدم

دیکھ جلوہ کہا موسیٰ نے تجلّی کی قسم
من بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمالست بدین بوالعجبی

تجھکو اللہ نے ہے باعث کونین کیا
تو نہ ہوتا تو نہ ہوتا کوئی اصلا پیدا

تیری ہی وجہ سے آدم کو یہ رتبہ پہنچا
نسبتے نیست بذاتِ تو بنی آدم را

برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

تیرے رتبہ سے ہے کم رتبۂ عرشِ اعظم
قدسیان لیتے ہین ہر گاہ ترے سر پہ قدم

غرق ہون بحرِ ندامت مین شہِ عالی ہمم
نسبتِ خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگِ کوئے تو شد بے ادبی

ابرِ احسان سے سیراب ہے گلزارِ انام
بارور شاخِ شجرِ خُلق سے ہین تیرے تمام
تجھ ہی سے تازہ ہے افزائے ریاضِ اسلام
نخلِ بُستانِ مدینہ ز تو سرسبز مدام

زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

سطحِ ارض و سما کے کئے دم میں طے دشت
قابِ قوسین مین پہنچا تو برائے گلگشت
سیرِ جنات بھی کی ایک سے لیکر تا ہشت
شبِ معراج عروجِ تو زِ افلاک گذشت

بمقامے کہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

تو نے منسوخ کی توریت اور انجیل و زبور
موسیٰ و عیسیٰ و داؤدؑ ہوئے سب مجبور
اسقدر تھی تری اللہ کو خاطر منظور
ذاتِ پاکِ تو درین مُلکِ عرب کردہ ظہور

زان سبب آمدہ قرآن بزبانِ عربی

گرمیِ حشر سے گبھرا اُٹھے جب مخلوقات
کوئی الیاس کی پوچھے نہ کوئی خضر کی بات
آکے سب عرض کرین تجھ سے کہ اے بحرِ نجات
ما ہمہ تشنہ لبانیم توئی آبِ حیات

لطف فرما کہ زحد میگذرد تشنہ لبی

خوابِ غفلت مین مری عمر ہوئی حیف بسر
خفتہ بختی نہ ہوئی یادِ الٰہی دم بھر
بارِ عصیان کا اک انبار ہے میرے سر پر
چشمِ رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

اے قریشی لقبی ہاشمی و مُطلبی

تجھ پہ روشن دلِ بسمل کا ہے احوال سبھی — مبتلائے مرضِ عشق ہے جد رجہ نبیؐ

ہے ثنا گر ترا قدسی کی طرح سے یہ بھی — سیّدی انتَ حبیبی وطبیبِ قلبی

آمدہ سوئے تو قدسی پئے درمان طلبی

ترجیع بند

تاجِ لولاک لما لیلۃ الاسرا داری — دیدہ سُرمہ مازاغ لطاہا داری

سرِ قوسین او ادنیٰ وفاوحیٰ داری — مبدءِ ارض وسما زلنۃ اخریٰ داری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری

آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

تیری خاطر ہوئی مخلوق یہ پیدا ساری — ترے دم سے ہوا اسلام کا رستا جاری

اور نبیوں کو جو پہنچا سو وہ باری باری — ختم تجھ پر ہوا ہر شکل کا نقشا کاری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری

آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

تیری بیمار ہے خلقت مرے مولا ساری — ہندی و رومی و توسی و شہا تا تاری

چارہ کرتی ہے ناچار زحد ناچاری — بن ترے پائے شفا کیونکہ ترا آزاری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری

آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

نورِ رحمت ہے تو اے نورِ خدائے یزدان
ہو سکے کس سے ترے وصفِ معالی کا بیان
جلوۂ حق ہے تو اے جلوۂ خلاقِ جہان
شان مین تیری علانیہ ہے ناطقِ قرآن

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

پہنچا جب چرخِ چہارم پہ شہا تیرا براق
عرشیان محوِ تماشا رہے باصد اشواق
دیکھکر حضرتِ عیسیٰ کا ہوا جینا شاق
آئی پردہ سے یہ آواز کہ جانِ عشاق

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

درجِ وحدت سے جو چمکا ترا نورِ اکرم
تیری زینت سے ہوئی زینتِ عرشِ اعظم
ہو گیا عالمِ لاہوت کا اور ہی عالم
ہین ترے نور سے پُرنور حدوث اور قدم

حسنِ یوسف دمِ عیسےٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

حسنِ یوسف کو ترے حسن سے کیا دیجے مثال
کشورِ حسن کا سلطان ہے تو بیقال و مقال
ہے وہ اک ذرۂ بیجان تو ہے بدرِ کمال
ڈال لین کیون نہ حسینانِ جہان منھ پہ رومال

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

سر سے پا تک ہے تو بے ریب و ریا پُتلۂ نور
ہیچ ہے ہر عضوِ مقدس ہے ترا مشعلۂ طور

دیکھنے حضرتِ موسےٰ اگر حضرت کا ظہور — صاف تسلیم ادا کرکے یہ کرتے مذکور

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

وہ گُلِ تر ترے رُخسار ہین ماشاء اللہ — باغِ وحدت مین دو سیب آئی ہین گویا واللہ
جسنے دیکھا تری تصویر کو واللہ باللہ — وہ یہی کہکے پکارا ہے کہ سبحان اللہ

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کس کے در کا بنا دربان امین جبرائیل — کس کا پھر غاشیہ بردار ہوا میکائیل
کسکو حاصل ہوئی مازاغ البصر کی تکمیل — کسکا عاشق ہوا معشوق جہان ربِّ جلیل

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

گرمیٔ حشر سے گبھرائے ہر اک پیر و صبی — خضر و الیاس کو مجبور کرے تشنہ لبی
انبیا تجھ سے کہین وقت شفاعت طلبی — سب ہین بیمار ترے تو ہے طبیبِ قلبی

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

واسطے تیرے بچھی ہے یہ بساطِ افلاک — ہے سزاوار تو ہی رفعتِ شانِ لولاک
منزلت کو تری پہنچا نہ کوئی بھی چالاک — منھ کے بل تھک کے گرے توسنِ فہم و ادراک

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

بحث بیجا ہے ترے سایۂ اقدس مین شہا
نور کا کوئی بتائے کہین سایہ دیکھا
نور وہ نور کہ جو نور ہے عالم آرا
شان مین جسکی خدا آپ کہے صلِّ علیٰ

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

فتنۂ حشر سے بسمل کو بچانا حضرت
اسکے ہر عیب کو رحمت سے چھپانا حضرت
کوزۂ شربتِ دیدار پلانا حضرت
اپنے ہر ناز کا انداز دکھانا حضرت

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

تضمین بر مناجات حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ اوّل

یہ گران بارِ سفر افسوس یہ راہِ طویل
سر اٹھانے کی نہین طاقت ہون اسدرجہ علیل
فضل بن تیرے نظر آتی نہین کوئی سبیل
خُذْ بِلُطْفِکَ یَا اِلٰھِیْ مَنْ لَہٗ زَادٌ قَلِیْل

مُفْلِسٌ بِالصِّدْقِ یَاْتِیْ عِنْدَ بَابِکَ یَا جَلِیْل

ایک دم ہوتا نہین کم دل سے یہ فکرِ جزیل
روز و شب پھرتا ہون مولا جون گدا بیقال و قیل
کر غنی اپنے کرم سے مجھکو اب تک ذلیل
خُذْ بِلُطْفِکَ یَا اِلٰھِیْ مَنْ لَہٗ زَادٌ قَلِیْل

مُفلسٌ بالصدق یاتی عند بابک یا جلیل

ہو بروز حشر سر پر سایۂ لطف عمیم　　تھرتھراتا ہے کلیجہ سن کے احوال جحیم
ہوں سراپا غرق بحر معصیت میں اے کریم　　ذنبہٗ ذنبٌ عظیمٌ فاغفر الذنب العظیم

اِنّہٗ شخصٌ غریبٌ مذنبٌ عبدٌ ذلیل

شوق مستی کے تماشہ میں رہا افسوس محو　　طفل آسا عمر کی سب صرف در لعب و لہو
حسب وعدہ بن نہ آئی مجھسے کوئی فکر نحو　　منہ عصیانٌ و نسیانٌ و سہوٌ بعد سہو

منک احسانٌ و فضلٌ بعد اعطاء الجزیل

خود خجل ہوں دیکھکر اپنے معاصی و زلل　　غور سے ثابت ہے بالکل ہوں اثیم بے بدل
کوئی دنیا میں نہ ہوگا مجھسا خوار و مبتذل　　کیف حالی یا الٰہی لیس لی خیر العمل

سوء اعمالی کبیرًا زاد طاعاتی قلیل

سنگ عصیان سے ہوا ہے شیشۂ دل چور چور　　سخت مشکل میں پڑا ہوں کیونکہ ہوں اس سے عبور
صورت تصویر سکتے میں ہوں اے رب الغفور　　انت شافی انت کافی فی مہمات الامور

انت حسبی انت ربی انت لی نعم الوکیل

ہوں در دولت پہ حاضر شاد کر بہر نبی　　حال دل روشن ہے تجھپر کیا خفی و کیا جلی
آرزو اے قاضی الحاجات ہے از بس یہی　　عافنی من کل داءٍ اقض عنی حاجتی

اِنّ لی قلبٌ سقیمٌ انت من تشفی العلیل

کام فرما رحمت عالی کو اے فرد صمد　　چھوٹنا اس غم سے ناممکن ہے بے تیری مدد

ذنب واحد نے کیا ہی خوار شیطان کو اشد
طَالَ یَا رَبِّیْ ذُنُوْبِیْ مِثْلَ رَمْلٍ لَا تُعَدّ

فَعَفُوْ کُلَّ ذَنْبٍ فَصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِیْل

سوزش نار جہنم سے بچا یا رب الہ
تیرا بندہ ہون اگرچہ ہون جریم و روسیاہ
شعلہ آسا کانپتا ہون آتش دوزخ سے آہ
قُلْ نَارِیْ اَبْرِدِیْ یَا رَبِّ فِیْ حَقِّ کَمَا

قُلْتُ قُلْنَا نَارُ کُوْنِیْ اَنْتَ فِیْ حَقِّ خَلِیْل

رکھہ حساب عاقبت سے داور محشر معاف
بیخطر ہو کر پڑھون طٰہٰ و یٰسین اور قاف
صفحۂ قرطاس دل سے حک ہون حرف ہون صاف
ھَبْلَنَا مُلْکًا کَبِیْرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَاف

رَبَّنَا ذَا اَنْتَ قَاضِیْ وَالْمُنَادِیْ جِبْرَئِیْل

اک نگاہ پر فیصلہ ہے تیری تواب حکیم
مول لیلون جنت الفردوس جنت النعیم
منتظر ہون دیکھلے رحمت کی آنکھون سے رحیم
رَبِّ ھَبْ لِیْ کَنْزَ فَضْلٍ اَنْتَ وَھَّابٌ کَرِیْم

اَتَنِیْ مَا فِیْ ضَمِیْرِیْ دُلَّنِیْ خَیْرَ الدَّلِیْل

شک نہین اک روز قالب سے نکلجائیگی روح
دیکھتا رہجائیگا تائب ہو تو مثل نصوح
غور کر بسمل کہن ہین چھپ گیا کس کا فتوح
اَیْنَ مُوْسٰی اَیْنَ عِیْسٰی اَیْنَ یَحْیٰی اَیْنَ نُوْح

اَنْتَ یَا صِدِّیْقُ عَاصِیْ تُبْ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْل

مسدس بر شعر حضرت مولانا مولوی عبد الحق صاحب

محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اے کلکِ فکر نعتِ نبی لکھ سنوار کر
قرطاس زر نگار پہ ہے آشکار کر
بعد اوس کے حرف سین سے خط استوار کر
پہر مطلعِ ثنائے نبی پڑھ پکار کر

یا صاحب الجمال و یا سیّد البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

تجھسا کوئی جہان مین نہین شاہِ بحر و بر
تجھسا کوئی نظر نہین آتا اِدہر اُدہر
ثانی ترا ہوا نہین پیدا کوئی بشر
دعوائے ہمسری جو کرے ہے وہ کور و کر

یا صاحب الجمال و یا سیّد البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

معجز نمائی کا تری شُہرہ ہے گہر بگہر
شق ہو گیا اشارۂ انگشت سے قمر
کہتے تھے منکرانِ نبوّت جھکا کے سر
کرتے ہین ہم زبان سے اقرار معتبر

یا صاحب الجمال و یا سیّد البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

پیدا ہوا ہے نور ترا سب سے پیشتر
رازِ خدا تھا رکہا اُسے حق نے مستتر
ستّر ہزار سال کے پیچہے بکرّ و فر
لکھا خدا نے نام محمد کو لوح پر

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

جز تیرے اور کون ہے محبوبِ کردگار
کس کے لئے خدا نے کیا کُن کو آشکار

بتلائیے تو گذرے پیمبر ہین صد ہزار
لولاک کس کی شان مین حقنے کہا پکار

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

سچ تو یہی ہے کلمۂ توحید کی قسم
پاتے ہین تیری شان مین شانِ خدا کو ہم
لیتے ہی تیرے نام کے ہوتا ہے دور غم
پھر کس طرح ثبوت نہ ہو منبعِ کرم

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

آدم کو یہہ جو رتبۂ عالی ہوا عطا
سجدہ ملایکون نے کیا سر جھکا جھکا
لعنت کا طوق گردنِ ابلیس مین پڑا
تیرا ہی تو سبب تھا یہ اے شانِ کبریا

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

احمد کا میم میم الف لام میم ہے
لاریب عالم اوسکا خدائے علیم ہے
بندہ کو اس کنایہ سے فرحت عظیم ہے
تیری طرف اشارۂ ربّ الکریم ہے

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

قرآن مین جا بجا کیا اللہ نے بیان
حتےٰ کہ تیری شان مین نازل ہوا قران
ارباب معرفت کی زبانی خبر ہے ہان
ہر آیۂ قرآن سے ہوتا ہے یہ عیان

یا صاحب الجمالِ و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اسرا کی شب خدا سے ملاقات آپکی
اس شان سے ہوئی کہ دبی شانِ عرش بھی
صلِ علیٰ کی دہوم ہر اک سمت سے اوٹھی
غل مچگیا ملایک و جنات مین یہی

یا صاحب الجمالِ و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

بہیجا تجہے خدا نے وہ رہوار تیز گام
طے دم مین کین مسافتِ ہفت آسمان تمام
جبریل ہمرکاب لئے ہاتھ مین لگام
چلتے تھے گام گام پہ کرتے یہی کلام

یا صاحب الجمالِ و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

بسمل کو اب بلایئے ہندوستان سے
جلوہ دکھایئے اسے اُس آن و بان سے
معراج مین گئے تھے شہا جیسی شان سے
یہ بھی کہے زبانِ عرب مین زبان سے

یا صاحب الجمالِ و یا سید البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

یارب عطا سرورِ مئے اتحاد کر
یارب عطا ظہور ولاؤ وداد کر

یارب مری خطا پہ عطا کو زیاد کر | یارب تو سوئے ما نظرِ لطف و داد کر

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

یارب تو کارساز ہے بندہ نواز ہے | یارب ترا سدا سے درِ لطف باز ہے
یارب عیان ہے تجھپہ جو کچھ دلکا راز ہے | ناچار و عاجزون کا توہی چارہ ساز ہے

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

جز تیرے اور کون ہے اے ربّ کردگار | بندہ سُنائے جا کے جسے اپنا حالِ زار
فوجِ الم محیط ہے ہر سو بلا شُمار | نالان ہون دیر سے مین جگر خستہ دلفگار

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

سُن سُن کے تیرے حُکم خداوند ذوالجلال | ہوتا ہے دل مین سخت جرایم سے انفعال
کس مُنھ سے چاہے تجھسے جو چاہے یہ خستہ حال | پر ہان ترے کرم کی نظر پر ہے یہ سوال

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

بہکا پھرا مین بھول کے تجھکو عجب ہوا | سمجھا نہ یہہ کہ قابلِ قہر و غضب ہوا
مانا کہ ہر گُناہ کا مین ہی سبب ہوا | جو کچھ خلافِ حُکم ہوا مجھسے سب ہوا

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

ثابت ہے یہ کہ موجد ارض و سما ہے تو — تحقیق ہے کہ مالکِ ہر دو سرا ہے تو
لاریب فیہ رازقِ شاہ و گدا ہے تو — سب احتیاج مندین حاجت روا ہی تو

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

ہستی سے جب الٰہی مجھے انفراغ ہو — ہمراہ تیرے لطف کا روشن چراغ ہو
خطرات رہ سے میرا نہ خالی دماغ ہو — سیرِ ارم ہوا اور یہہ دل باغ باغ ہو

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

بخشش کا انتظار ہے بندہ الٰہی بخش — ہر لحظہ بیقرار ہے بندہ الٰہی بخش
عصیان سے شرمسار ہے بندہ الٰہی بخش — گویا یہ بار بار ہے بندہ الٰہی بخش

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

گرچہ ذلیل و خوار ہون اور رُوسیاہ ہون — کم عقل و کم شعور ہون گم گشتہ راہ ہون
گو شامتِ عمل سے بحالِ تباہ ہون — لیکن ترا ہی کلبِ درِ بارگاہ ہون

یارب بفضلِ خویش مجھے بامُراد کر

یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

رعشہ سے ضعفِ جسم ہے بے اختیار ہون — طاقت سے طاق ہر گھڑی سیماب وار ہون
وقتِ یسین ہے شرم سے زار و نزار ہون — فرطِ کرم کا تیری بس اب انتظار ہون

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

ہے فیض تیری ذاتِ مقدس کا آشکار — ہر جا پہ تیری جلوہ نمائی کی ہے پکار
مثلِ کلیم مجھکو بھی دکھلادے وہ بہار — کافور ہون جو ہوش و خرد صبر اور قرار

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

یوسف نے تجھسے چاہ مین چاہا نہ ہو ضرر — پہنچے نہ تہ تلک کہ ملک پہونچا مار پر
یونس کو بطنِ ماہی سے دم مین کیا بدر — داؤد کے نوا مین وہ پیدا ہوا اثر

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

تو عالم الغیوب ہے اور ساتر العیوب — بندہ کا پردہ دار ہے اور غافر الذنوب
تایب ہو النصوح ہو افضل ترا خوب — رحمت ہو کاش مجھپہ بھی ای کاشف القلوب

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

رتبہ یہہ بوالبشر کو ملا جسکی حد نہین
احسان فہیج پر وہ کیا جسکی حد نہین
ایوب کو وہ صبر دیا جسکی حد نہین
کیسا خلیل شاد ہوا جسکی حد نہین

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

روشن ہے تجھپہ بسمل کا حال سب
دستِ کرم اب اسکے سطالب کا ہو سبب
جسد رحبہ مبتلا ہے برنج و غم و تعب
عرصہ سے پڑھ رہا ہے یہ مضمون باادب

یارب بفضلِ خویش مجھے بامراد کر
یارب بحقِ احمدِ مختار شاد کر

شجرۂ خاندانِ چشتیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لب کُشا ہو پہلے حمدِ کبریا کیواسطے
اور ستایش آل و اصحابِ صفا کیواسطے
بعدہ نعتِ محمد مصطفےٰ کیواسطے
دست بستہ پھر ہو عرضِ مدعا کیواسطے

تا درِ رحمت ہو وا تیری دعا کیواسطے

یہہ جو ہے سید محمد باعلی بندہ ترا
حالِ دل سے اسکی تو واقف ہی اے یارِ خدا
حبس عصیانکی گرفتار ہے سر اسکو رہا
فضل سے اپنے تو کر اب اسکی حاجت کو روا

حضرتِ پیرانِ چشتی اولیا کیواسطے

جز ترے مشکل کشا کوئی نہین
جز ترے حاجت روا حاجت روا کوئی نہین
رازِ دل کسپر کرون ظاہر مرا کوئی نہین
سننے والا مدعا تجھسا سُنا کوئی نہین

سن جنابِ انتظامِ مقتدا کیواسطے

آسرا ہے ذاتِ اقدس کا تری ربِّ الکریم
چارۂ بیچارگان ہے تیری حکمت ای حکیم
ہی حسامِ بیمِ عصیان سے دلِ بسمل دو نیم
عفو کر اسکی معاصی رحم کر اس پر رحیم

شہ معین الدین حکیمِ باوفا کیواسطے

جلوۂ شانِ مبارک اے خدائے دادگر
جلوہ گر ہر شے مین ہی کیا ذرہ کیا شمس و قمر
گردشِ سیارۂ اعمال سے ہون کور و کر
کر عطا وہ چشمِ بینا جس سے صفا آئے نظر

اب محمد فاضلِ قطبِ الضیا کیواسطے

کر کرم للہ مجھپر اے شہنشاہِ کرم
بخشدے میرے جرایم از پئے شاہِ امم
بہرِ حضراتِ جنابِ اولیاے چشت ہم
دے مجھے داوارِ محشر راحتِ باغِ ارم

شاہِ اکرم شاہِ اکرم باسخا کیواسطے

باعثِ ایجادِ خلقت وہ جو ہے تیرا حبیب
ہو شفاعت اسکی محشر مین مجھے یارب نصیب
شان مین نازل ہوا قرآن جسکی ہے مجیب
سید الشہدا امامِ مجتبیٰ جسکا نقیب

شیخ سوندھا صافِ باطن پارسا کیواسطے

تیرے قبضے مین ہین انعامِ تمامی کائنات
جسنے جو مانگا دیا تونے شہِ عالی صفات

صورتِ داودِ خوش الحان مجھے کر پاک ذات ۔ دے زبان کو وہ لطافت بات ہو جس سے نبات

شیخ داودِ ولی خوش لقا کیواسطے

ربِّ ارنی لن ترانی کا ہوا انکار صاف ۔ طور پر موسیٰ کو دکھلائی تجلی بے غلاف
اک نظر مجھکو بھی وہ دکھلا دے خطا کر کے معاف ۔ اپنا وعدہ پورا کر تو کو ہو نہین وعدہ خلاف

شہ محمد صادق صدق العلا کیواسطے

ہے یہی ایمان اپنا قل ہو اللہ احد ۔ ہر نفس لب سے عیان ہے صفا اللہ الصمد
سُنکے تیرے وصف اقدس لم یلد ولم یولد ۔ دل وطم بولا یقین جان روح لہ کفواً احد

لطف فرما بوسعیدِ بوالوفا کیواسطے

دل کے آئینہ مین جبدم دیکھتا ہون آپکو ۔ خود خجل ہوتا ہون حالت دیکھکر بے گفتگو
حسب وعدہ بن نہ آیا ایک بھی کار نکو ۔ روسیاہ ہون یا الہ العالمین کر سرخرو

شہ نظام الدین بلخی باخدا کیواسطے

کشتیٔ دل ہے پھنسی اپنی بگرداب محن ۔ پانی پانی خضر آسا ہے مرا تن اور بدن
سیل کی صورت لرزتا ہے کلیجا ذو المنن ۔ پار کر بحرِ کرم بحرِ الم سے بے سخن

شہ جلال الدین شیخ آشنا کیواسطے

پایہ لطف و کرم سے کر مجھے یہانتک غنی ۔ آرزو رکھون سوا تیری نہ دیگر سے کوئی
تجھی سے چاہون جو چاہون کیا خفی و کیا جلی ۔ تو ہی برلا من وعن میری تمنائے دلی

قطبِ عالم عبدِ قدوس اصفیا کیواسطے

باغ ہستی مین نہ گل آسا کہلا پژمردہ دل
گو نسیم صبح وعدہ ہی ترا پر ہون خجل
غل گلچین مجھسے ہوتی ہین خطائین متصل
شبنم رحمت سے کر سیراب طبع مضمحل

شیخ عبد الحق جناب اتقیا کیواسطے

طوق لعنت ہی گلین جسکے وہ ایذا رسا
موجد وسواس بیجا ہے وہ ہودی بیحیا
در پئے ایمان ہے ہر مومنان باخدا
شر سے اُن نا اہل ملعون کے مجھے یارب بچا

عارف عبد الحق محقق پیشوا کیواسطے

چاہیے بندہ نوازی تجھکو اے بندہ نواز
کیونکہ تیرا نام ہے آمرزگار و کارساز
بے نیازی تجھکو زیبا ہے کریم بے نیاز
سرفرو ہون بار عصیان سے مجھے کر سرفراز

احمد عبد الحق شہ لطف و سخا کیواسطے

جل رہا ہون آتش تخویف سے مثل چنار
پھنک رہا ہی مجمر سینہ مین دل بے دود و نار
مرغ آتش خوار کی صورت ہی اپنا کاروبار
آب رحمت سے بجھا اس آگ کو آمرزگار

شہ جلال الدین صاحب اتقیا کیواسطے

ظلمت رنج اثم کو مشعل فغفور بخش
زخم صمصام الم کو مرہم کافور بخش
نور ایمان کو ترقی ضیائے نور بخش
دشمن ایمان بے ایمان کو عذاب گور بخش

خواجہ شمس الدین خورشید ولا کیواسطے

معرفت کی راہ سے آگاہ کر رب الہدا
تا کہلے مجھپر طریقت اور حقیقت کا پتا
جادہ صبر و قناعت پر ہوا اپنا اقتدا
منزل مقصود کو پہنچون یہی ہے مدعا

شہ علاؤالدین صابر رہنما کیواسطے

ابیضِ گیسو کی آمد سے اوڑا دل سو سو کوس — توشۂ رہ کچھ نہین اور بج چکا رحلت کا کوس
قافلہ سالار یوسف سان غلام بے فلوس — چاہ مین بیٹھا ہے ہاتھون سے کلیجے کو مسوس

تو اعانت کر فرید باوفا کیواسطے

وحشتِ ماتم کے ہاتھون سے گریبان کرکے چاک — ہون بگولہ کیطرح پھرتا اوڑاتا سر پے خاک
پیرہن صد پاش کی ہے سوزنِ رحمت پہ تاک — کر رفوا اے صانعِ قدرت رفوءِ انفکاک

خواجہ قطب الدین روائی بے ردا کیواسطے

ہے بُراقِ طبع کا اب اور ہی کچھ رنگ و ڈھنگ — توسنِ چالاک کا ڈھیلا ہوسے چست تنگ
دمبدم اُڑتا ہے اپنا رنگ جون رنگِ پتنگ — مرحمت وہ رنگ ہو جس رنگ سے جم جاے رنگ

شہ معین الدین باصدق وصفا کیواسطے

صورتِ مینا گلا گھُٹ گھُٹ کے آتا ہے نفس — ہے صدای قلقلِ حلقوم صد رشکِ جرس
ساغرِ امید بھر دے بادۂ وحدت سے بس — تشنہ کامی نے کیا ناکام اے فریادرس

خواجہ عثمان حلیم باحیا کیواسطے

مکر سے خالی نہین دنیای دون کی چال و ڈھال — بازگشت اسکی ہے جیسے بازیگر کرتے ہین چال
زیب و زینت عیش و عشرت اسکا ہے خواب و خیال — مجکو سیلاب سراب مکر سے یارب نکال

شہ شریف زندنی صاحب لوا کیواسطے

تیرا طالب ہون نہین مجکو خدائی سے غرض — بادشاہی سے ہے مطلب نے گدائی سے غرض

زہد تقوی سے غرض نے پارسائی سے غرض
ہو رسائی میری تجھ تک یہ رسائی سے غرض

حضرت مودود چشتی پارسا کیواسطے

ہجر مین خون جگر پینے سے ہون ناراض مین
موت آئے بیمزہ جینے سے ہون ناراض مین
دامن دست جنون سینے سے ہون ناراض مین
روز غم کہانیکے روز پینے سے ہون ناراض مین

جون زلیخا وصل یوسف ہو خدا کیواسطے

ہوش دے اتنا مجہے مین تیرا دیوانہ رہون
تجہپہ ہردم جان نثار مثل پروانہ رہون
نشۂ الفت مین تیرے سب سے بیگانہ رہون
دے وہ جام بیخودی جس سے کہ مستانہ رہون

بو محمد خواستگار کبریا کے واسطے

ہو خدنگ عشق احمد مصطفےٰ سینہ کے پار
اور رہے دلمین کہٹکتا ہر گہڑی مانند خار
بیقراری مین گئے بسمل کا ہر لیل و نہار
دست بردار ہی لین ہوش و خرد صبر و قرار

احمد ہمنام احمد مجتبےٰ کے واسطے

صورت پرکار گردش مین ہون نہ پہر آسمان
ایکقدم پہرتا ہون پر تیرا نہین ملتا نشان
نحن اقرب کی صدا رگ رگ مین پہونچتے ہان
پر طریقت بن حقیقت کیونکہ ہو مجہپر عیان

کاشف الباطن ہو اسحاق آشنا کیواسطے

لمعۂ انعام قدرت کی ہے ہر شے مین جہلک
ہے مذاق شیرینیٔ لطف سے ثابت نمک
ذرۂ ناچیز ہون دے غیرت انجم چمک
تا ابد روشن رہے جس سے چراغ مردمک

خواجہ ممتاز علوی رہنما کیواسطے

نورِ عرفان سے منور کر مرے دل کا چراغ ۔ ظلمتِ راہِ ضلالت سے ہو حاصل انفراغ
ہو گلِ لالہ کی صورت سینۂ بسمل مین داغ ۔ رکھہ خیابانِ تمنّا کو ہمیشہ باغ باغ

بو ہبیرہ شاہ بصرے باوفا کیواسطے

حد سے گذرا رنج و غم دوریکا اب کر حرف دور ۔ دوست رکھہ مجکو رکھہ پیشِ نظر حاضر حضور
سنگِ فرقت سے ہوا ہے شیشۂ دل چور چور ۔ مژدۂ وصلت سنا اب بخشدے میرا قصور

شہ حذیفہ مرعشی صاحب عطا کیواسطے

مجتمع ہون اہلِ وقعت جب ترے دربار مین ۔ یاد ہو میری بھی شاہا مجمع حضّار مین
ہون پسندیدہ زبان سے جو کرون اظہار مین ۔ دے فصاحت اسقدر یارب مری گفتار مین

خواجہ ابراہیم ادہم بادشا کیواسطے

حضرتِ ایوب کے مانند کر صابر مجھے ۔ رکھہ ہر اک کربِ بلا مین راضی و شاکر مجھے
التجا ہے نفسِ امّارہ پہ کر قادر مجھے ۔ اپنے ذکرِ پاک کا یارب بنا ذاکر مجھے

شہ فضیل ابنِ عیاض اہلِ عزا کیواسطے

ہر طرف سے پھر پھرا کے یہ ترا بیمارِ عشق ۔ آپڑا در پر ترے لے چارہ گر آزارِ عشق
جان بلب ہے بے خبر مرتا ہی یہ سرشارِ عشق ۔ ہو مسیحائی مسیحائے جہان درکارِ عشق

عبدِ واحد عاشقِ رب العلا کیواسطے

عزّت و جاہ و جلال و حشمت و مال و منال ۔ تو نے بخشا میری لائق مجکو سب کچھہ ذو الجلال
ہے ترے احسان کا ممنون میرا بال بال ۔ پر مری حسرتِ قلبی باقی کو بھی نکال

شہ حسن بصری کبیر ما بقی اکیواسطے

مین تنِ تنہا مقابل لشکرِ غم لاتعد — کھینچتا ہے گوشۂ دامانِ جان فکرِ اشد
سخت مشکل مین پڑا ہون اے خداوندِ احد — کامیاب ہونا نہین ممکن بجز تیری مدد

کر مدد یارب علی مشکل کشا کیواسطے

گرچہ ہون خوار و ذلیل و مستمند و روسیاہ — تیرا بندہ ہون پر اے شاہِ شہ عالی پناہ
فتنۂ روزِ قیامت سے بچا بارِ الہ — کر نہ میرے نامۂ اعمالِ بد پر کچھ نگاہ

شافع محشر محمد مصطفےٰ کے واسطے

آستانہ پاک پر نالان ہون با صد چشمِ تر — اب یدُ اللہ فوقَ ایدیہم پہ کر اپنی نظر
مجھکو میری عقلِ لایعقل نے کر کے کور و کر — باز رکھا تیرے در سے اور پھرایا دربدر

رحم کر مجھپر خداوندا خدا کیواسطے

کام سے اپنے الٰہ العالمین با کام ہو — یہ محمد یا علی خوشوقت نیک انجام ہو
مطلبِ دل اسکا اے یزدان جو خاص و عام ہو — وہ ترے دربارِ عالی سے اسے انعام ہو

ہاتھ پھیلائے یہ جب اپنی دعا کیواسطے

سرنگون ہو دم نماز اب آگے ہی جائے ادب — شکر کا سجدہ بجا لا دست بستہ ہو کے اب
وعدۂ لاتقنطو فرما رہا ہے خاص رب — مژدہ ای بسمل یہ ہے مطلب برار یکا سبب

دامنِ امید پھیلا اب عطا کیواسطے

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات برنزول باران رحمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے خداوندہ ہر دو جہان اے خدا اے خالق ہر انس و جان
اے خدا اے کاشف امن و امان اے خدا اے واقف رمز نہان

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

الغیاث اے شاہ دوران الغیاث الغیاث اے شاہ شاہان الغیاث
الغیاث اے چارہ فرمان الغیاث الغیاث اے جان بیجان الغیاث

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

ہر طرف ہے خشک سالی کا ظہور تپ تی ہے ہر سوزمین مثل تنور
گرچہ آتی ہین گھٹائین بر ضرور پر نہین ہوتا ترشح کا وفور

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

وہ ہوائین ہین نہین آتین نظر ہو گمان بارش کا جن سے سربسر
باد صرصر کا یہ کچھ بالا ہے سر ہے خزان کا جیسکے جھونکے مین اثر

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

آسمانون سے پڑی ہے سر پہ خاک
پھرتے ہین ہر سو بگولے پُر تپاک
اور زمین پر خاک کا ہے سینہ چاک
ہے شفق کی جا فلک پر رنگِ خاک

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

ہر چرند و ہر پرند ہر جاندار
کھول کر منقار با صد انتظار
پھرتے ہین پانی کی خاطر بیقرار
چاہتے ہین برسے پانی کی پھوار

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

قحط کی زد سے بچا بارِ الٰہ
اب بلا بارش نہین بندون کی جاہ
کر غریبون پر ترحم کی نگاہ
نعرہ زن ہے ہر نفس شام و پگاہ

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

کوئی استسقا کی پڑھتا ہے نماز
دست بستہ کوئی با سوز و گداز
سر فرو ہے کوئی با عجز و نیاز
کہہ رہا ہے اے کریم کارساز

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی

کر عطا یارب گھٹا باران کی

لے خبر ہر کار بے کاران کی — خشک سالی سے پڑی ہے جان کی
اب معافی چاہیے عصیان کی — ہے دُہائی صاحبِ غُفران کی

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

بحقِ بہرِ محمد مصطفےٰ — بہرِ اصحابِ جنابِ مقتدا
بہرِ حسنین و بتولِ پارسا — بسملِ خستہ کی کر حاجت روا

بدلی جاتی ہے ہوا انسان کی
کر عطا یارب گھٹا باران کی

سلام

سلامی دیکھ تو ہے نالہ و فغان کیسا — زمین لرزتی ہے روتا ہے سب جہان کیسا
حسینؑ کہتے تھے رو رو کے اے خداوندا — ترے حبیب کا اُجڑا ہے بوستان کیسا
الٰہی ٹوٹ پڑے سر پہ اشقیا کے فلک — یہ ظُلم روحِ پیمبر پہ ناگہان کیسا
گرے عقاب سے اکبر تو بانو چلاّئی — تڑپ رہا ہے مرا لال نوجوان کیسا
جو ہم شبیہ محمد تھا باغِ ہستی میں — پڑا ہے خاک پہ خاموش غُنچہ سان کیسا
طلب میں پانی کی کہتے تھے حضرتِ شبیر — ہوا شہید مرا طفلِ بے زبان کیسا

ستم شعلہ بیان اعدا کی الحفیظ وحذر
کیا تباہ محمد کا دودمان کیسا
دلہن بہاتی تھی آنکھوں سے خون بصد زاری
لباس نوشہ قاسم ہے خونفشان کیسا
گلے پہ پھیر کے خنجر کو شمر تھرّایا
ہوا ہے چاند مدینہ کا بے نشان کیسا
چڑھا کے نیزہ پہ سر شہ کا لشکر بے پیر
چلا ہے شام کی جانب کو شادمان کیسا
یہ جبر صبح قیامت کہ شام کا لشکر
ہوا ہے خیمۂ عصمت پہ بدگمان کیسا
رکا جو سینہ مین دم بولین زینب و کلثوم
جگر تو پھنک چکا یارب یہ ہی دھوان کیسا

الٰہی بخش دے **بسمل** کو از پئے حسنین
غلام آلِ محمد ہے نوحہ خوان کیسا

پیاسا جسنے مارا مجرئی سبط پیمبر کو
دکھائیگا وہ منھ کیا حشر مین ساقی کوثر کو
گلے پر پھیرنا خنجر کہا حضرت نے قاتل سے
سنے جب تو صدائے نعرہ اللہ اکبر کو
بلکتا ہے بلا پانی کہا مولا نے اعدا سے
پلادو آب اک قطرہ مرے معصوم اصغر کو
نہ چھوڑا ساتھ دریا مین بھی فرزندان مسلم نے
یہ الفت تھی پس مردن برادر سے برادر کو
مجھے چھوٹے ہو تم دلسے مین تمکو یاد کرتی ہون
کہا قاصد سے صغرا نے کہ کہدینا یہ اکبر کو
کہین بابا ملین تو ان سے بھی کہنا یہ رو رو کر
مسیحا میرے چھوڑا کس پہ اس بیمار بے پر کو
بھڑک اوٹھے نہ کیون شعلہ دل شیدائے اکبر مین
بجھایا آب خنجر سے شعاع ابن حیدر کو
توقف تا کجا مولا کہا عابد نے آقا سے
اجازت دیجئے رن کی اب اس بیمار مضطر کو
اوڑے اوسان صغرا کے سنا سینہ مین دل بھڑکا
نظر سے دیکھتے ہی خون آلودہ کبوتر کو

خیابانِ حسینی مین چلی بادِ خزان کیسی
سُکھایا عین موسم مین بہارِ گُلشنِ تر کو

رکھا نوروز تک بہو کا پیاسا دشتِ کربل مین
دی ایذا موزیون نے اسقدر آلِ پیمبر کو

سرِ شبیر کو دیکھا جو نیزہ پر فرشتون نے
کہا رو کر ہوئی معراج لوگو ابنِ حیدر کو

غمِ شبیر مین شام و سحر روئے نہ کیون بسمل
ڈُبویا خون مین بحرِ رسالت کے شناور کو

طاعاتِ حق ہے مجریٔ طاعت حسین کی
ناجی ہو سب سے پہلے جماعت حسین کی

سجدے مین سر کٹا کیا جُنبش نہ کی ذرا
محوِ رضائے حق تھی عبادت حسین کی

اللہ رے سختیانِ فلکِ کجمدار نے
دیکھی کس آنکھہ سے یہ مصیبت حسین کی

روتے تھے ساکنانِ فلک بامِ عرش پر
زخمون سے چور دیکھہ کے حالت حسین کی

چھوڑا زمام ضبط کو ہرگز نہ ہاتھہ سے
کیا مُستقل مزاج تھی ہمّت حسین کی

بیعت طلب کی اخفشِ ملعون نے حیف ہے
لازم تو یہ تہا کرتا وہ بیعت حسین کی

ہلتی تھی قبرِ رستم و افراسیاب کی
وہ کام کر رہی تھی شجاعت حسین کی

دِلمین خیالِ فوجِ ستم جانمین اضطراب
زِچ تھی تنِ لطیف مین جُرأت حسین کی

جنت مین فاطمہ و علی ختمِ مرسلین
روتے تھے دہیان کرکے مصیبت حسین کی

اکبر ہوا شہید تو بولے یہ اہلِ کین
پہونچی اب عنقریب شہادت حسین کی

لب پر صدائے شکر ہے دلمین ربطِ صبر
زین العبا کو تھی یہ وصیّت حسین کی

زینب پکارین شمر دمِ اختصار ہے
تہم جا ذرا مین دیکھہ لون صورت حسین کی

پورا فدائی ہے وہ پیمبر کی آل کا
بسمل ہے دل میں جسکے محبت حسین کی

تمت

قطعہ تاریخ من تصنیف لطیف شیخ حافظ الٰہی بخش صاحب بسمل مصنف دیوان ہذا

للہ الحمد نسخۂ دیوان — گشت موزون بفضل رب غفور
فکر تاریخ شد چو اے بسمل — گفت ہاتف نوشت غنچۂ نور
۱۳۱۵ھ

قطعہ تاریخ من تصنیف جناب شیخ عبد الرحیم صاحب عاقل خلف الرشید جناب شیخ حافظ الٰہی بخش صاحب بسمل رئیس میرٹھ

کیا ہی دیوان لکھا ہے بسمل نے — فرحت خلد جس سے ہے موصول
اس کی شوخی طرز روح افزا — اسکا رنگ سخن ہے تازہ پھول
اس کا ہر مصرع گوہر یکتا — اس کا ہر شعر جوہر معقول
لکھیے تاریخ اس کی اے عاقل — بھا گئی ہے ادائے باغ رسول
۱۳۱۵ھ

من تصنیف مثنوی و تقریظ ہذا
رذیل حافظ محمد عمر خلف الرشید جناب ملا ن حکیم بخش صاحب پیش امام مسجد

کھیریل واقعہ محلہ سرائے بہلیم علاقہ شوراب دروازہ شہر میرٹھ متوطن قدیم
موضع کنونی تحصیل سردہنہ ڈاکخانہ جانی بزرگ ضلع میرٹھ

حمد جسکی کرو خدا کی ہے ہوکے لاچار کیے سجود	کیونکہ ہر چیز کبریا کی ہے پڑھ کے پیغمبر خدا پہ درود	کیسے کس کس کی مین ثنا لکھون عرض کرتا ہون مدعائے دل	مدح کس کس کی اور کیا لکھون پیش کرتا ہون ماجرائے دل

کہ ان ایام فرخی فرجام مین فاضل اجل حافظ باعمل شاعر فصیح بےمثیل محاسب و ریاضی دان کامل صوفی صادق دل سالک مسلک جناب حضرت حافظ الٰہی بخش صاحب عنا المتخلص بہ بسمل رحمۃ اللہ علیہ نور اللہ مرقدہ و جعل مثواہ جنۃ الفردوس نے یہ کتاب مستطاب المسمی بہ غنچۂ نور ابنای روزگار کے لیے فیض کا دریا بہایا اور نعت محمدیہ کا تاج اُس کے سر پر اوڑھایا کہ جس کے ہر شعر مین رنگینی نمایان صورت گل ہے اور معنی مین پنہان نغمہ بلبل ہے فی الحقیقت یہ نسخہ ایسا ہی عجیب پر از نکات نادر و غریب ہے کہ فلک دوار جب سے پیدا ہوا ہے ثوابت کی لا انتہا آنکھون سے گھور گھور کے دیکھ رہا ہے پر ابتک اسکا ثانی نظر سے نہین گزرا اور آفتاب و مہتاب ہمہ تن چشم ہوکر رات دن جستجو مین سرگردان ہین لیکن انہون نے بھی اسکا مانند نہ پایا۔ ہر سطر پر اثر اسکی خزینہ اسرار الٰہی ہے اور ہر بیت نظم اوسکی گنجینہ فیضان نامتناہی ہے بلکہ ہر حرف اُسکے ایک رمز توحید آشکار ہے اور ہر نقطہ مرکز محیط انوار ہے

ہر سنگ مین شرارہ ہے تیرے ظہور کا
موسیٰ نہین جو سیر کرون کوہ طور کا

غرض اوسکی خوبی احاطۂ بیان مین کہان آسکتی ہے اور دائرہ تحریر و تقریر مین کب سما سکتی ہے اس پرطرہ یہ کہ وہ شاہد دلربا عزیز المطابع مین حلۂ طبع سے آراستہ اور زیور خوشخطی و گلکاری اور تصحیح سے پیراستہ ہوا حروف اگرچہ زلف پرشکن کیطرح روئے قرطاس پر بل کہا رہے اور داغ مشکین کی صورت چہرۂ قمر پر چہا رہے ہین لیکن روشنی بین السطور کی اُن کے درمیان آشکار ہے۔ جیسے تاریکی شب پر غالب چاند کی بہار ہے۔ مگر یہ سب اکرام الٰہی نے ہمارے کامل عزیز طبع سلیم جناب شیخ عبدالرحیم صاحب عاقل خلف الرشید حضرت بسمل کو عالی ہمتی کا جامہ پہنا کر غنچۂ نور کو شگفتہ نور کر دکہایا اور غنچۂ نور کے نور ہو جانیکا باعث مالک مطبع جناب شیخ منشی رحیم الدین صاحب کاپی نویس میرٹھی کی کوشش کا ثمرہ اور جدّ و جہد کا پہل ہے اور حاصل مشقت و جانفشانی دیوان ہذا جناب شیخ شمس الدین صاحب پریمین متوطن شہر میرٹھ مین خدائے تعالے اونکو سلامت اور اُن کے مطبع کو قایم اور اپنی نوازش و عنایت کے سایہ مین دایم رکہیے آمین۔

قطعہ تاریخ

فضل سے مطبع عزیزی مین پہلی
علم باطن جبکہ یون ظاہر چھپا
سال اسکے اب عمر لکہو یہی
نور آگین نسخۂ نادر چھپا
۱۳۲۴ھ

قطعہ تاریخ چکیدہ خامہ گوہربار جواہر نثار جناب منشی محمد صدیق خان صاحب

پٹواری متخلص صدیق متوطن قصبہ اجراڑہ تحصیل ہاپوڑ ضلع میرٹھ

طبع شد دیوانِ بسمل لاجواب — بہر چشم عاشقان چون شمع طور
قطع کن صدیق فرقِ اختلاف — گفت ہاتف کشورِ نور و ظہور

۱۳۱۵ ہجری

دیگر

خوب بسمل یہ لکھا دیوان عجیب — شانِ مضمون فخر نیکوکار ہے
ہون جدا بے کے عدد صدیق گر — روئے دیوان غنچۂ انوار ہے

۱۸۹۸ عیسوی

قطعہ تاریخ عطیۂ جہان اوستاد حقیقت آگاہ عالیجناب حضرت حکیم صوفی خواجہ محمد اکبر خان اکبر وارثی قلندری چشتی نظامی فخری مجلوی ثم المیرٹھی

کہے خوب بسمل مضامینِ نعت — تڑپتے ہین سُنکر سخندانِ فن
جزا مین عطا باغِ فردوس ہو — رکھے ظلِ الطاف مین ذو المنن
ہی دیوان کو پڑھکر دعا پانچ وقت — ہو سر پر ترے سایۂ پنجتن
صلا ان مرقع غزلیات کا — خدا گلشنِ خلد مین دے وطن

عزیز المطابع ہے ہر دلعزیز ہوا وان سے شایع یہ رشکِ چمن
مضامین جدا ہین زمینین نئی نرالی ادائین انوکھی پھبن
ہین کاغذ پہ سطرین کہ پھولونکی بیل ہین حرفون مین نقطے کہ لعلِ یمن
بلیغ المعانی فصیح الکلام جدید القوافی مذاقِ کہن
ہوا اسکا ہر اہلِ فن قدردان یہ گلدستہ ہے زیب ہر انجمن
گئے اسکے مضمون تا چین و روم مہک اس کی پھیلی خطا و ختن
یہ دیوان ہے تیار اکبر لکھو سن اسکا جداگانہ شیرین سخن

١٣٢٤ ہجری

قطعہ تاریخ عطیہ بلبلِ گلشنِ قدیم مدّاح محبوب غفور الرحیم مصنف دیوان وصف الطافِ عظیم جناب حافظ صوفی عبدالکریم صاحب کریم وارثی قلندری چشتی میرٹھی

خوب ہے دیوان الٰہی بخش کا یا الٰہی دو جہان مین ہو قبول
ہو گیا بسمل سنا جس نے کلام واقعی دیوان ہے یہ جنت کا پھول
کی بہت کوشش رحیم الدین نے یا الٰہی اس کا ثمرہ ہو حصول
دید کی قابل ہین رنگین جدولین خوشنما ہے ٹائیٹل کا عرض و طول
حضرت بسمل تھے وہ شیرین سخن یا وہ گوئی کو سمجھتے تھے فضول

یا الٰہی مرقدِ مرحوم پر — تیری رحمت کا ہمیشہ ہو نزول
بے سرِ دنیا لکھو عبد الکریم — سال اس کا نغمۂ نعتِ رسول

۱۹۰۷ عیسوی

دیگر

دیوان عجب حضرت بسمل نے لکھا ہے — عشاق محمد کے لئے راحتِ جان ہے
چاہت میں نہا ہر فرد بشر اسکی شب و روز — گلدستہ ہے یا غیرتِ گلزارِ جہان ہے
پھر کیون نہ معطر ہو دماغ اہلِ جہان کا — ہر شعر میں خوشبوئے چمن زارِ جنان ہے
سن سنکے کلام ہو گئے سن صوفیِ اکرام — اللہ رے اعجاز کہ تو سحر بیان ہے
کیا نعتِ محمد میں پروئے ہیں مضامین — سینہ ترا گنجینہ ہے یا موتی کی کان ہے
اقلیمِ سخنور میں ترا ہو گیا حصہ — سر پر ترے دامانِ شہنشاہِ زمان ہے
دلچسپ مضامین ہیں تضمینِ غزلیات — انداز نو کہا ہے نئی طبع روان ہے
رنگین ہے کیا غنچۂ نور آپ کا دیوان — ہو کیون نہ کہ محبوب کی توصیف بیان ہے
میدانِ فصاحت میں نہیں خوف و خطر کچھ — اوستاد قلق سر پہ تری سایہ کنان ہے
دلچسپ نہ کیون شعر ہون شاگرد قلق ہو — دل داغ کا پایا ہے تو ہم رنگِ بیان ہے
ارشاد یہ اللہ کا ہوگا سرِ محشر — انعام میں لے خلد برین تیرا مکان ہے
بیٹھا تھا اسی فکر میں ہاتف نے ندا دی — کس واسطے حیران ہے کیون فکر میں جان ہے
لو از سرِ بسم اللہ کریم اب لکھو تاریخ — بسمل یہ کلام آپکا مرغوبِ جہان ہے

۱۳۲۴ ہجری

تقریظ منظوم معہ قطعہ تاریخ طبع دیوان غنچۂ نور من تصنیف تیز فہم سنجیدہ خیال

خوشنویس بےمثال جناب منشی محمد محسن صاحب محسن خوشنویس شہر میرٹھ

کوشش شیخ رحیم الدین سے
ایک مدت سے تھی جسکی شہرت
عاشقی کے نہین قصے قضیے
ہی زبان شستہ و رفتہ ایسی
غزلین نایاب تو بندش ہی چست
ہین وہ پر نور مضامین سارے
غنچۂ نور ہے اک شاہدِ نو
شایقیون کو تلاش اسکی تھی
عاشقانِ نبوی ہے ارزان
وصف کیا اسکے قلم سے ہون رقم
رحمتِ حق رہے بسمل پہ مدام
بخشدے اُن کو الٰہی جنت
تھی یکم ماہِ محرم کی زبس
لکھدو محسن یہ سنینِ ہجری

طبع بسمل کا یہ دیوان ہوا
چھپ گیا اب وہ کلامِ زیبا
اس مین ہے نعتِ نبی سرتا پا
کام بھرتی کا نہین ہے اصلا
گویا ہر مصرع ہے سانچے مین ڈھلا
دیدہ و دل کی جو کرتے ہین جلا
پھر زمانہ نہ ہو کیونکر شیدا
نعت خوانون مین تہا اسکا چرچا
جان بھی گر بیچ کے لو یہہ سودا
جبکہ قاصر ہے زبانِ گویا
دل یہہ بیساختہ دیتا ہے دعا
مدح حضرت کا یہہ ملجاے صلا
چھپ کے دیوان یہ ہوا جب پورا
نعت مین خوب یہ دیوان چھپا
۱۳۲۵ ہجری

دیگر قطعہ تاریخ

مرحبا حضرتِ بسمل کیا خوب
مدح محبوبِ خدا کی وہ رقم
پاک اور صاف انوکھے مضمون
نقد دل دیکے نہ لین کیون اسکو
عیسوی سال یہ لکھہ اے محسن

نعت گوئی کا دکھایا اعجاز
فی الحقیقت ہے جو سرمایۂ ناز
طرفہ بندش تو نرالا انداز
احمدِ پاک کے عاشق جانباز
مدحتِ ختمِ رسل بندہ نواز
۱۹۰۷ عیسوی